بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز جمعرات 18 فروری 2021ء 05 رجب 1442ھ | شمارہ 235 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

سینیٹ کے انتخاب کے موقع پر پیراشوٹر کا لفظ استعمال کیا جارہا ہے، جام کمال

پیراشوٹر کا لفظ پاکستانی سیاست میں ایجاد ہوا ہے عبدالقادر 2014 سے سینیٹ کیلئے کوشش کررہے ہیں، ان کیلئے پیراشوٹر کا لفظ نہیں بولنا چاہئے، یہ تاثر رہا ہے کہ بلوچستان میں سینیٹ کی نشستیں بکتی ہیں

احمد مجتبیٰ ہمارے درمیان موجود ہیں اس سے بڑھ کر یہ خوشی بھی ہے کہ عالمی سطح پر انہوں نے انڈیا کے کھلاڑی کو ناک آوٹ کیا یہ ایک بہت بڑی کامیابی تھی لیکن سب سے زیادہ خوشی اس بات کی ہے کہ احمد مجتبیٰ کا تعلق کوئٹہ اور بلوچستان سے ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ سینیٹ کے انتخاب کے موقع پر پیراشوٹر کا لفظ استعمال کیا جارہا ہے، پیراشوٹر کا لفظ پاکستانی سیاست میں ایجاد ہوا ہے عبدالقادر 2014 سے سینیٹ کیلئے کوشش کررہے ہیں، ان کے لئے پیراشوٹر کا لفظ نہیں بولنا چاہئے، بلوچستان عوامی پارٹی اور پی ٹی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے طلباء کو درپیش مشکلات کا بہت جلد پائیدار حل نکالا جائیگا، گورنر بلوچستان

ہم نوجوان نسل کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ ہم نوجوان نسل کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار رہے ہیں۔ وفاق اور صوبہ پنجاب میں بلوچستان کے طلباء کی اسکالرشپ اور میڈیکل سیٹوں کے حوالے سے درپیش مسائل کے حل کیلئے تمام

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

علاقوں کی ضروریات اور موزویت کے مطابق جامع پلاننگ کی جائیگی، جام کمال

بہتر مانیٹرنگ سے تعلیم، صحت اور مواصلات کا نظام زیادہ موثر اور مربوط ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت اجلاس میں آئندہ مالی سال 2021-22 بجٹ کی تیاری، جغرافیکل انفارمیشن سسٹم (GIS) کے ذریعے کثیرالجہتی ڈیٹا مرتب کرنے، ترقیاتی اسکیمات کی ٹریکنگ اور مونیٹرنگ، پی ایس ڈی پی آٹو میشن اور 105 ترجیحی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی کابینہ نے تنخواہوں میں 25 فیصد اضافے کی منظوری دیدی

انتخابی اصلاحات کمیٹی صدر مملکت کی مشاورت سے الیکٹرنک ووٹنگ مشینوں کی تنصیب کے لئے درکار تمام انتظامی اقدامات اور مراحل کی نشاندہی کرے، وزیراعظم

جبری گمشدگیوں کے معاملے پر پارلیمنٹ میں قانون لانے کے عمل کو تیز کیا جائے، جنسی جرائم کی روک تھام کے حوالے سے قوانین کے اطلاق اور اقدامات کو یقینی بنایا جائے، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد اضافے کی منظوری دیدی جبکہ وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت انتخابی عمل کو مکمل طور پر شفاف بنانے کے لئے پرعزم ہے، انتخابی اصلاحات کمیٹی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال مکس مارشل آرٹس پلیئر احمد مجتبیٰ کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سے مارشل آرٹس چیمپئن احمد مجتبیٰ کی ملاقات

صوبہ بھر میں اس کھیل کے فروغ کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے، جام کمال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے سنگاپور میں مکس مارشل آرٹس چیمپئن شپ مقابلے میں بھارتی حریف کو شکست دینے والے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے مکس مارشل آرٹس کھلاڑی احمد مجتبیٰ نے یہاں وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی۔

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا میں برفانی طوفان اور کڑا کے دار سردی میں 26 افراد ہلاک

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی مختلف ریاستوں میں برفباری، طوفان اور کڑا کے دار سردی میں 26 افراد ہلاک ہوگئے۔ عالمی میڈیا کے مطابق امریکی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین کوئٹہ سے اغواء ہونیوالے 10 سالہ بچے کی جلی ہوئی لاش برآمد

تین روز قبل کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن سے دس سالہ بچے شیر علی کو اغواء کیا گیا تھا، جس کے بعد 3 ملزمان کو گرفتار کیا گیا تھا

ملزمان کی نشاندہی پر فورسز نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے سرانان سے ملزمان کے چوتھے ساتھی راؤ شہزاد کو گرفتار کرکے پل کے نیچے سے دس سالہ بچے کی لاش برآمد کرلی

پشین (روح اللہ کاکڑ) پشین لیویز نے ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ سے اغواء ہونیوالے دس سالہ بچے کی جلی ہوئی لاش سرانان سے برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق تین قبل کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن سے دس سالہ بچے شیر علی کو اغواء کیا گیا تھا، آغواء کار بار بار والدین سے تاوان کا مطالبہ کرتے رہے پولیس نے تین ملزمان افتخار، مہدی اور باقر کو گرفتار کرکے انکی نشاندہی پر کوئٹہ پولیس اور پشین لیویز نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے بدھ کے روز پشین کے قریبی علاقے سرانان سے ملزمان کے چوتھے ساتھی راؤ شہزاد کو گرفتار کرکے پل کے نیچے سے دس سالہ بچے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کیخلاف جنگ صبر وتحمل سے لڑ رہے ہیں، ضیا لانگو

کورونا کی دوسری لہر سے بچاؤ کے لیے کسی حد تک کامیابی حاصل کر چکے ہیں، وزیرداخلہ بلوچستان

خطرہ ابھی ٹلا نہیں اس وبا سے احتیاطی تدابیر اختیار کرکے اس سے چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے، سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ کورونا کی دوسری لہر سے بچاؤ کے لیے کسی حد تک کامیابی حاصل کر چکے ہیں جس کا سب سے بڑا سبب عوام الناس کا حکومت کی جانب سے مرتب کردہ ایس او پیز پر موثر انداز میں عملدرآمد کرنا ہے لیکن خطرہ ابھی ٹلا نہیں اس وبا سے احتیاطی تدابیر اختیار کرکے اس سے چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی آر ایس پی کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت زمرک خان اچکزئی، سابق وفاقی وزیر روشن خورشید

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت نے 30 احتساب عدالتوں کیلئے 300 آسامیوں کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے 30 احتساب عدالتوں کے لیے 300 آسامیوں

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایف بی آر بلوچستان نے سابق چیف جسٹس پاکستان افتخار محمد چوہدری کی اہلیہ سے انکم ٹیکس کی مد میں 15 لاکھ کی ریکوری کرلی

کوئٹہ (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) بلوچستان نے سابق چیف جسٹس پاکستان افتخار محمد چوہدری کی اہلیہ سے انکم

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کھلاڑی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں، بشریٰ رند

صوبے میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہیں، مجتبی احمد نے انڈین کھلاڑی کو شکست دے کر ریکارڈ قائم کیا اور ہمارا سر کو بلند کیا اور ملک وصوبے کا نام دنیا میں روشن کیا، پارلیمانی سیکرٹری

یوم کشمیر کے دن سنگاپور میں منعقد ہونے والے مقابلے میں مکسڈ مارشل آرٹس کے مایہ ناز کھلاڑی MMA مجتبی احمد نے انڈین کھلاڑی راحول راجو کو شکست دے کر ملک وصوبے کا نام روشن کیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری بشریٰ رند نے کہا ہے کہ کھلاڑی ملک کا اثاثہ ہیں۔ ان کو تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے صوبائی حکومت ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے MMA باکسر مجتبی احمد کے ائیرپورٹ پہنچنے پر استقبال کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا یوم کشمیر کے دن سنگاپور میں منعقد ہونے والے مقابلے میں مکسڈ مارشل آرٹس کے مایہ ناز کھلاڑی MMA مجتبی احمد نے انڈین کھلاڑی راحول راجو کو شکست دے کر ملک وصوبے کا نام روشن کیا۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ مجتبی احمد کا تعلق

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم عمران خان 23 فروری سے سری لنکا کا دو روزہ دورہ کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان 23 فروری سے سری لنکا کا دو روزہ دورہ کریں گے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ جام کمال خان سے سینیٹر انوار الحق کاکڑ کی ملاقات

ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں اور سینٹ الیکشن کے حوالے سے تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے ملاقات کی ہے تفصیلات کے مطابق بدھ کو وزیراعلیٰ بلوچستان جام

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اوپن بیلٹ کے مخالفین الیکشن کے بعد روئیں گے، وزیراعظم عمران خان

اوپن بیلٹ سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے کے منتظر ہیں، سپریم کورٹ جو حکم دے گی احترام کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ سینیٹ انتخابات کیلئے ٹکٹ میرٹ پر دیئے ہیں، کارکن میرے فیصلے کا احترام کرتے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، وفاقی محتسب کی گیس حکام کیخلاف بروقت کارروائی

شہری کا غیر قانونی میٹر اتارنے کی تحقیقات کا حکم، ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ کے رہائشی ذیشان رحمان بلوچستان یونیورسٹی کالونی کوئٹہ نے مورخہ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تحریک انصاف، ایم کیو ایم اور جی ڈی اے کے درمیان معاملات طے پا گئے

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف، ایم کیو ایم اور جی ڈی اے کے درمیان معاملات طے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہرنائی کوئلہ کان میں زہریلی گیس کے باعث 4 کانکن جاں بحق

شاہرگ ٹھاکری کوئل مائنز ایریا لیز نمبر 94 کے ایک کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھر جانے سے 4 کانکن جاں بحق ہوگئے

کان کنوں نے اپنی مدد آپ کے تحت لاشوں کو نکالا، کان میں موجود ایک کانکن زخمی بھی ہوا جسے طبی امداد کی فراہمی کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی شاہرگ ٹھاکری کوئل مائنز ایریا لیز نمبر 94 کے ایک کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث دم گھٹنے سے چار کانکن علی شاہ ولد خان قوم صواتی عمر 18 سال ساکنہ خیبرپشتونخواہ۔ سید محمد ولد جان اکبر قوم صواتی عمر 45۔ سال۔ ضیاء ولد ملرس قوم صواتی عمر 22 سال۔ رشید ولد کشمیر قوم صواتی جبکہ ایک کانکن محمد حاجی ولد سید رازق قوم سواتی ساکن سوات کے پی کے عمر 39 سال زخمی ہوئے لاشوں کو اپنی مدد آپ کے تحت کوئلہ کان سے نکال لیا گیا ہے بے ہوش کان کن کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالات میں کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔

اوتھل میں دھند کے باعث مسافر بس ٹرک اور ٹرک میں تصادم

12 مسافر شدید زخمی، زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کردیا گیا

اوتھل (این این آئی) اوتھل میں دھند کے باعث مسافر بس ٹرک اور ٹرک میں تصادم، 12 مسافر شدید زخمی، زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کردیا گیا، تفصیلات کے مطابق بدھ کی صبح لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل سے کراچی جانے والی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاپتا افراد کے اہل خانہ کو بتادیں کہ ان کے پیارے زندہ ہیں یا مر گئے ہیں، مریم نواز

پہلے انسان کی باتیں، بہت بڑی بڑی ہوتی ہیں، جب اقتدار مل جاتا ہے تو اس کی ترجیحات بدل جاتی ہیں اور مجبوریاں سامنے آجاتی ہیں

جب کمیشن کی فائنڈنگ پر عمل ہی نہیں ہونا تو پھر کمیشن بنانے کا کیا فائدہ، کم از کم مظلوموں کے زخموں پر نمک مت چھڑکیں، لاپتہ افراد کے اہل خانہ سے ملاقات کے بعد گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ملک کے اداروں کی مجبوریاں ہوسکتی ہیں، خدا کے واسطے لاپتا افراد کے اہلِ خانہ کو یہ بتادیں کہ ان کے پیارے زندہ ہیں یا مر گئے، پہلے انسان کی باتیں بہت بڑی بڑی ہوتی ہیں، جب اقتدار مل جاتا ہے تو اس کی ترجیحات بدل جاتی ہیں اور مجبوریاں سامنے آجاتی ہیں، جب کمیشن کی فائنڈنگ پر عمل ہی نہیں ہونا تو پھر کمیشن بنانے کا کیا فائدہ، کم از کم مظلوموں کے زخموں پر نمک مت چھڑکیں۔ بدھ کو اسلام آباد کے ڈی چوک پر لاپتا افراد کے اہلِ خانہ سے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں سڑکوں کی تعمیر کے حکومتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سڑکوں کی تعمیر کے حکومتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے اندرون

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی خاتون محتسب صابرہ اسلام کا ہیلپر آئی ہسپتال کا دورہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی خاتون محتسب صابرہ اسلام نے ہیلپر آئی ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ایک خاتون ملازمہ کی شکایت کے بابت انکوا

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی آبادی قلیل مگر منتشر ہے، گورنر بلوچستان

عوام میں حقوق وفرائض کے احساس کو اجاگر کرنے اور عدل وانصاف تک رسائی کو ممکن بنانے میں وکلاء برادری کا کلیدی کردار ہے

صوبے کے دور افتادہ اضلاع میں عوام کو ترجیحی بنیادوں پر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدہ کاوشیں کررہی ہے، کامران مرتضی ایڈووکیٹ کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ عوام میں حقوق وفرائض کے احساس کو اجاگر کرنے اور عدل وانصاف تک رسائی کو ممکن بنانے میں وکلاء برادری کا کلیدی کردار ہے۔ گورنر نے صوبہ کے معتدل اور روشن فکر افراد پر زور دیا کہ وہ معاشرے میں جمہوری رویوں، اختلاف رائے کا احترام اور انسانی عظمت کو اجاگر کرنے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سابق سینئر ایڈووکیٹ کامران مرتضی کی قیادت میں ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پارلیمانی سیکریٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند میڈیا سے بات چیت کررہی ہیں

انسانی بقا کے لیے زراعت بنیادی ضرورت ہے، وزیراعظم

20 سے زائد ممالک غذائی حوالے سے خطرے میں ہیں، اولین پائیدار ترجیح غربت اور غذائی قلت کا خاتمہ ہے، عمران خان

دور دراز علاقوں میں انٹرنیٹ اور براڈ بینڈ کی فراہمی کو یقینی بنانا عالمی سطح پر سپلائی چین کو مستحکم کرنے کے لیے اہم ہوگا، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے بین الاقوامی زرعی ترقیاتی فنڈ سے کہا ہے کہ انسانی بقا کیلئے زراعت بنیادی ضرورت ہے، 20 سے زائد

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزراء سینیٹر زاور اراکین اسمبلی ملاقات کررہے ہیں

گنداواہ شہر کی آبادی چار گناہ بڑھ چکی ہے، بابو ذوالفقار علی

دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے شہر بھر کی صفائی ستھرائی کا کام جاری ہے

گنداواہ (نمائندہ امروز) سی گنداواہ کے سینئر اکاونٹ بابو ذوالفقار علی لاشاری نے کہا ہے کہ گنداواہ میں صفائی ستھرائی کے ساتھ دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہیں گنداواہ شہر کی آبادی چار گناہ بڑھ چکی ہے دستیاب وسائل میں

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت کا بجلی بنانے والی نجی کمپنیوں کو 403 ارب روپے جاری کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے بجلی بنانے والی نجی کمپنیوں (آئی پی پیز) کو 403 ارب روپے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

افغان مسعود فاؤنڈیشن کے سربراہ کی اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے ملاقات

افغانستان میں سیاسی حل کے ذریعہ امن کا قیام اور خوشحالی ناگزیر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ افغانستان میں امن اور خوشحالی کے لیے افغان مسئلے کا سیاسی حل ناگزیر ہے، افغانستان

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ الیکشن، اسلام آباد میں کچھ لوگ نوٹوں سے بھرے بیگ لیکر بیٹھے ہیں، اٹارنی جنرل

اس بار ادائیگیوں کا طریقہ بدل چکا، دبئی میں بھی ادائیگیاں ہورہی ہیں، خالد جاوید کا سپریم کورٹ میں انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں اٹارنی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن یوسف رضا گیلانی کے اعتراض پر قہقہوں سے گونج اٹھا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایس ایچ او تھانہ ٹیکسلا گل تاج پر لیڈی پولیس اہلکار کو تھانے میں ہراساں کرنیکا الزام ثابت

سی پی او احسن یونس نے محکمانہ انکوائری کے نتائج کی روشنی میں سب انسپکٹر گل تاج کو نوکری سے جبری ریٹائر کردیا

راولپنڈی (این این آئی) سابق ایس ایچ او تھانہ ٹیکسلا گل تاج پر لیڈی پولیس اہلکار کو تھانے میں ہراساں کرنے کا الزام ثابت ہوگیا۔ سی پی او احسن

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران کو صرف فوجی کارروائی کی دھمکی سے ہی مذاکرات پر لایا جاسکتا ہے، اسرائیل

ایران سے جوہری معاہدے میں جو بائیڈن انتظامیہ کی ممکنہ شمولیت پر وائٹ ہاؤس سے کسی قسم کی بات چیت نہیں کی جائیگی

واشنگٹن (این این آئی) اسرائیل نے کہا ہے کہ صرف فوجی کارروائی کی دھمکی کے ذریعے ہی ایران کو سنجیدہ مذاکرات پر لایا جاسکتا ہے۔ عالمی میڈیا

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خورشید شاہ اور احد چیمہ کی ضمانت کے کیسز ڈی لسٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شاہد خاقان عباسی، پرویز اشرف نہ ہوتے تو میرے کاغذات مسترد ہوجاتے، یوسف رضا گیلانی

یوسف رضا گیلانی کے امیدوار بننے کے بعد ان کے پسینے چھوٹ گئے ہیں، راجہ پرویز اشرف کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم اور

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بدین، جعلی ڈگری جمع کرانے پر سابق سینیٹر کو 2 سال قید کی سزا، عدالت سے گرفتار

بدین (این این آئی) عدالت نے جعلی ڈگری جمع

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مریم کا بیان توہین عدالت، انہیں اپنی مرضی کے جج چاہئیں، سینیٹر فیصل جاوید

عمران خان پر بے بنیاد کیس بنا مگر انہوں نے ایک سال تک عدالتوں کا سامنا کیا اور اپنی کمائی کا چالیس سال پرانا حساب دیا اور سرخرو ہوئے

پی ڈی ایم کا کوئی مستقبل نہیں، ان کا ماضی ہی ماضی ہے، ویڈیوز لیک ہونے کے بعد کچھ لوگ بیگز تھامے پیسے پہنچانے کے نت نئے طریقے ڈھونڈ رہے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ گزشتہ روز مریم نواز کا دیا گیا بیان توہین عدالت ہے، پی ڈی ایم کا کوئی مستقبل نہیں، ان کا ماضی ہی ماضی ہے۔ ویڈیوز لیک ہونے کے بعد کچھ لوگ پیسوں کے بیگز تھامے لوگوں کے ضمیر خریدنے کے نئے طریقے ڈھونڈ رہے ہیں۔ عمران خان ہارس ٹریڈنگ کے خلاف ہیں جبکہ اپوزیشن سینیٹ انتخابات میں

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، مریم نواز لاپتہ افراد کے لواحقین سے اظہار یکجہتی کررہی ہیں

وزیرداخلہ سے گمشدہ افراد کے لواحقین کی ملاقات

وزارت قانون گمشدہ افراد کے حوالے سے قانونی پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہے، شیخ رشید احمد

گمشدہ افراد کی جلد سے جلد بازیابی کے لئے تمام حکومتی وسائل استعمال کریں گے، لواحقین کو یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیرداخلہ شیخ رشید احمد سے گمشدہ افراد کے لواحقین نے ملاقات کی جس میں وزیر داخلہ سے گمشدہ افراد کو بازیاب کرانے کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ وزیرداخلہ نے گمشدہ افراد کے لواحقین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا اور کہا کہ یہ ایک انسانی معاملہ ہے۔ ہم اس کو انتہائی سنجیدگی سے لے رہے ہیں۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ گمشدہ افراد کی بازیابی کے لئے تمام ادارے عملی اقدامات کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی کوششوں سے بہت سے گمشدہ افراد کو بازیاب بھی کرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس-43 سانگھڑ اور پی ایس-88 ملیر کے ضمنی انتخاب میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدواران کی کامیابی حلقوں کے عوام کی کامیابی ہے، مرکز میں اپوزیشن اتحاد کا حصہ ہوتے ہوئے بھی پیپلز پارٹی کو عوام کی بھاری اکثریت کی حمایت حاصل ہے عوام کو معلوم ہے کہ پیپلز پارٹی ہی غریبوں اور بے سہارا لوگوں کی جماعت ہے ملیر اور سانگھڑ کے ضمنی الیکشن میں پیپلز پارٹی کی جیت عوام کے اعتماد کا مظہر اور کارکنان کی محنت کا ثمر ہے، :ہمیں امید ہے کہ نو منتخب ارکان اسمبلی پارٹی پروگرام کو فروغ دینگے اور عوامی خدمت کے سلسلے کو جاری رکھیں گے، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ملک کے غریب عوام کی خدمت اور ان کے مفادات کی حفاظت کے مشن پر سختی سے کاربند ہے اور رہے گی، سلیکٹڈ حکمرانوں و انکے حواریوں کی لاکھ کوششوں کے باوجود ملیر اور سانگھڑ کے عوام نے اپنا مینڈیٹ چوری ہونے نہیں دیا، انہوں نے کہا کہ ضمنی انتخابات کے بعد سینیٹ انتخابات میں بھی حکومت کو شکست فاش کا سامنا کرنا پڑیگا۔

بقیہ 2

کے ٹیکسز سے تعمیر ہونے والے منصوبوں پر کوئی کمپرومائز نہیں کریں گے کام کی شفافیت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ مراد جمالی میں وومن ورکنگ ہاسٹل اور پاپولیشن ویلفیئر آفس کے زیر تعمیر کام کے جائزے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا

بقیہ 11

شہید کنڈاو تھانہ مایار کے قریب انٹیلی جنس بیس آپریشن کے دوران کامیاب کاروائی کرتے ہوئے دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنادیا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائی میں کالعدم تنظیم داعش کے 3 دہشت گرد گرفتار ہوئے، جن کی شناخت عبدالرحمان ولد عبدالخالق ساکن مسلم آباد جبگئی لعل قلعہ دیر لوئر، عزیز النبی ولد مختیار النبی ساکن باڈوان دربار دیر لوئر، اور فضل قاسم ولد فضل الرحمان ساکن گل مقام چکدرہ دیر لوئر سے ہوئی۔ گرفتار دہشت گردوں کے قبضے سے تین ہینڈ گرینڈز، دو عدد پستول 30 بور بمعہ 10 عدد کارتوس، 02 کلو 520 گرام بارود، 08 عدد ڈیٹونیٹرز، برائما کارڈ 14 فٹ، 03 عدد RPG7 کے گولے برآمد ہوئے۔ گرفتار دہشت گردوں کے خلاف انسداد دہشت گردی ایکٹ سال 1997 کے تحت دہشت گردی کا مقدمہ درج کر کے ماہر تفتیش ٹیم مقرر کی گئی ہے جبکہ دوسری کاروائی میں بدوران انٹیلی جنس بیس آپریشن سی ٹی ڈی مالاکنڈ ریجن کو دہشت گردی کے 02 مقدمات میں مطلوب مجرم اشتہاری خان ولد گل شہزاد ساکن کالام ضلع سوات کو حسب ضابطہ گرفتار کرلیا گیا اور اسی طرح تھانہ ضلع سوات کے دہشت گردی کے مقدمہ میں مطلوبہ مجرم اشتہاری محمد شعیب ولد کاکی ساکن سمبٹ چم مٹہ سوات کو بھی حسب ضابطہ گرفتار کرلیا گیا ہے۔ مزید قانونی کاروائی شروع کردی گئی۔

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer B P P & H Department District Kohlu intends to carry out the following Provincial Public Sector Development works and invites sealed tenders based on composite schedule of rates 2018 GoB from the PEC Registered Government Contractors having category C – 5 and above. Earnest Money 2% of Estimated Cost, Tender fee Rs.2000 and Time Limit December 2021 for the work.

S#	Name of Schemes	E/Cost
1	Completion of Remaining works Girls Collage Kohlu PSDP # 1466 Z2020.0650. ***TS181845E***	44,337,949/=

The Procurement shall be carried out in accordance with the BPPRA rules 2014 and Amended 2019. The BOQ and tender documents may also be downloaded from the BPPRA website from their respective TS E No. Mentioned above. ***ELIGIBILITY OF CONTRACTORS:*** Firms/contractors (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in constructor's Category C-5 or above with Specialization Only firms/contractors with PEC certificates renewed for the current year will be considered for bidding. Valid registration certificate of PEC in the relevant category and having following Specialization Codes: CE 01, CE 10 Valid registration certificates from Income Tax Authority (NTN) and BST from Balochistan Revenue Authority (BRA). The firm/ Contractor either blacklisted nor involved in any Litigation / Arbitration (Attach all certificates and the affidavit (on non-judicial stamp paper) of not blacklisting not involved in any litigation / arbitration). Valid registration certificates from Income Tax Authority (NTN) and BST from Balochistan Revenue Authority (BRA). In case the bidders not fulfill the above requirements, their financial proposals will not be taken into account. ***METHOD OF PROCUREMENT:*** Single Stage Single envelop procedure will be adopted for this procurement. ***PURCHASING OF SET OF ENGINEER'S ESTIMATE & DRAWINGS:*** The contractors may purchase the set of drawings and copy of estimates at the cost of RS: 2,000/= per set of the contract for appraisal and scope of work. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS ISSUANCE:*** The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of Rs: Mentioned above (NON REFUNDABLE) deposited in the head of account C02716 thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), under TSE Nos. given against each package above from the date of publication of this invitation in newspapers till to the last date of submission i.e ***04.03.2021*** until 12:00 pm. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS OPEING:*** The tenders will be opened on ***04.03.2021*** at 01:00 P.M. before the procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives who may wish to be present. ***DEADLINE OF SUBMISSION:*** Technical & Financial proposals from intending contractors/firms sealed in two (2) separate envelope clearly marked with work title and type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on before ***04th March 2021*** at 12:00 Hrs. SUBMISSION OF EARNEST MONEY: Earnest money 2% of estimated cost in shape of call deposit to be produced from any scheduled bank as mentioned against the contract will be enclosed with the bidding documents. ***TERMS & CONDITIONS:*** Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action. ***PLACE OF OPENING TENDERS:*** The place of issuance and opening of tenders and inquiries about the tender viz. site of work and scope of work shall be at the following address. Office address. Executive Engineer B P P & H Department District Kohlu. Land Line #0829-667320. E-mail: executiveengineerbuildingkohlu@gmail.com

Executive Engineer,
B P P & H Department,
District Kohlu.

PRQ No.2263/17.02.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز جمعرات 18 فروری 2021ء

طالبان کا امریکی عوام کے نام کھلا خط، افغان تنازع کے سیاسی حل کا عزم

کابل (این این آئی) طالبان نے امریکی عوام کے نام لکھے گئے کھلے خط میں اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ دوحہ معاہدے، افغان تنازع کے سیاسی حل اور انسانی حقوق کی پاسداری کے اپنے وعدوں پر قائم ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق طالبان کے سیاسی دفتر کے سربراہ کی جانب سے یہ خط ترجمان ڈاکٹر محمد نعیم کی جانب سے ٹوئٹر اور طالبان تحریک کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیا گیا۔طالبان کی جانب سے یہ خط ایسے وقت میں لکھا گیا جب امریکہ کی نئی انتظامیہ نے سابقہ دور میں طالبان کے ساتھ گزشتہ سال طے پانے والے دوحہ امن معاہدے پر نظرِ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں 100 افراد کی ہلاکت کے ذمہ دار جرمنی کو یورپی عدالت نے بری کر دیا

جرمن کرنل نے میرے بیٹوں کو زندہ رہنے کے حق سے محروم رکھا، اس مقدمے میں افغان والد نے جرمنی پر ہرجانے کی رقم کا دعویٰ بھی کیا تھا، جرمن کرنل جنیوا کنونشن کی خلاف ورزی کے مرتکب نہیں ہوئے، جج

افغانستان کے صوبے قندوز میں جرمن ایئربیس کے نزدیک دو چوری شدہ آئل ٹینکر ملے تھے جس کے نزدیک تیل جمع کرنے کیلئے شہریوں کا ہجوم موجود تھا اور کرنل جارج کلین نے امریکی کمانڈرز کو ٹینکرز اڑانے کا حکم دیا تھا

برلن (این این آئی) یورپی عدالت برائے انسانی حقوق نے افغانستان میں جرمن کرنل کے حکم پر فضائی حملے کے نتیجے میں 100 افراد کی ہلاکت کے مقدمے میں جرمنی کو بری کر دیا۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق یورپی عدالت برائے انسانی حقوق نے جرمن کرنل جارج کلین کے حکم پر ہونیوالی بمباری کے نتیجے میں 100 سے زائد شہریوں کی ہلاکت کے مقدمے میں جرمنی کے حق میں فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ قندوز حملے میں جرمنی نے انسانی حقوق کے جنیوا کنونشن کی خلاف ورزی کی مرتکب نہیں ہوئی۔یہ مقدمہ جرمنی کے خلاف 4 ستمبر 2009 کو ہونے والے اس حملے میں جاں بحق دو بھائیوں کے افغان والد محمد حنان نے دائر کیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ جرمن کرنل نے میرے بیٹوں کو زندہ رہنے کے حق سے محروم رکھا، اس مقدمے میں افغان والد نے جرمنی پر ہرجانے کی رقم کا دعویٰ بھی کیا تھا۔یاد رہے کہ افغانستان کے صوبے قندوز میں جرمن ایئربیس کے نزدیک دو چوری شدہ آئل ٹینکر ملے تھے جس کے نزدیک تیل جمع کرنے کیلئے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹی ٹو مہم، سابق بھارتی وزیر جنسی ہراسانی کا مقدمہ ہار گئے

عدالت نے سابق وزیر ایم جے کیخلاف سناتے ہوئے الزام لگانے والی خاتون صحافی کو مقدمے سے بری کر دیا

شرمناک بات ہے خاتون کو جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کیخلاف آواز بلند کرنے پر بدنام کیا جا رہا ہے، جج

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی کی عدالت نے جنسی ہراسانی کے ہتک عزت کا کیس فیصلہ سابق مملکتی وفاقی وزیر مبشر جاوید (ایم جے) اکبر کیخلاف سناتے ہوئے ان پر الزام لگانے والی خاتون صحافی کو مقدمے سے بری کر دیا۔ایم جے اکبر نے 15 اکتوبر 2018 کو صحافی پریا رامانی پر جنسی ہراسانی کے جھوٹے الزامات لگانے پر ہتک عزت کے کریمنل مقدمہ دائر کر دیا تھا۔دیگر ممالک کے مقابلے بھارت میں لوگوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ہتک عزت کے تحت فوجداری مقدمہ بھی دائر کریں۔ایم جے اکبر نے پریا رامانی پر مقدمہ دائر

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، اوتھل میں حادثے کا شکار بس جائے حادثہ پر کھڑی ہے

مقبوضہ کشمیر میں انسانیت سسک سسک کر دم توڑ رہی ہے، صدر آزاد کشمیر

اقوام متحدہ کی خاموشی سے ایسا لگتا ہے کہ یہ عالمی ادارہ اپنی جگہ پر موجود ہی نہیں ہے یا نا انصافی پر بولنے سے قاصر ہے

اقوام متحدہ طاقتور ممالک سے اپنے فنڈز بند ہونے کے ڈر سے ان ممالک کی پالیسیوں کے خلاف بات کرنے کے لیے تیار نہیں

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ کشمیریوں سمیت دنیا کی مظلوم قومیں اپنے حقوق کی بحالی کے لیے اقوام متحدہ کی طرف دیکھ رہی ہیں لیکن ایسا محسوس ہوتا ہے کہ عالمی ادارہ اپنی جگہ پر موجود ہی نہیں۔عالمی نظام کے محافظ انسانی حقوق کے تحفظ سے چشم پوشی کر رہے ہیں یا انسانی حقوق کو پامال کرنے والے ملکوں اور ریاستوں سے اپنے مفادات کی خاطر نرم رویا اختیار کیے ہوئے ہیں جو ان کے دوہرے معیار کو بے نقاب کر رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے افواج پاکستان کے میگزین ہلال کے انگریزی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دنیا بھر میں کورونا سے 24 لاکھ ہلاکتیں

11 کروڑ افراد متاثر، کورونا کے 8 کروڑ 48 لاکھ 48 ہزار سے زائد مریض صحتیاب ہو چکے اور 2 کروڑ 27 لاکھ 55 ہزار سے زائد زیر علاج ہیں، رپورٹ

روس میں 40 لاکھ 99 ہزار سے زائد افراد کورونا وائرس سے متاثر ہو چکے ہیں اور اموات کی مجموعی تعداد 80 ہزار 979 ہے، برطانیہ میں 40 لاکھ 58 ہزار سے زائد افراد متاثر ہیں

نیویارک (این این آئی) دنیا بھر میں کورونا کیسز کی تعداد 11 کروڑ 32 ہزار سے تجاوز کر گئی جبکہ 24 لاکھ 29 ہزار 707 افراد جان کی بازی ہار گئے ہیں۔دنیا میں کورونا کے 8 کروڑ 48 لاکھ 48 ہزار سے زائد مریض صحتیاب ہو چکے اور 2 کروڑ 27 لاکھ 55 ہزار سے زائد زیر علاج ہیں۔امریکی ٹی وی کے مطابق امریکہ میں کورونا کی صورتحال سب سے خوفناک ہے جہاں 4 لاکھ 99 ہزار 991 اموات ہو چکی ہیں اور 2 کروڑ 83 لاکھ 81 ہزار سے زائد افراد متاثر ہیں۔بھارت کورونا کیسز کے اعتبار سے دنیا میں دوسرے نمبر پر ہے جہاں اموات کی تعداد ایک لاکھ 55 ہزار 949 اور ایک کروڑ 9 لاکھ 37 ہزار سے زائد افراد میں وائرس کی تشخیص ہو چکی ہے۔برازیل میں کورونا سے ہونے والی اموات کی مجموعی تعداد 2 لاکھ 40 ہزار 983 اور 99 لاکھ 21 ہزار سے زائد افراد متاثر ہیں۔روس میں 40 لاکھ 99 ہزار سے زائد افراد کورونا وائرس سے متاثر ہو چکے ہیں اور اموات کی مجموعی تعداد 0 8 ہزار

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال مکس مارشل آرٹس کھلاڑی احمد مجتبیٰ کو لکڑی کی کشتی کا ماڈل دے رہے ہیں

میانمار میں بھکشوؤں کا مارچ، فوجی حکومت کے خاتمے کا مطالبہ

ینگون (این این آئی) میانمار میں نظر بند لیڈر آنگ سان سوچی کی رہائی اور فوجی جرنیلوں کے خلاف جاری مہم میں شامل ہونے والے بودھ بھکشوؤں کے ایک گروپ نے میانمار کی فوج کے خلاف مارچ کیا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مناسب وقت آنے تک افغانستان سے فوج نہیں نکالیں گے، نیٹو چیف

افغانستان میں ہماری موجودگی مشروط ہے اور کوئی بھی اتحادی ضرورت سے زیادہ وہاں رہنا نہیں چاہتا، گفتگو

برسلز (این این آئی) مغربی ملکوں کے عسکری اتحاد (نیٹو) کے سیکرٹری جنرل جینز اسٹولٹن برگ نے کہا ہے کہ مناسب وقت آنے سے قبل افغانستان سے فوج کا انخلا نہیں کیا جائے گا۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیٹو چیف نے خبردار کیا کہ غیر ملکی افواج کے مکمل انخلا کے بعد افغانستان عالمی دہشت گرد تنظیموں کا محفوظ ٹھکانہ بن سکتا ہے۔انہوں نے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

غزہ کو کرونا ویکسین کی فراہمی کے لیے اسرائیل پر دباؤ ڈالنے کا مطالبہ

مقبوضہ غزہ (این این آئی) فلسطین کے علاقے غزہ کی پٹی کی مزاحمتی قوتوں نے جاری ایک بیان میں عالمی برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ غزہ کی پٹی میں کرونا ویکسین پہنچانے کے لیے اسرائیل پر دباؤ ڈالے تا کہ اسرائیل غزہ کو ویکسین کی فراہمی میں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سیاسی مسائل کے لیے سیاسی حل کی ضرورت ہے، پاکستان کی اقوام متحدہ میں بریفنگ

سلامتی کونسل سمیت بین الاقوامی برادری متعدد دیرینہ تنازع کا سیاسی حل تلاش کرنے میں ناکام رہی ہے، منیر اکرم

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے مسئلہ کشمیر جیسے سیاسی وجوہات رکھنے والے مسائل کے سیاسی حل کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سلامتی کونسل سمیت بین الاقوامی برادری متعدد دیرینہ تنازع کا سیاسی حل تلاش کرنے میں ناکام رہی ہے، جیسے جموں و کشمیر کا تنازع، ہم جن نئے خطرات کا مقابلہ کرتے ہیں ان

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی فوج کی لبنان کی فضائی اور بحری دراندازی جاری

بیروت (این این آئی) لبنان کی مسلح افواج نے بتایا ہے کہ اسرائیلی فوج کی طرف سے لبنان کی فضائی اور بحری حدود کی خلاف ورزیاں بدستور جاری ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق لبنانی فوج کے شعبہ مورل گائیڈنس لیڈرشپ کی طرف سے جاری ایک

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانیہ میں کورونا وائرس کی ایک اور نئی قسم دریافت

کوبی 1525 برطانیہ، امریکا، آسٹریلیا اور ڈنمارک سمیت 10 ممالک میں دریافت کیا گیا، محققین

لندن (این این آئی) برطانیہ میں کورونا وائرس کی ایک اور نئی قسم کو دریافت کیا گیا ہے جس میں ہونے والی میوٹیشنز پریشان کن ثابت ہو سکتی ہیں۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایڈنبرگ یونیورسٹی کے محققین نے اس نئی قسم کو دریافت کیا جس کو بی 1525 کا نام دیا گیا ہے اور اسے جینوم سیکوئنسنگ کی مدد سے برطانیہ، امریکا، آسٹریلیا اور ڈنمارک

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فلسطینی رکن اسمبلی کی گرفتاری پر حماس و فلسطینی پارلیمنٹ کی شدید مذمت

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج کی ایک چھاپہ مار کارروائی میں فلسطینی پارلیمنٹ کے منتخب رکن یاسر

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دھمکیاں دینے والا احسان اللہ احسان فرار کیسے ہوا، ملالہ یوسف زئی

تحریک طالبان پاکستان کے سابق ترجمان نے کئی معصوم افراد اور میرے اوپر حملے کی ذمہ داری قبول کی تھی، بیان

لندن (این این آئی) طالبان کے حملے میں زخمی ہونے والی پاکستانی طالبہ ملالہ یوسف زئی نے کالعدم تحریک طالبان (ٹی ٹی پی) کے سابق ترجمان احسان اللہ احسان کے فرار ہونے پر سوال کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر لوگوں کو دھمکیاں دے رہا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ملالہ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اندرون اور بیرون ملک فلسطینی اداروں کی تشکیل نو کا وقت آ گیا ہے، حماس

فلسطینی قوم کے مستقبل کے فیصلوں میں ہم سب کو شامل ہونا چاہیے، سربراہ سیاسی شعبہ خالد مشعل کا خطاب

اگر قومی پالیسی اور تزویراتی حکمت عملی میں مزاحمت اور آزادی کی جدوجہد شامل نہیں تو فلسطینی قوم کے ہاں ایسے فیصلوں اور پالیسیوں کی کوئی وقعت نہیں

دوحا (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے سیاسی شعبے کے سابق سربراہ خالد مشعل نے کہا ہے کہ اندرون اور بیرون ملک فلسطینی اداروں کی تشکیل نو کا وقت آن پہنچا ہے۔فلسطینی قوم کے مستقبل کے فیصلوں میں ہم سب کو شامل ہونا چاہیے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ممتاز فلسطینی دانشور ڈاکٹر عبدالستار قاسم کی وفات کے بعد ایک تعزیتی تقریب سے ویڈیو کے ذریعے خطاب میں خالد مشعل نے کہا کہ فلسطینی اب بھی آزادی کے لیے لڑ رہے ہیں۔۔ مزاحمت اور جدوجہد ہمارے سفر کی کلید ہے اگر قومی پالیسی اور

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوہلو، ڈویژنل فوریسٹ آفیسر محمد اعظم پودا لگا کر شجر کاری مہم میں حصہ لے رہے ہیں

چین میں منرل واٹر پر مبنی جعلی کورونا ویکسین کا اسکینڈل بے نقاب

جعلی ویکسین کا ایک بیچ بیرون ملک اسمگل کیا گیا تاہم یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ یہ کہاں بھیجی گئیں؟ چینی حکام

بیجنگ (این این آئی) چین میں منرل واٹر اور نمک ملا پانی (نارمل سیلائن) پر مبنی جعلی کورونا ویکسین کا اسکینڈل بے نقاب ہو گیا۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چینی حکام نے جعلی کورونا ویکسین تیار کرنے والے گروہ کے سرغنہ کو حراست میں لے لیا۔اس حوالے سے فراہم کردہ معلومات کے مطابق زیر حراست ملزم کی شناخت کانگ کے نام

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار، اینٹی نارکوٹکس انچارج جاوید بلوچ گرفتار ملزم کو میڈیا کے سامنے پیش کر رہے ہیں

اسرائیلی عدالت کے حکم پر بیت المقدس میں چھ فلسطینی خاندان بے گھر

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) صہیونی ریاست کی نام نہاد مرکزی عدالت کے فیصلے کے تحت مقبوضہ بیت المقدس کے نواحی علاقے الشیخ جراح میں قابض صہیونی فوج نے 6 فلسطینی خاندان ان کے گھروں سے نکال دینے کی تیاری کی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین نے یورپی یونین کیساتھ تجارتی شراکت داری میں امریکا کو پیچھے چھوڑ دیا

2020 کے دوران چین کی جانب سے یورپی بلاک کے ساتھ امریکا کے مقابلے میں زیادہ تجارت کی گئی

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کے اعداد و شمار کی ایجنسی یورو اسٹیٹ نے بتایا ہے کہ چین نے گزشتہ برس یورپی یونین کے ساتھ تجارتی شراکت داری میں امریکا کو پیچھے چھوڑ دیا۔چین اور ای یو بلاک کے درمیان درآمدات و برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یورپی اعداد و شمار کی ایجنسی یورو اسٹیٹ نے بتایا کہ 2020 کے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بیت المقدس میں اسرائیلی فوج کے ہاتھوں فلسطینی شہری کے مکان کی مسماری

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) قابض صہیونی فوج نے مقبوضہ بیت المقدس میں جبل المکبر کے مقام پر ایک چھاپہ مار کارروائی کے دوران ایک فلسطینی شہری کا مکان مسمار کر دیا۔ادھر مسجد اقصیٰ کے جنوبی ٹاؤن سلوان میں راس کبسہ کے مقام پر ایک زیر تعمیر عمارت اور ایک دیوار مسمار کر دی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بیت المقدس

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

آئندہ حج سیزن کے لیے عراق، ایران کے حجاج کو یکجا کرنے کی تجویز

عراق حج کمیشن نے دونوں ملکوں کے حجاج کو یکجا کرنے کے حوالے سے ایران سے بات چیت کی تردید کر دی

تہران/بغداد (این این آئی) عراق میں حج و عمرہ کمیشن کے سرکاری ترجمان حسن فہد الکنانی نے حجاج کو یکجا کرنے کے حوالے سے ایران سے بات چیت کی تردید کر دی، اس سے قبل ایرانی ایجنسی نے بتایا تھا کہ آئندہ حج سیزن کے لیے دونوں ملکوں کے حجاج کو یکجا کرنے کے حوالے سے عراق کے ساتھ بات چیت جاری ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حوثی لیڈرشپ پر زیادہ سے زیادہ دباؤ ڈالنے کا عمل جاری رکھیں گے، امریکا

حوثی ملیشیا پر اقوام متحدہ کی طرف سے عائد کردہ پابندیاں برقرار رہیں گی، امریکی محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے کہ وہ یمن کے ایرانی حمایت یافتہ حوثی رہنماؤں پر دباؤ بڑھانے کے لیے کام کر رہا ہے۔حوثی ملیشیا پر اقوام متحدہ کی طرف سے عائد کردہ پابندیاں برقرار رہیں گی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یمن میں امریکی مندوب تموتھی لینڈر کنگ نے کہا کہ واشنگٹن یمن میں بحران کے حل کے لیے سعودی عرب، یمنی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اربیل ہوائی اڈے پر راکٹ حملے امن تباہ کرنے کی کوشش ہے، عراق

حملے کی تحقیقات کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، نائب وزیر اعلیٰ صوبہ کردستان

بغداد (این این آئی) عراق کے صوبہ کردستان کے نائب وزیر اعلیٰ قوباد طالبانی نے کہا ہے کہ گذشتہ روز صوبائی دارالحکومت اربیل میں قائم بین الاقوامی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، متحدہ لوکل بس ایسوسی ایشن کی جانب سے شہر میں بسوں کی بندش کے خلاف اور بسوں کیلئے اڈہ نہ دینے پر زرغون روڈ پر بسیں کھڑے کر کے مظاہرہ ہو رہا ہے

میانمار میں فوجی بغاوت کیخلاف مظاہرے، سوچی پر دوسرا الزام بھی عائد

فوج نے ایک بار پھر ملک میں جلد انتخابات کے بعد اقتدار منتخب نمائندوں تک منتقل کرنے کی یقین دہانی کرا دی

مظاہرین نے سینٹرل بینک جانیوالے راستے بند کر دیے اور بینک ملازمین کو سول نافرمانی تحریک میں شامل ہونے کی پیشکش کی

ینگون (این این آئی) میانمار میں فوجی بغاوت کے خلاف مظاہرے جاری ہیں اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سڑکوں پر آ گئے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس نے میانمار کی سیاسی تحریک کی سربراہ آن سان سوچی پر دوسرا الزام بھی عائد کر دیا، میانمار فوج نے ایک بار پھر ملک میں جلد انتخابات کے بعد اقتدار منتخب نمائندوں تک منتقل کرنے کی یقین دہانی کرا دی۔میانمار میں سول نافرمانی کی تحریک زور پکڑ رہی ہے، ینگون میں ریلوے ملازمین نے ریلوے ٹریکس پر لیٹ کر احتجاج کیا، جمہوریت کی بحالی کے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عراق میں ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ فوری بند ہونا چاہیے، عالمی ایلچی

عراق کے استحکام کے لیے داعش کے خلاف جنگ جاری رکھنے کی ضرورت ہے، بیان

بغداد (این این آئی) عراق میں اقوام متحدہ کی ایلچی جینن پلاشارٹ نے ملک میں دہشت گردی کی کارروائیوں اور ٹارگٹ کلنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے ان کارروائیوں کو فوری طور پر روکے جانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق عراق میں پیشرفت سے متعلق سلامتی کونسل کے اجلاس کے دوران اقوام متحدہ کی خاتون مندوب

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی فوج کا کریک ڈاؤن، حماس رہنماؤں سمیت 13 فلسطینی گرفتار

گرفتار ہونیوالے شہریوں میں سابق اسیران، فلسطینی پارلیمنٹ کے ارکان اور حماس کے رہنما بھی شامل

رام اللہ میں اسرائیلی فوج کی چھاپہ مار کارروائی کے دوران سلواد جے مقام پر اسرائیلی فوج نے 13 فلسطینیوں کو حراست میں لیا جن میں سے بعض کو رہا کر دیا گیا ہے

غرب اردن (این این آئی) قابض صہیونی فوج نے فلسطین کے مقبوضہ مغربی کنارے کے علاقوں میں گھر گھر تلاشی کی کارروائی کے دوران 13 فلسطینی شہریوں کو حراست میں لے لیا۔گرفتار ہونے والے شہریوں میں سابق اسیران، فلسطینی پارلیمنٹ کے ارکان اور اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے رہنما بھی شامل ہیں۔فلسطینی اسیران میڈیا سینٹر کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ غرب اردن کے شمالی شہر نابلس میں اسرائیلی فوج نے تلاشی کے دوران فلسطینی رکن اسمبلی یاسر منصور اور حماس رہنما عدنان عصفور کو حراست میں لے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فوجی کارروائی کی دھمکی سے ایران کو سنجیدہ مذاکرات پر لایا جا سکتا ہے، اسرائیل

نئی امریکی انتظامیہ جوہری معاہدے پر واپس آ بھی جاتی ہے تو ہم شامل نہیں ہوں گے، اسرائیلی سفیر

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیل نے کہا ہے کہ ایران کے جوہری پروگرام سے نمٹنے کی حکمت عملی کے بارے میں امریکی صدر جو بائیڈن سے بات چیت نہ کرنے کے امکان کا عندیہ دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیل نے تہران پر پابندیاں سخت کرنے اور معتبر فوجی انتباہ پر زور دیا۔امریکا میں متعین اسرائیلی سفیر گیلاد اردان

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شمالی کوریائی ہیکروں کی فائزر ویکسین کا ڈیٹا چرانے کی کوشش

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریائی ہیکروں نے امریکی دوا ساز کمپنی فائزر کے کمپیوٹر نیٹ ورک پر حملہ کر کے کورونا ویکسین کا ڈیٹا چرانے کی کوشش کی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات کمیونسٹ شمالی کوریا کے حریف ملک جنوبی کوریا کے انٹیلیجنس اداروں کی طرف سے بتائی گئی۔شمالی کوریا کے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جرمنی میں سانپ کی دہشت، دس خاندانوں کی اپنے فلیٹوں سے عارضی منتقلی

جس سانپ سے علاقے کے لوگوں میں خوف پیدا ہوا، وہ کیپ کورال قسم کا ایک زہریلا سانپ ہے، حکام

برلن (این این آئی) جرمن شہر کولون میں ایک زہریلے سانپ کی موجودگی نے متعدد افراد میں شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا۔اسی خوف کے باعث دس مختلف اپارٹمنٹس میں رہائش پذیر خاندان وہاں سے عارضی طور پر منتقل ہو گئے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حکام نے بتایا کہ جس سانپ سے علاقے کے لوگوں میں خوف پیدا ہوا، وہ کیپ کورال قسم کا ایک زہریلا سانپ ہے۔ابھی یہ چھوٹی جسامت اور کم عمر کا ہے۔اس سانپ کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔اس مقصد کے لیے خصوصی فائر بریگیڈ کا بیس رکنی عملہ سانپ کو ڈھونڈنے میں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایوانکا ٹرمپ کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل

وائرل ہونے والی تصاویر میں ایوانکا ٹرمپ گھر کی بالکونی میں خوشگوار موڈ کے ساتھ موجود

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی بیٹی ایوانکا ٹرمپ کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی بیٹی ایوانکا ٹرمپ کی مصروف زندگی میں بریک لگ گئی۔سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تصاویر میں ایوانکا ٹرمپ گھر کی بالکونی میں خوشگوار موڈ کے ساتھ موجود ہیں۔39 سالہ ایوانکا ٹرمپ کی تصاویر فلوریڈا کے نئے اپارٹمنٹ میں لی گئی ہیں۔تصاویر میں ایوانکا نے ہرے رنگ کے کپڑے زیب تن کیے ہوئے ہیں جبکہ کالے رنگ کا چشمہ پہن رکھا ہے۔تصاویر میں وہ اپنے نئے گھر کی بالکونی میں ننگے پاں کھڑی ہیں اور اپنی بالکونی میں سورج سے لطف اندوز ہو رہی ہیں۔ایک اور تصویر میں ایوانکا ٹرمپ صوفے پر

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن اسفندیار خان گورنمنٹ گرلز کالج کینٹ، سائنس کالج اور سنڈیمن ہائی اسکول میں پودا لگا کر شجر کاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

امریکی مصنف کو قتل کرنے کے جرم میں پانچ بنگالی مجرموں کو سزائے موت

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیشی عدالت نے بنگلہ دیشی نژاد امریکی مصنف کو قتل کرنے کے جرم میں پانچ افراد کو سزائے موت سنا دی، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اوجیت رائے کے قتل کا مقدمہ بنگلہ دیشی دارالحکومت ڈھاکا کی انسداد دہشت گردی کے خصوصی ٹریبونل میں چلایا جا رہا تھا۔دو مجرموں کو ان کی عدم موجودگی میں سزا سنائی گئی۔اس مقدمے کے سرکاری وکیل یا وکیل استغاثہ غلام سرور

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مکہ معظمہ میں کرونا ویکسین لگانے کی مہم کا آغاز

مرکز میں چھ پوائنٹ پر ایک ہفتہ تک یومیہ چار ہزار افراد کو ویکسین لگائی جائے گی، وزیر صحت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت صحت نے کل منگل کے روز مکہ معظمہ میں کرونا ویکسین کی فراہمی کا آغاز کر دیا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مکہ معظمہ کی العابدین کالونی میں قائم جامعہ ام القریٰ میں ویکسی نیشن سینٹر قائم کیا گیا ہے جس میں ایک روز میں چار ہزار افراد کو کرونا ویکسین دی جا سکتی ہے۔سعودی وزارت صحت کے ترجمان حمد بن فیحان العتیبی نے بتایا کہ جامعہ ام القریٰ میں قائم ویکسینیشن مرکز میں بہ مرحلہ وار ویکسین کی فراہمی کا آغاز کر دیا ہے۔مرکز میں چھ پوائنٹ پر یومیہ چار ہزار افراد کو ویکسین لگائی جائے گی۔اس مرکز میں ویکسین کی فراہمی ایک ہفتے تک جاری رہے گی۔ابتدائی مرحلے میں شام کے اوقات میں اور بعد میں صبح اور شام دو شفٹوں میں اس مرکز میں کرونا ویکسین لگائی جائے گی۔ترجمان کا

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ سمیع اللہ لانگو کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پٹیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل اینگل پلازہ، اینگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا
فون: 2835212 فیکس: 2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

پاک افغان سرحد پر آباد لوگوں کے مسائل کا حل

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کی زیر صدارت چمن پاک افغان بارڈر پر باڑ لگانے سے پیشرفت اور سرحدی ایریا میں سیٹلمنٹ کے مسائل بارے اجلاس میں امن وامان کی صورتحال اور دیہات کی آبادی کے حوالے سے معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ باڑ کا کام مکمل ہونے سے قانونی طور پر سرحد پار آمدورفت میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ جس سے دونوں ممالک کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ 213 کلومیٹر کی باڑ مکمل کی جاچکی۔ 27 کلومیٹر حصہ پر باڑ لگانے کا کام باقی ہے۔ وزیر داخلہ نے ایریا پر تنصیب مکمل ہو چکی ہے۔ وزیر داخلہ نے سیٹلمنٹ کے مسائل کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کے لئے ضلعی انتظامیہ اور بورڈ آف ریونیو کو جلد رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کی۔ بارڈر کے حوالے سے مسائل کا باریک بینی سے جائزہ لیا جارہا ہے۔ چمن سرحد پر آباد لوگوں کا مسئلہ ان کی خواہشات کے مطابق حل کیا جائے گا۔ قبائلی عوام سے مشاورت کر کے مربوط لائحہ عمل تیار کریں گے۔ قبائلی عمائدین کے ساتھ معاملات سول وعسکری قیادت مل کر طے کرے گی۔ باڑ کی تنصیب سے سرحد پار سے دہشت گردی سے منسلک بہت سے واقعات کو روکنے میں مدد ملی ہے۔ باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے، معاشی شراکت داری میں اضافہ اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان رابطے کو تیز کرنے پر توجہ دی جارہی ہے۔

پاک افغان اور ایران سرحدی علاقوں پر رہنے والے باشندوں کے روزگار کا انحصار محدود طور پر اشیاء بارڈر پار لانے اور لے جانے پر ہے۔ کئی دیہات ایسے ہیں، جن کی آبادی دونوں ملکوں کے درمیان منقسم ہے۔ اس سلسلے میں کام ہو رہا ہے۔ باڑ کی تنصیب کی ضرورت دراندازی روکنے کے لئے محسوس کی گئی۔ کیونکہ بھارت اپنی مذموم کارروائیوں کے لئے دیگر ملکوں کی سرزمین کو استعمال کرتا رہا ہے۔ گرفتار ہونے والے بھارتی جاسوس کلبھوشن نے اپنے انکشافات میں دہشت گردوں اور سہولت کاروں کے نیٹ ورک کا اعتراف کیا ہے۔ ہم یہاں یہ تذکرہ ضروری سمجھتے ہیں کہ ماضی میں زیادہ فوکس افغان پناہ گزینوں کو بھی کیا جاتا رہا، لیکن اب یہ بات تسلیم کی جارہی ہے۔ مہاجرین کا بڑا حصہ پرامن افراد پر مبنی ہے۔ اکثریت محنت مزدوری کر کے اپنا گزارہ کر رہی ہے۔ افغانستان میں حالات بہتر ہونے کے بعد لاکھوں مہاجرین واپس بھی جاچکے ہیں، لیکن اب بھی پناہ گزینوں کی تقریباً نصف تعداد پاکستان میں مقیم ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں مشترکہ زبان، ثقافت اور قبائلی تعلق داری کی وجہ سے مہاجرین نے رہائش پزیر ہونے کو ترجیح دی۔ ان پناہ گزینوں کی ایک ایسی نسل بھی ہے۔ جو یہیں پیدا ہوئی، اس نے افغان سرزمین کو دیکھا تک نہیں۔ پاکستانی حکومت نے افغانستان میں قیام امن کے لئے نمایاں کوشش کی ہیں جن کے بہتر اثرات اب سامنے آرہے ہیں۔ تلخ حقیقت یہ ہے کہ بھارت نے پاک افغان تعلقات کے بگاڑ کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ لیکن وقت کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے، اب موجودہ افغان حکومت نے بھی اپنی پالیسیاں تبدیل کی ہیں اور بھارتی مفادات کی بجائے اپنے مفاد کو پیش نظر رکھا ہے۔

سمگلنگ سے ملکی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں، لیکن سمگلنگ اور سرحدی تجارت میں فرق محسوس کیا جانا چاہیے۔ ہم اس بات کے حامی ہیں کہ سرحد پر مارکیٹیں بنا کر قانونی تجارت کو فروغ دیا جائے، تاکہ سرحدی علاقے کے لوگوں کو روزگار کے مواقع بھی مل سکیں۔ اور سمگلنگ کا بھی سدباب ہو سکے۔ سمگلنگ سے قومی خزانہ کو بہت زیادہ نقصانات ہوتے ہیں۔ ہم انسداد سمگلنگ کے حق میں ہیں، لیکن جب تک مارکٹس نہیں بنائی جاتیں۔ لوگوں کو روزگار سے محروم کیا جانا بھی درست طرز عمل نہیں، حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی سمگلنگ پر قابو پانے کے لئے اقدامات شروع کر رکھے ہیں۔ تیل لانے والی گاڑیوں کی وجہ سے کئی حادثات رونما ہو چکے ہیں۔ جن میں متعدد افراد کے جاں بحق جھلس جانے کے واقعات رپورٹ ہوئے، یہ دھندا بند ہونا چاہیے، لیکن بے ضرر اشیاء چھوٹے پیمانے پر لانے کے لئے پرمٹ سسٹم رائج کیا جاسکتا ہے تاکہ لوگ فاقہ کشی کا شکار نہ ہو۔

" استاد عبدالخالق بشر دوست مرحوم

عدنان حسین شالیزئی

ژوب شہر نے جہاں ہر شعبے میں معروف شخصیات کو جنم دیا ہے تو وہیں سیاست کے میدان میں نامور اور قابل ذکر اشخاص کو جنم دینے والی دھرتی بھی ژوب ہی ہے۔ جن میں بلاشبہ سرملا کے نام سے جانے، جانے والے عبدالخالق بشر دوست کا شمار بھی ہوتا ہے۔

عبدالخالق بشر دوست نے سنہ یکم 1957 میں گاؤں یعقوب زء کی آغوش میں آنکھ کھولی۔ گھر، مسجد اور سکول وکالج کے تدریسی وعلمی سفر سے ہوتے ہوئے سال 1978 میں چودہ سالہ عصری تعلیمی سلسلے میں کامیابی حاصل کی۔ آپ کی شخصیت بہ حیثیت استاد، بہ حیثیت سیاسی راہنما اور بہ حیثیت رکن صوبائی اسمبلی اور بہ حیثیت صوبائی وزیر بلدیات کے قابل ذکر کارناموں سے منور ہے۔

عبدالخالق بشر دوست نے گریجویشن کے بعد بہ حیثیت استاد فرائض کی انجام دہی شروع کی اور مسلسل پچیس سال تک درس و تدریس کے شعبے سے منسلک رہے۔ بہ حیثیت استاد آپ کے ہزاروں شاگرد رہے ہیں۔ بہ حیثیت استاد آپ، پرتشدد رویے کے مالک تھے۔ آپ بہ حیثیت استاد کبھی قہار اور کبھی بہار کا نمونہ پیش کرتے تھے۔ آپ نے زیادہ عرصہ ژوب کے ماڈل ہاء سکول میں استاد کی حیثیت سے گزارا۔ آپ غیر حاضری بالکل بھی نہیں کرتے تھے۔ طالب علموں کے غیر اخلاقی اور غیر تعمیری رویوں پر آپ کی قوت برداشت جواب دے دیتی تھی۔ بہ حیثیت استاد آپ نے شہر میں تعلیمی انقلاب برپا کیا تو وہیں ژوب شہر کے نوجوانوں میں سیاسی شعور کی آبیاری بھی کی۔ آپ نے بہ حیثیت استاد نوجوانوں کی بڑی تعداد کو میدان سیاست کا حصہ بنایا۔

عبدالخالق بشر دوست روز اول سے جمعیت علمائے اسلام کے پلیٹ فارم سے سرگرم عمل رہے۔ ژوب شہر میں جمعیت طلباء اسلام اور جمعیت علمائے اسلام کے نظریات و افکار کی آبیاری میں آپ نے بنیادی اور مرکزی کردار ادا کیا۔ سیاسی سرگرمیوں کے دوران آپ نے ہر قسم کی تکالیف جھیلیں۔ جمعیت علمائے اسلام کی مقامی وصوبائی تنظیم میں آپ کی حیثیت اور وقعت کے مطابق آپ کو نہیں نوازا گیا۔ آپ جمعیت علمائے اسلام کو خیر آباد کہنے تک کارکن ہی رہے۔ زندگی کے آخری سالوں میں آپ نے جمعیت علمائے اسلام ف چھوڑ کر مولانا عصمت اللہ کاکڑ کی زیر قیادت جمعیت علمائے اسلام نظریاتی کی داغ بیل ڈالی۔ مذکورہ سیاسی پلیٹ فارم سے آپ حلقہ پی بی 18 ژوب کم شیرانی کے رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے۔ آپ ژوب وریجن کی وہ واحد سیاسی شخصیت ہیں۔ جس کا انتخاباتی مصرف عوام نے برداشت کیا۔ آپ کا انتخاباتی مصرف نہ ہونے کے برابر تھا۔

بہ حیثیت رکن صوبائی اسمبلی اور وزیر بلدیات آپ نے ژوب کم شیرانی کے حلقے کیلئے قابل قدر اور قابل فخر امور سرانجام دیے۔ آپ نے سینکڑوں بے روزگار نوجوانوں کو سرکاری ملازمتیں دلوائیں تو وہیں ترقیاتی کام کر کے عوامی مسائل کے حل میں کلیدی کردار ادا کیا۔ آپ نے کبزء کے علاقے کو بجلی فراہم کی، سکولز منظور کروائے اور واٹر سپلائی کی مد میں کروڑوں کی رقم حقداروں میں خرچ کی۔ اپنی گرجدار، پرجوش اور مدلل انداز بیان سے آپ نے اسمبلی کے فلور پر ژوب کے حقوق پر بات کی تو وہیں حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے اجتماعی مفادات پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ آپ نے ژوب کے عوام کے مفادات کے تحفظ کی خاطر چیف کیسکو پر ہاتھ ڈالا تو وہیں آپ نے مزید کء بار بزور دست و بازو عوامی مفادات کا تحفظ کیا۔ اسی دور میں نظریاتی اور فکری اختلافات پر آپ نے جمعیت علمائے اسلام نظریاتی کو بھی خیر آباد کہہ دیا اور اپنی فکر کے ساتھیوں کے ہمراہ بشر دوست کاروان تنظیم بناء جو آپ کے سانحہ ارتحال تک مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے میں کامیابی سے ہم کنار رہی۔

آپ سے نظریاتی وفکری اختلافات رکھنے کے باوجود آپ کے سیاسی حریف آپ کی متاثر کن، بارعب اور عالمانہ شخصیت کے معترف نظر آتے ہیں۔ آخری عمر میں آپ سڑک حادثے کے باعث چلنے پھرنے سے معذور ہوگئے لیکن آپ نے بدستور عوامی خدمت جاری رکھی۔ بالآخر آپ 28/اکتوبر 2012 کو انتقال فرماگئے۔ آپ کے جنازے میں شہر بھر کے عوام نے شرکت کر کے آپ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

اللہ تعالیٰ آپ کی آخری آرامگاہ کو اپنے نور سے منور کردے اور آپ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا فرمائے۔ آمین ثمہ آمین

اُردو ادب کے بے تاج بادشاہ۔ توصیف احمد صاحب

بلال عباسی

کہیں دنوں سے اردو ادب کے ایک تکئے بیگو دینے والے شہکار ناول رقص سفر پر تبصرہ لکھنے کی کاوش کر رہا تھا۔ مگر زمانے کی جھنجٹ اور بہت سی الجھنوں نے گھیرا ہوا تھا۔ "ہوئی تاخیر تو کچھ باعث تاخیر بھی تھا" تاخیر کے لیئے معذرت سلام قبول ہو....

قدرت مہربان ہو تو آپ جیسا اُبھرتا قیمتی خوبصورت قلمار زمین پر جنم لیتا ہے۔ جو زمین پر ایک ستارہ کی مانند روشنی دیتا ہے۔ وہ ستارہ جو اپنی روشی سے اندھیرے میں گھرے لوگوں کے لیئے اُجالے کا باعث بنتا ہے۔ آپ جیسے لوگوں کی مثال اس موم بتی کی مانند ہے جو خد تقلیف اُٹھا کر دوسروں کو روشنی مہیا کرتی ہے۔ آپ نے جن پہاڑوں کے آغوش اس ناول کو پائے تکمیل کو پہنچایا اور قارعین کو ایک سبق دیا کہ ہمت ہارو" کیونکہ پہاڑوں سے نکلنے والی نہروں نے آج تک راستے میں کسی سے نہیں پوچھا کہ "سمندر کتنا دور ہے"۔ آپ جیسے قلمقار ہماری اس زمین پر فقط چند ہی ہیں جنہیں قدرت نے یہ صلاحیت دی ہے۔

آپ قدرت کی طرف سے بجھا گیا ایک انعامیافتہ تعفہ ہو اب یہ ہم پر انحصار کرتا ہے کہ ہم اس تعفہ کو قبول کرتے ہیں یا پھر دوسرے قلمقاروں کی مانند اسے بھی رد کرتے ہیں۔ آپ نے اس شہکار ناول کو ایک الگ تخئیل کی گہرائی میں جا کر لکھا ہے جن کا براہِ راست رشتہ آپ سے ہے۔ رقص سفر جیسے شہکار ناول نے بہت سے معاشرتی رویوں کو اپنے اندر سمایا ہے۔ آج قلم تھامے ہم بھی اپنے شکستہ ٹوٹے پھوٹے الفاظوں کو "جناب توصیف احمد صاحب" کی تعریف میں باھندنے کی کاوش کر رہے ہیں بلہ میرے الفاظوں سے بھی ان کی تعرف ممکن ہو سکتی ہے میرے جیسے ہزاروں لکھاری بھی بیٹ جائے تو آپ کی تعریف میں پل نہیں باھند سکتے ہیں میری نظر میں آپ جیسی شخصیت "آپ زر سے لکھنے کے قابل ہے"۔ آپ شعر ہونے کے ساتھ ساتھ ادیب بھی ہیں قارعین ایسا سمجھ لے کے یہ ہمارے لیئے "سونے پر سہاگا" جیسے ہیں۔ آپ رنگوں اور عطروں کے ناول نگار ہیں، درد اور غم کے ناول نگار ہیں، پیار اور محبت کے ناول نگار ہیں، تخئیل اور انداز کے ناول نگار ہیں۔ اُردو ادب کا دامن تو پہلے ہی خصوصیت اور بلاغت سے بھرا پڑا ہے اب ناول بھی ان سے خالی نہیں ہے۔ رقص سفر جیسا شہکار ناول تو بلندیوں کو چھوں جانے والا ناول ہے۔ یہ ناول پہاڑ، صحرا، دیہات، قصبہ، شہر اور نیلے فلک پر چاروں طرف سے کالے بادلوں میں برسات کی بوندوں کو جھیلتا ہوا مصنف نے صفحہ قرطاس پر قارعین کی نظر بنایا۔ میں سمجھتا ہوں جیسے "جنگل میں فقط شیر ہی کا راج چلتا ہے اور اب رقص سفر جیسے شہکار ناول کے بعد ادیبوں میں فقط توصیف احمد صاحب کا راج چلے گا"۔ میں تو اس ناول کے بعد مصنف کا مدحوں اور پرستار بن گیا ہوں۔ اب تک میرے مطالعہ کے قریب ترین ناولوں میں سے ایک ناول رقص سفر ہے۔ مطالعہ کے دوران میرا سامنا ایسے درد بھرے الفاظوں سے بھی ہوا کے میں دل برداستہ ہوگیا اور میری آنکھوں کا ضبط ٹوٹ گیا میری آنکھوں سے آبشار کی مانند اشک بہنے لگے۔ اس ناول کا ہر ایک کریکٹر بہت ہی عمدہ انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ میرے نزدیک اس ناول کا ہر کریکٹر ہی بہت اہم ہے لیکن چند ایک کا میرے تبصرے میں ہونا میں لازم سمجھتا ہوں، اب آپ کو اس ناول کی اندرونی سیر کرواتے ہیں۔ "مرکزی کردار سرفروش خان اور چندو کی داستانِ محبت کا ہے۔ لیکن قدرت کو شاید ان کا ایک ہونا پسند نہ تھا اور چندو اپنے رب کو جاملتی ہے"۔ محبت انسان کو آزمائشوں میں جنم دیتی ہے۔ "سرفروش چندو کے قاتلوں کی تلاش میں نکل پڑا رات آدھی گزر چکی تھی جب سرفروش نے چندو کے قاتلوں کے گھر اپنے ہولناک پہاڈی قدم جمائے اور پھر سرفروش کہنا لگا "میری زندگی کی ساری کمائی چندو کی مسکرہٹ تھی۔ اُس کی پلکوں پہ امیدوں نے گھونسلے بنائے تھے۔ جن میں میری یادوں کا ایک پنچھی رہا کرتا تھا۔ غصے سے میری ٹانگیں کانپنے لگیں۔ اس نے دروازے کو لات ماری۔ اُن چاروں کے ہاتھوں سے تاش کے پتے گر گئے۔ وہ پستول تانے اُن پر کھڑا تھا"۔ پھر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ مریم سرفروش سے اپنی محبت کا اظہار کرتی ہے اور ایک روز جب سرفروش اور مریم لان میں کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے تو مریم سرفروش سے کہنے لگی "کیا دیکھ رہے تھے"۔ "چاند" میں نے آہستہ سے کہا وہ مسکرا اٹھی "چاند میں کیا نظر آتا ہے ..." اس نے چاند کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔ "بہت کچھ بی بی جی ..." میں نے کہا۔ "مجھ سے نہیں پوچھو گے، مجھے کیا نظر آتا ہے؟" مریم نے کہا تو میرا دل اچانک سے دھڑک اٹھا۔ "میں جانتا ہوں" میں نے سچ کہا، وہ دیھرے سے مسکرئی، اس کی یہ مسکراہٹ پہلی مرتبہ میرے دل میں بہت اندر تک اتر گئی۔ اس وقت میرا دل چاہ رہا تھا کہ میں اس مسکراہٹ کو ایسے ہی دیکھتا رہوں، ایک جنگ میرے اندر شروع ہو چکی تھی۔

مریم کو دیکھتا ت خوشی محسوس ہوتی، تنہائی میں چندو کا چہرہ مجھ سے گلے شکوے کرتا ہوا محسوس ہوتا۔ چندو کی محبت میرے دل میں کھدی ہوئی تھی، اس کی جگہ کچھ اور لکھنا کیسے ممکن ہو سکتا تھا۔ سردیوں کا موسم اور رات ہلکی ہلکی بارش لگی رہی تھی۔ ایک بارش چندو اور میں نے ایک ساتھ محسوس کی تھی۔ "سرفوں دیکھ کتنی خوبصورت ہوتی ہے بارش بے رنگ ہائے اتنی ٹھنڈی ہے"۔ "آپ کے ناول کے یہ جملے مرے دل کے قریب آٹھہرے ہیں اور میرے دل میں دفن ہو چکے ہیں" اس نے اس وقت جی بھر کر اس کی آنکھوں میں دیکھا تھا، جہاں امیدوں کا ایک طویل ترین صحرا سلگتا صاف دکھائی دے رہا تھا۔ نہیں جانتی تھی کہ یہ چند بوندیں اس وحشت



ناک صحرا کو سیراب نہیں کر پائیں گی۔ مگر اسے بارش کے خالق سے بے حد پیار تھا۔ میں نے بے اختیار ہاتھ آگے بڑھایا... ہتھلی پہ جیسے ہی پہلی بوندگری، ایک ملائم سی ٹھنڈک ہتھلی کے راستے میرے بہت اندر تک اتر تی چلی گئی۔ بوندیں اپنا وجود کھو کر اکٹھی ہوگئی تھی اور اب میری ہتھلی میں لکیروں کے راستے بہہ جانے کی کوشش کر رہی تھی۔ اس نے ایسے ہی ہتھیلی کو ماتھے پر مل دیا۔ یوں لگا جیسے بارش کا سارا وجود سمٹ کر میری پیشانی میں کہیں تم گیا ہو۔ اس نے دائیں طرف بارش کی لپیٹ میں سوتا ہوا پہاڈ دیکھا۔ اور پھر سفید رنگ میں ملبوس چندو کو چھوٹے بڑے پتھروں کو پھلانگتے ہوئے دیکھا۔ اچانک رک کر اس نے مڑ کر دیکھا اور مسکرئی۔ میں نے مریم کی تمام محبت کو سینے میں سمیٹا اور مسکرادیا"۔ کسی پر بروسہ نہیں کرنا چاہیے، کبھی اپنا دوست بھی آستین کا سانپ بنتا ہے۔ انسان کو سانپوں سے ڈر نہیں لگتا انسانوں سے ڈر لگتا ہے کیونکہ سانپ اپنے دفاع کے لیے ڈستا ہے اور انسان اپنے مفاد کے لئے، جیسے سہیل نے سحر ایمان کے ساتھ اپنی بے نام محبت کا ڈنک رچایا۔ "سحر ایمان جودری سجاد کی بیٹی ہے۔ اور سہیل اس کی یونیورسٹی میں پڑھتا ہے۔ دونوں ایک دوسرے سے بہت پیار کرتے ہیں۔ وہ بارہا سہیل سے کہہ چکی تھی کہ اپنے والدین کو اس راشتے کے لیئے بھیجے مگر سہیل ایک ہی بات پر ڈٹا ہوا تھا کہ چودری سجاد کبھی اس رشتے کیلئے نہیں مانے گا۔ کیونکہ ہر لحاظ سے دونوں خاندانوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ سرفروش سحر ایمان کو لیکر ٹیوب ویل کی طرف آ گیا۔ سرفروش نے سہیل کو کہا "تم سحر سے شادی کرنا چاہتے ہو" وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا "تم اپنے گھر والوں کو اس کے گھر بھیجو میں جانتا ہوں وہ تم سے انتہا کی محبت کرتی ہے۔ ایسے ملنے ملانے سے کیا ہوگا"۔ پھر ایک دن سرفروش سہیل کے گاؤں آ گیا۔ سہیل اپنے تین دوستوں کے ہمراہ تھا۔ "آپ یہاں کیسے" آیا تھا سوچا تمہیں سلام کرتا چلوں" اس مروت میں چائے کی دعوت دے ڈالی اور میں نے خوش دلی سے قبل کرلی۔ چائے پینے کے دوران میں نے موبائل نکال کر نمبر ملایا اور چپکے سے جیب کے اوپر ہلکا سا دباؤ ڈال کر، جیب میں پڑے ہوئے دوسرے موبائل کا بٹن دبادیا۔ میں گاڈی میں جا کر بیٹ گیا۔ بجائے چند لمحوں کے، وہ گاڈی میں پانچ منٹ تک اُن کی باتیں سنتا رہا۔ میرے ہاتھوں میں آہستہ آہستہ سختی ابھرتی گئی غصہ آہستہ آہستہ میرے ہوش وحواس چھین رہا تھا۔ پہاڈی خون کیسے برداشت کرتا اس لیئے سیٹ کے نیچے سے پستول نکال کر باہر آ گیا۔ وہ کسی بات پر قہقہہ لگا رہے تھے کہ اس نے آگے بڑھ کر سہیل پر پستول تان لی۔ اس کے دوست اپنی جگہ ساکت ہوگئے"۔ اس کے علاوہ "آخری بوند" اور ہجر پرور" کا مطالعہ کر کے ان پر بھی جلد تبصرہ پیش کروں گا۔ بس آخر میں اتنا ہی کہوں گا کہ یہ گمنامی کی وادیوں میں کھو جانے والے محفظوں کی کہانیوں میں سے ایک کہانی ہے آپ نے رقص سفر جیسا شہکار ناول لکھ کر اُردو ادب کو ایک چمکتا ستارہ بنایا ہے۔ آپ لوگ بھی توصیف احمد صاحب کی کتابوں کا ضرور مطالعہ کرے اور انہیں خراج تحسین دینے پر مجبور ہو جائے۔

نوجوان نسل منشیات کے بعد انٹرنیٹ ایڈکٹ

عابد عمر
جنرل نالج بلوچستان

بلوچستان کے نوجوان نسل منشیات کے بعد انٹرنیٹ ایڈکشن پب جی گیم کے نشہ میں مبتلا ہونے لگی

بلوچستان میں آب ان دنوں کا بھی انتظار کرے کہ مارکیٹوں میں سرعام پب جی گیم کے دوکانے کھول جائیں گے آگر اس غلیظ ترین گیم پر پابندی عائد نہیں کیا گیا تو یقیناً بلوچستان کے نوجوان نسل تعلیمی اداروں سے دوری اختیار کریں گے۔

دن رات پب جی میں لگے رہنے والے ہمارے بچے اور نوجوانوں کو یہ معلوم ہی نہیں کہ یہ بلا صحت انسانی کے لیے کس قدر نقصان دہ ہے

نیز ہر طرح کے ویڈیو گیم کھیلنے والوں کے ہاتھوں میں رعشہ پیدا ہوتا ہے نیز گیم میں برق رفتاری کا مظاہرہ کرنے سے ہڈیوں اور عضلات کا مرض لاحق ہوجاتا ہے ویڈیو گیمز سے آنکھیں بھی متاثر ہوتی ہیں

لیکن ہمارے بچے اور نوجوانوں کو اس کی ذرا بھی فکر نہیں اور نہ ہی والدین کو احساس ذمہ داری ہے والدین کو معلوم ہونا چاہئے کہ پب جی گیم بچوں کی جسمانی اور اخلاقی صحت کیلئے انتہائی مضر ہے نیز ان کی تعلیم وتربیت پر اس کے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں تشدد کا رجحان ان کے اندر اسی قسم کے گیمز کے سبب بڑھتا جا رہا ہے

لہذا والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کے ہاتھ میں ہرگز موبائل فون نہ دیں اور ان کے اندر زیادہ سے زیادہ دینی ودنیوی تعلیم کا شوق پیدا کریں تا کہ وہ اپنے روشن مستقبل کا سامنا کر سکیں اسی طرح ہمارے نوجوان بھائیوں کو بھی چاہیے کہ وہ اس قسم کے فضول ولا یعنی اور مضر صحت گیمز میں اپنی زندگی تباہ وبرباد نہ کریں

میرے محترم بھائیوں! ابھی آپ کو وقت کی قدر و قیمت کا اندازہ نہیں ہے یاد رکھو وقت بڑی قیمتی چیز ہے یہ تلوار کی مانند ہے اگر تم اس کو اچھے کاموں کے ذریعہ نہیں کاٹو گے تو یہ تم کو کاٹ دے گا پب جی کس قدر نقصان دہ گیم ہے جس میں آپ دن و رات اپنے قیمتی وقت کو برباد کرتے ہیں

لہذا آیئے آج ہی اور اسی وقت اس گیم کو اپنے فون سے ختم کیجیے جو آپ کی نیند کا دشمن آپ کے وقت کا دشمن آپ کی صحت کا دشمن آپ کے مستقبل کا دشمن بلکہ آپ کی زندگی کا دشمن ہے

سخاوت کی معراج

اس کا حلیہ بتا رہا تھا وہ کہیں دور سے آیا ہے یقیناً اس کا تعلق مدینہ طیبہ سے نہیں ہوسکتا اپنے ہی پسینے میں شرابور کچھ ڈرا، کچھ سہاسہا سا، چہرے پر پریشانی صاف دکھائی دے رہی تھی مسافر ایک جگہ رکا کچھ لوگ ایک دکان کے آگے کچھ کھا پی رہے تھے اس نے اسلام وعلیکم کہا اور ایک شخص سے پوچھا خلیفہ المسلمین سے ملاقات کہاں پر ہوسکتی ہے؟ آپ کو ان سے کیا کام؟ اس شخص نے سوالات کی بوچھاڑ کردی ابوبکرؓ سے کیوں ملنا چاہتے ہو؟ یہ میں انہیں کو بتاؤں گا مسافر نے تھوک نگلتے ہوئے جواب دیا چلو آپ کی مرضی اس شخص نے نرمی سے کہا لگتا ہے کہیں دور سے آ رہے ہو اس لحاظ سے آپ تو مہمان ہوئے نا اور مہمان تو اللہ کی رحمت ہوتے ہیں وہ مسکراتے ہوئے کہنے لگا اگر آپ پسند کریں تو میں آپ کی کچھ میزبانی کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہوں مسافر بھی مسکرادیا وہ تو یہی چاہتا تھا کچھ کھانے کو مل جائے وہ ملک شام سے سفر کرتا ہوا آیا تھا جیب خالی اور چہرے پر تفکرات۔۔ وہ کچھ سوچنے لگا کہ میزبان کی آواز اس کی سماعت سے ٹکرائی آپ منہ ہاتھ دھولیں پھر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آپ کو ساتھ لئے جاؤں گا مسافر نے اثبات میں سر ہلایا۔ کچھ خاطر مدارت کے بعد میزبان اسے لے کر مسجد نبوی ﷺ آگیا اس نے اشارے سے بتایا کہ وہ ہمارے خلیفہ ہیں۔ مسافر آپؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا کہ آپ امیر بھی ہیں یعنی مالدار بھی ہیں اور امیر بھی یعنی مسلمانوں کے سربراہ بھی ہیں۔ جناب کاروبار میں نقصان ہونے کی وجہ سے میں بہت مقروض ہوگیا ہوں میری مدد فرمائیں آپ مسافر کو اپنے گھر لے گئے مسافر نے دیکھا باہر سے دروازہ بہت خوبصورت تھا لیکن گھر میں مفلسی کے آثار نمایاں تھے کوئی ایک چارپائی بھی نہ تھی کھجور کی چھال کی چٹائیاں بچھی ہوئی تھیں اور وہ بھی پھٹی ہوئی سیدنا صدیق ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے چٹائی پر بٹھایا اندر گئے اور اسے کھجوریں پیش کیں پھر اس سے مخاطب ہوکر کہنے لگے میں آپ کو سچی بات بتاتا ہوں تین دن سے میں نے ایک اناج کا دانہ بھی نہیں کھایا میرا اور میرے اہل خانہ کا کھجوروں پر گزارا ہورہا ہے بیت المال سے جو وظیفہ ملتا ہے اللہ کا شکر ہے گذر بسر ہوجاتی ہے مسافر نے مایوسی سے کہا حضور میں اب پھر کیا کروں میں تو بہت دور سے امید لگا کر آیا تھا۔ سیدنا صدیق ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تبسم فرمایا اور بڑی متانت سے کہا میں تمہیں ایک ایسے شخص کے پاس بھیج دیتا ہوں جو بڑا غنی ہے جس پر اس کا دست شفقت ہوجائے وہ بھی غنی ہوجاتا ہے۔ مسافر کہنے لگا مجھے تو بہت سارے پیسے چاہییں جس سے میرا قرض بھی ادا ہوجائے، گھر والوں کی کفالت بھی اور میں چھوٹا موٹا کاروبار بھی کرلوں میں بڑی امید لے کر آپ کے پاس آیا تھا آپ کی باتیں سن کر میں بہت مایوس ہوگیا ہوں افسوس یہاں تک کی مسافت بے کار گئی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جہاں میں تجھے بھیج رہا ہوں وہ اتنا غنی ہے کہ جس پر اس کا دست شفقت ہوجائے وہ غنی ہوجاتا ہے جہاں تیری سوچ وہاں ختم ہوتی ہے جہاں سے عثمانؓ کی سخاوت شروع ہوتی تو مسافر نے بھی حضرت عثمان غنی کے درجنوں قصے سن رکھے تھے وہ جانتا تھا موصوف نے مدینہ شریف میں 35000 درہم میں میٹھے پانی کا ایک کنواں خرید کر مسلمانوں کیلئے وقف کردیا ہے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام سن کر مسافر کی جان میں جان آئی۔ مسافر کہنے لگا میں آپ کا نام لوں کہ مجھے امیر المومنین نے بھیجا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا شاید اس حوالے کی ضرورت ہی نہ پڑے لور تمہارا کام ہوجائے۔ بس صرف اتنا بتانا کہ میں مقروض ہوں اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نوکر ہوں۔ مسافر کہنے لگا کیا وہ دلیل یا حوالہ نہیں مانگیں گے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا عثمانؓ سخاوت کرتے وقت دلیل یا حوالے نہیں مانگتے عثمان اللہ کی راہ میں دیتے ہوئے تفتیش بھی نہیں کرتا، اور سخاوت کرتے وقت ٹٹولنا عثمان کی عادت نہیں۔ مسافر امید اور مایوسی کی الجھن میں چلا گیا پوچھتے پوچھاتے اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ مطلوبہ دروازے پر دستک دی۔ اندر سے کسی مردکی آواز آرہی تھی وہ سوچنے لگا شاید یہی حضرت عثمان غنی ہوں گے جو "اپنے بچوں کو ڈانٹ رہے تھے کہ کتنے فضول خرچ ہو جو دودھ میں شہد ملا کر پیتے ہوں دودھ میٹھا شہد بھی میٹھا ہوتا ہے ایک چیز استعمال کرلو تم کوئی بیمار تھوڑی ہوں۔ مسافر نے دل ہی دل میں خودکلامی کے سے انداز میں کہا خلیفہ ابوبکرؓ تو اس شخص کے بارے میں بڑی بڑی باتیں بتا رہے تھے لوگوں نے اس کی سخاوت کے قصے مشہور کر رکھے ہیں یہاں تو دودھ اور شہد پر لڑائی ہورہی ہے اور مجھے تو کئی ہزار دینار چاہییں کیا یہ اتنی بڑی رقم دینے کا حوصلہ رکھتا ہے اسی اثناء میں کہ اندر سے دروازہ کھلنے کی آواز آئی مسافر الرٹ ہوگیا مکان سے روشن چہرے والا ایک بارعب شخص نمودار ہوا مسافر نے کہا اسلام علیکم! اس شخص نے بڑی گرم جوشی سے سلام کا جواب دیا اور بڑی لجاجت سے مسافر کو مخاطب ہوکر کہا بھائی معاف کرنا آنے میں ذرا دیر ہوگئی۔ ان کا پہلا جملے نے ہی ان کی شخصیت کے بڑے پن کا اظہار کردیا تھا پھر انہوں نے دروازہ کھول کر مسافر کو اندر آنے کا اشارہ کیا۔ مسافر پر حیرت کے پہاڑ ٹوٹ پڑے جب ایک خادم نے بڑی سی طشتری میں جو چیز پیش کی وہ دودھ ملا شہد تھا ابھی وہ پی کر فارغ بھی نہ ہوا تھا کہ خادم کھجور کا حلوہ لے آیا مسافر کے دل میں خیال آیا یہ بڑا عجیب شخص ہے گھر والوں کے ساتھ جھگڑا کر رہا تھا ایک چیز استعمال کیا کرو میرے لیے تین تین چیزیں آگئی ہیں اس کے دل میں خیال کیا عثمانؓ غنی اتنا بڑا سخی ہوسکتا ہے جتنا خلیفہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا ہے چلو کچھ ہی دیر میں پتہ چل جائے گا کہ ان باتوں میں حقیقت کتنی ہے فسانہ کتنا۔ وہ انہی سوچوں میں لم تھا کہ روشن چہرے والے نے بڑی نرمی اور پنائیت سے پوچھا بھائی کیسے آنا ہوا؟ میرے لائق کوئی حکم کوئی خدمت؟

مسافر نے کہا کہ میں ملک شام کے گاؤں کا رہنے والا آپ کا مسلمان بھائی ہوں اور کاروبار میں خاصا نقصان ہوا جس سے مقروض ہوگیا ہوں گھر میں کھانے کو کچھ نہیں الٹا قرض خواہ تنگ کرتے رہتے ہیں زندگی اجیرن ہوگئی ہے یہ کہتے ہوئے مسافر کی آنکھوں سے پانی چھلک پڑا روشن چہرے والے عثمانؓ غنی نے اٹھ کر مسافر کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور کہا آپ پریشان نہ ہوں اللہ پر بھروسہ رکھیں وہ ضرور آپ کی مدد کرے گا اللہ کی توفیق کے بغیر کوئی کسی کی مدد نہیں کرسکتا جب آپ میرے پاس آئے تھے آپ کی حالت دیکھ کر میں نے اندازہ لگالیا تھا کوئی ضرورت مند آیا ہے یہ نبی پاک ﷺ کے صدقے اللہ کا کرم ہے کہ میں کسی کے کام آؤں۔۔ پھر عثمانؓ غنی نے ایک آواز دی تو ایک غلام سامان سے لدا اونٹ لیکر حاضر ہوا مسافر نے حیرت سے اونٹ اور اس پر لدے سامان کی طرف دیکھا تو اسے یقین نہ آیا وہ دل ہی دل میں حساب لگانے لگا مجھے تین ہزار اشرفیاں مل جائیں تو میرے سارے مسئلے حل ہو سکتے ہیں ابھی میں نے کچھ بتایا نہیں تھا شاید یہ میری ضرورت سے بھی زائد ہوگا کیا حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دلوں کا حال جانتے ہیں۔ روشن چہرے والے نے کہا "اس اونٹ پر تیرے اور تیرے گھر والوں کے لئے میں نے کچھ کھانے پینے کا سامان، کپڑے اور 6000 اشرفیاں رکھوا دی ہیں اور تو پیدل آیا تھا اب اونٹ لے کر جانا" مسافر نے انتہائی تشکر سے عثمانؓ غنی کو دیکھا بھرائی ہوئی آواز میں کہا حضور میں اتنی دور شام سے یہ اونٹ انہیں واپس کرنے کیسے آؤں گا۔ روشن چہرے والے حضرت عثمان فرمانے لگے میں نے یہ اونٹ واپس کرنے کے لئے دیا ہی نہیں یہ تحفہ سمجھ کر قبول کرلے مسافر زمین پر بیٹھ کر رونے لگا حضرت عثمان غنی نے اسے بڑی محبت سے اٹھا کر گلے لگالیا وہ بولا حضور آپ نے تو مجھے میری ضرورت سے کہیں بڑھ کر نواز دیا ہے معاف کیجئے گا میں تو سوچ رہا تھا گھر میں تو دودھ شہد پر تو گھر میں لڑائی ہو رہی ہے یہ شخص میری کیا مدد کرے گا تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جواباً کہا کہ اللہ نے جو وسائل عثمان کو دیئے ہیں وہ اس لئے نہیں دیئے کہ میری اولاد عیش مستی کرتی پھرے میرے مالک نے مجھے اس لئے نوازا ہے تاکہ میں محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں کی خدمت کروں۔ مسافر بغلگیر ہوکر دروازے تک گیا تو عاجزی سے کہا آپ کا شکریہ! میرے بچے بھی تاقیامت آپ کو دعائیں دیں گے۔ یہ سن کر روشن چہرے والے نے کہا شکریہ ادا کرنا ہے تو خلیفہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ادا کرنا جس نے تجھے یہ راستہ دکھایا ہے۔ مسافر دم بخود رہ گیا بڑی حیرت سے پوچھا لیکن میں نے تو آپ کو بتایا ہی نہیں کہ مجھے ابوبکر صدیقؓ نے بھیجا ہے؟ روشن چہرے والا مسکرایا تبسم فرما کر کہا اس بات کو چھوڑو آم کھاؤ پیڑ گننے کی کیا ضرورت ہے۔ جلدی سے گھر جاؤ بچے آپ کی راہ تک رہے ہوں گے۔

آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم

سیاسی، سماجی، معاشی موضوعات کے متعلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجیے ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔

imroz.ad@gmail.com
whatsapp no :03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

(ایڈیٹر)

تشریف لاتی ہیں مردوں کی دشمن

ڈاکٹر طاہرہ کاظمی

"سنبھل کے بیٹھیے، آرہی ہیں مردوں کی دشمن" "انہوں نے عورت کی بے مہار آزادی کا جھنڈا اٹھا رکھا ہے" "دیکھتے ہی ڈر لگتا ہے کہ جانے کیا کہہ دیں۔ تحریری کلاس لینے میں تو بہت ماہر ہیں" "سادہ لوح عورتوں کو پٹیاں پڑھا کے خراب کر رہی ہیں" "اپنی بیویوں کو ان سے دور ہی رکھو، عورت کا مقام وہی ہے جو مرد یا معاشرہ متعین کرتا ہے" "مرد کی بہت بڑی دشمن اور مخالف" جس دن ان تنقیدی بیانات میں خواتین بھی شامل ہوں ہمارا بے اختیار نیویارک کی پروفیسر کیٹ مین کی بلائیں لینے کو جی چاہتا ہے۔ کیٹ نے خواتین کے اپنے حقوق کی پامالی کے باوجود مردوں پہ اس طرح سے صدقے واری ہو جانے کو "Himpathy" کا نام دیا ہے۔ مرد و عورت کلینک میں داخل ہوتے ہیں، آگے آگے چھاتی تانے مرد، پیچھے سر جھکائے عورت! مرض کی تشخیص کے لئے ہر سوال کا جواب محترم شوہر کبھی استہزائیہ اور کبھی طنزیہ انداز میں دیتے ہیں۔ زیر لب بڑبڑاہٹ کے ساتھ چہرے پہ بھی لکھا نظر آتا ہے کہ اس کو کچھ نہیں پتہ جی! یہ ہے وہ منظر جو نہ صرف ہمیں سوچنے اور احتجاج کرنے پہ اکساتا ہے بلکہ پس منظر میں ان کی سوچ کے سب زاویے ہماری آنکھوں کے سامنے تصویریں بنانے لگتے ہیں۔

"یہ عورت میری ملکیت کے طور پہ مجھے دی گئی ہے سو اختیار میرے ہاتھ میں ہے کہ یہ عورت کہاں اور کیسے رہے گی؟ کس سے ملے گی اور کس سے نہیں؟ پڑھی لکھی ہے تو نوکری کرے گی یا نہیں؟ کتنے بچے پیدا کرے گی؟ کیا پہنے گی؟ سسرال میں کس کس کی خدمت کرے گی؟ کھانے میں کیا کھائے گی؟ میکے کس حد تک جا سکے گی؟ عیدوں پہ ماں باپ سے ملنا ہو گا کہ نہیں؟ اپنے بہن بھائیوں کی خاطر مدارات کر سکے گی کہ نہیں؟ اپنے بہن بھائیوں کی خوشیوں میں شریک ہو گی کہ نہیں؟ دوستوں سے ملنے کی اجازت ہو گی کہ نہیں؟ فون اٹھانے کی اجازت؟ ہنسنے پہ برا تو مانا نہیں جائے گا؟ نند دیور کا کہا ہر وقت مقدم ہوگا۔

ہم اپنے آپ سے سوال پوچھتے ہیں۔

ہماری آنکھ جو کچھ دکھاتی ہے اور ذہن جو بجھاتا ہے وہ کرب وہ تلخی اوروں کے رگ و پے میں کیوں نہیں اترتی؟

ہم معاشرے کے باقی افراد کی طرح اس ظلم اور تعفن کے ڈھیر سے منہ موڑ کے، اپنی زندگی میں گم ہو کے کھلکھلا کیوں نہیں سکتے؟ ایسے بہت سے مردوں کی مثال دیکھ کے ہم کیوں نہیں بہل جاتے جو یہ سمجھتے ہیں کہ عورت کو بھی ٹھیس پہنچتی ہے اور درد محسوس ہوتا ہے۔ ہمیں مردوں کا دشمن کیوں سمجھا جاتا ہے؟ کیا پدرسری نظام کا طاقت اور اختیار کو مرد کے پلڑے میں ڈالنا، عورت کے ان حقوق کا ذکر کرنا جو کبھی دیے ہی نہیں گئے، مرد سے نفرت یا دشمنی ہے یا نظام کی گنجلک تہوں کو کھولنے کی ایک کوشش؟ چلیے دیکھ لیتے ہیں کہ آخر یہ پدرسری نظام ہے کیا؟ پدرسری نظام کی جڑیں چھ ہزار برس پہلے کے معاشروں سے پھوٹتی نظر آتی ہیں جب ملکیت کے تصور نے جنم لیا۔ اس سے قبل ہر فرد مساوی حیثیت کا حامل تھا۔ اس نظام نے وقت کے گھومتے پہیے کے ساتھ عورت کو معاشرے کی تشکیل سے خارج کرتے ہوئے افزائش نسل کا کردار تھما کے بنیادی دھارے سے خارج کر دیا۔ قدیم یونان میں مشہور فلسفی ارسطو نے عورت کی ذہنی اور اخلاقی سطح مرد سے ارزاں گردانتے ہوئے اسے مرد کی ملکیت قرار دیا اور یہ بھی کہ عورت کی زندگی کا مقصد نسل انسانی کو آگے بڑھانا اور مرد کی ہر طرح سے اطاعت کرنا ہے۔

ارسطو کے مطابق عورت کی قوت فیصلہ اس قابل نہیں کہ اسے معاشرے میں کوئی قابل ذکر مقام دیا جائے۔ محترم ارسطو کے ان ارشادات کو اگر طبی اور بائیالوجی کے معیار پہ پرکھیں تو ہم سمجھ نہیں پاتے کہ دونوں کے جسم اور دماغ کی بناوٹ میں فرق ہے کیا؟ جنسی اعضا کو چھوڑ کے باقی تمام اعضا کی بناوٹ میں کوئی فرق نہیں، دماغی اہلیت میں کمی بیشی نہیں، سوچ کی اڑان اور تخیل میں کمتری یا برتری نہیں۔ قدیم چین کے مشہور فلسفی کنفیوشس کا بھی کچھ ایسا ہی کہنا تھا کہ ایک اچھی عورت شادی سے پہلے باپ کی تابعدار، شادی کے بعد شوہر کی اطاعت گزار اور وفادار اور بڑھاپے میں بیٹے کے حکم کے تابع ہونی چاہئے۔ اس کے علاوہ اسے محنتی، زبان پہ کنٹرول اور وضع قطع میں میانہ روی اختیار کرنی چاہئے۔ کنفیوشس صاحب نے ارسطو کے طرز عمل پہ چلتے ہوئے عورت کو ایک ایسے دائرے میں مقید کرنے کی بات کی جس کی حد بندی مرد کرتا ہے، کتنا بڑا دائرہ، اور دائرے کو پار کرنے کی سزا کی صوابدید پدرسری نظام کے بنیادی مہرے کے پاس! سو یہ ہے وہ پدرسری نظام جس نے عورت کو تابع دیکھنے کے اصول صدیوں پہلے وضع کیے، انہیں ہر معاشرے کی بنیادوں میں بھرا اور انہی کا نتیجہ ہے کہ آج اکیسویں صدی کی عورت بھی انہی پیمانوں پہ ناپی اور تولی جاتی ہے۔ اب دیکھئے غیر شعوری طور پہ عورت کے دماغی نیورونز کس چیز پہ ایمان لائے بیٹھے ہیں۔ ایک تحقیق کے مطابق حاملہ عورت کو جونہی بچے کی صنف کا پتہ چلتا ہے وہ اسے ایک مختلف کردار کے طور پہ دیکھنا شروع کر دیتی ہے۔ "بچے کی حرکت بہت سہج سے ہوتی ہے، آہستہ آہستہ .... لڑکی ہے نا" "اف، میرے پیٹ میں جیسے زلزلہ سا آیا ہوا ہے، مکے اور لاتیں ہر وقت..... لڑکا جو ہوا" ضروری ہے کہ یہاں ہم آپ کو روسی سائنس دان پیولوو کی کہانی سنائیں۔ وہ جاننا چاہتا تھا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ کسی بھی چیز کی یاد کسی خاص واقعے یا حرکت سے وابستہ ہو جائے تو پھر ہر دفعہ اس یاد سے جسم و ذہن ایک خاص نہج پہ ہی سوچیں اور ایک ہی طرح کا ردعمل دیں۔ مثال کے طور پہ اگر کسی کا دل گول گپے کھانے کو چاہے تو گول گپوں کا نام لیتے ہی منہ میں پانی کیوں آ جاتا ہے جبکہ وہ تو سامنے موجود نہیں۔ اسی طرح ساون کا نام لیتے ہی خاص قسم کے پکوانوں کی یاد آ جاتی ہے۔ اور تو اور کبھی کبھار کوئی ایسا گیت جس سے کوئی خاص یاد وابستہ ہو، سنتے ہی دل کی دھڑکن تیز اور سانس اتھل پتھل ہو جاتی ہے۔ اس بات کو ثابت کرنے کے لئے پیولوو نے اپنا تجربہ کتوں پہ کیا۔ اس کا مشاہدہ تھا کہ جب کتوں کو غذا دی جاتی ہے تو ان کا منہ خوشبو سونگھتے ہی لعاب دہن سے بھر جاتا ہے۔ پیولوو نے غذا دیتے وقت ساتھ میں گھنٹی بجانا شروع کی۔ کچھ دنوں میں ہی کتوں نے جان لیا کہ غذا کے ساتھ گھنٹی کا سمبندھ ہے۔ اگلے مرحلے میں کتوں کو غذا دیئے بغیر گھنٹی بجائی گئی۔ چونکہ کتے گھنٹی کے ساتھ غذا کو جوڑ چکے تھے سو گھنٹی کی آواز سنتے ہی کتوں کے منہ میں ویسے ہی لعاب دہن پیدا ہوا جیسے غذا کو دیکھ یا سونگھ کے ہوتا تھا۔ اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ انسانی ذہن جب کسی ایک بات کو دوسری بات سے منسلک کر لیتا ہے تو جوابا دماغ کا ردعمل ہر دفعہ ویسا ہی ہوتا ہے چاہے بنیادی بات نہ بھی ہو۔ اب آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ گول گپوں کا نام سنتے ہی منہ میں پانی کیوں بھر آتا ہے؟ پدرسری نظام نے پیولوو کے اسی اصول کے تحت مرد کی صلاحیتوں اور کردار کو طاقت، اختیار، برتری، ذہانت اور عقل کل کے ساتھ منسلک کیا ہے۔ جبکہ عورت کو نحیف، قوت فیصلہ میں کجی اور ناقص العقل قرار دیتے ہوئے گھر میں مقید کرتے ہوئے اس کی صلاحیتوں کو کمتر قرار دیا ہے۔ صدیوں سے ان خیالات کو اس قدر سینچا گیا ہے کہ عورت کا نام سنتے ہی تھر تھر کانپتی چڑیا کا تصور ذہن میں آتا ہے اور مرد کے کردار میں ایک اعلیٰ و ارفع قسم کی مخلوق، جسے حکومت کرنے اور فیصلہ سازی کا حق پیدائشی طور یا بائی ڈیفالٹ حاصل ہے۔ کس کو یہ اتفاق نہیں ہوا کہ سڑک پہ کوئی گاڑی اگر آہستہ چل رہی ہو، یا اگر کوئی معمولی غلطی کر جائے، تو چہار اطراف سے اسی طرح کے جملے سننے کو ملیں، "شرط لگا لو، اس گاڑی کو چلانے والی عورت ہے" اسی طرح عورت ڈاکٹر کی لیاقت اور کارکردگی پہ شبہ کرتے ہوئے کارڈیالوجی اور نیورو سرجری میں سپیشلائز کرنے کا موقع یہ کہتے ہوئے نہیں دیا جاتا کہ وہ ایمرجنسی میں اپنے حواس قابو میں نہیں رکھ سکتیں۔ پیولوو کے تجربے کے مطابق عورت کی اخلاقیات کے پیمانے بھی متعین کر دیئے گئے ہیں۔ اچھی عورت کے پیمانے میں غیر مشروط اطاعت، حقوق سے دستبرداری اور منہ پہ تالہ بندی کو اس طرح سے منسلک کر دیا گیا ہے کہ جو عورت اس حد بندی سے باہر نکل کے سوال پوچھنا چاہے گی کہ جنیاتی اور طبعی طور پہ دونوں میں کوئی فرق نہیں، پھر افضل اور کمتر کی بحث کیوں؟ وہ عورت مرد دشمن کے تمغے کی مستحق ٹھہرے گی۔ ہمیں نہیں معلوم کہ اسے دلچسپ کہیں یا دل خراش کہ پدرسری نظام، معاشرہ اور کلچر کی ہر شق پہ مرد تو آنکھیں بند کر کے ایمان لاتے ہیں مگر ایسی عورتوں کی بھی کمی نہیں جو ہنسی خوشی اس پل صراط پہ چلنا شروع کر دیتی ہیں۔

وجہ وہی ہے کہ عورت کو بچپن سے باور کرا دیا جاتا ہے کہ سند پسندیدگی حاصل کرنی ہے تو اسی دائرے میں رہو جو اس کے لئے ترتیب دیا گیا ہے۔ پیولوو کے تجربے کے اصولوں کے تحت تابعداری، فرمانبرداری اور وفاداری کی گھنٹی عورت کو اسی طرح مطیع کرتی ہے جو مالک نے ترتیب دیا ہے۔ ہاں ہوتی ہیں کچھ ایسی سرپھری بھی جن کو یہ خیال آ جاتا ہے کہ گھنٹی ایک مخصوص وقت پہ کیوں بجتی ہے اور گھنٹی بجانے کا فائدہ کسے حاصل ہوتا ہے؟ سوال پوچھنے اور پدرسری نظام کی بدصورتیوں سے پردہ اٹھانے پہ اگر ہمیں مرد دشمن کا خطاب دیا جاتا ہے تو ہم سوائے کہنے اور سمجھنے والے کی عقل پہ ماتم کے سوا کچھ نہیں کر سکتے۔ البتہ یہ ضرور بتانا چاہیں گے کہ جس مرد نے ہمیں پدرسری نظام کی صلیب پہ نصب نہیں کیا، وہ مرد ہمارا باپ تھا اور ان کی جرات و ہمت کو ہم اب تک سلام کرتے ہیں۔ جس شخص سے ہم نے وفا نبھائی ہے، وہ مرد ہمارا شوہر ہے اور جس مرد کو ہم نے پدرسری نظام کی غلاظت سے دور رہنا سکھایا ہے، وہ مرد ہمارا بیٹا ہے!

پدرسری نظام سے نفرت کرنا سیکھیے، آپ کو ہماری بہت سی باتیں سمجھ آ جائیں گی!

ادبیات

کوئی ایسا شخص ہوا کرے

شازیہ آفرین، کوئٹہ کینٹ

ہاں
کوئی تو ایسا شخص
ہوا کرے۔۔۔
نہ شکایتیں نہ وہ
گلہ
کرے۔۔۔۔
نہ لڑا کرے، نہ
جفا کرے
نہ ہی خفا وہ مجھ
سے
ہوا
کرے۔۔۔۔
صرف میرا ہی وہ
ہوا کرے
وہ باتیں مجھ سے
ہی کیا کرے
میں ہنسو وہ بھی
ہنسا کرے
میری قربتیں،
میری چاہتیں
بس اسی کے نام
ہی ہوا کرے
میں روٹھ جاؤں
اک لمحہ بھر
مجھ سے ساعتوں
میں صلہ
کرے۔۔۔
خدا
کرے۔۔۔
یہ ہوا کرے
ہاں زیست
میں!!!
کوئی ایسا شخص
ہوا کرے!!!

غزلات

اسے اتنا بتا دینا

شازیہ آفرین، کوئٹہ کینٹ

سنو!!!
اسے اتنا بتا دینا
میں اس سے دور
ہو کر بھی
سفر سے زندگی
کے تنگ جو
ہو کر۔۔۔
غموں سے اکتا
کر بھی
چھپا کر سارے
دکھ اپنے
لبوں پر تبسم سجا کر
میں
اسی کو ہی یاد کرتی
ہوں
میں روتے
ہوئے
رب کے حضور
فریاد کرتی
ہوں۔۔۔
اسے اتنا بتا دینا
اب تم بستے ہو
اس دل میں
میری تنہائی،
مایوسی،
اور تیری یادیں
میری ساتھی
مسرت، اور غم
میں بھی تیرا نام
لبوں پہ رہتا
ہے۔۔۔
وہ مجھے بھی یاد
کرتے ہیں
یا
نہیں؟؟۔۔۔
خبر مجھ کو نہیں اس
کی
لیکن اسے اتنا بتا
دینا
میں ہر لمحہ بس
اسے ہی یاد کرتی
ہوں۔۔۔

بقیہ 1

ثانی کا عندیہ دے رکھا ہے۔ قطر کے دارالحکومت دوحہ میں طالبان کے سیاسی دفتر کے سربراہ ملا عبدالغنی برادر کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا کہ طالبان اسلامی تعلیمات کے مطابق خواتین کے حقوق اور اظہار رائے کی آزادی کو یقینی بنائیں گے۔ خط میں کہا گیا کہ گزشتہ 19 سال کی جنگ نے یہ ثابت کیا ہے کہ افغان تنازع کو طاقت کے بل بوتے پر حل نہیں کیا جاسکتا، جب کہ اس جنگ نے نہ صرف افغان عوام کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا بلکہ امریکہ کو بھی بھاری جانی اور مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ خط میں عبدالغنی برادر کا مزید کہنا تھا کہ امریکہ اور اس کے اتحادی بھی اب اس نتیجے پر پہنچے کہ افغان تنازع کا صرف سیاسی حل ہی ممکن ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ طالبان کے ساتھ مذاکرات کی میز پر بیٹھے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ ہر قوم یہ چاہتی ہے کہ وہ ہر قسم کے بیرونی خطرے، دھمکیوں اور مداخلت کے بغیر اپنی اقدار اور رسوم و رواج کے مطابق زندگی گزارے۔ لہذا گزشتہ 19 سال سے افغانستان میں جاری ہماری مزاحمت انہیں اصولوں پر مبنی ہے۔

بقیہ 2

کرتے ہوئے درخواست میں دعویٰ کیا تھا کہ خاتون نے ان پر جھوٹے الزامات لگائے جس وجہ سے ان کی شہرت اور سیاست کو دھچکا لگا۔ پریا رامانی نے اکتوبر 2018 میں صرف ایم جے اکبر کا نام بتایا تھا جبکہ انہوں نے ان کی جانب سے جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کا قصہ 2017 میں ہی فیشن میگزین ووگ میں شائع کیا تھا، تاہم انہوں نے مضمون میں ان کا نام نہیں لکھا تھا۔ پریا رامانی نے دعویٰ کیا تھا کہ ایم جے اکبر نے انہیں 1994 میں 23 سال کی عمر میں جنسی طور پر ہراساں کیا تھا، اس وقت ایم جے اکبر ایک میگزین کے مدیر تھے اور پریا رامانی نوکری کے لیے انہیں انٹرویو دینے گئی تھیں۔ پریا رامانی کے بعد دیگر خواتین نے بھی ایم جے اکبر پر جنسی طور پر ہراساں کرنے کے الزامات لگائے تھے۔ زیادہ تر خواتین نے بتایا تھا کہ جب ایم جے اکبر صحافت میں تھے اور اپنے 'سنڈے گارجین' کے مدیر تھے تب انہوں نے انہیں جنسی طور پر ہراساں کیا تھا۔ تاہم بعض خواتین نے ان پر سیاست میں آنے اور وزارت خارجہ کا قلمدان سنبھالنے کے بعد بھی جنسی طور پر ہراساں کرنے کے الزامات عائد کیے تھے۔ ایم جے اکبر نے اس وقت ہی تمام الزامات کو جھوٹا قرار دیتے ہوئے وزارت سے استعفیٰ دے دیا تھا اور سب سے پہلے الزام لگانے والی خاتون صحافی پریا رامانی پر مقدمہ کردیا تھا۔ اب ڈیڑھ سال بعد عدالت نے ان کے مقدمے کو نمٹاتے ہوئے خاتون صحافی کو بری کردیا۔ عدالت نے مختصر فیصلے میں پریا رامانی کو بری کرتے ہوئے کہا کہ یہ شرمناک بات ہے کہ خاتون کو جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کیخلاف آواز بلند کرنے پر بدنام کیا جارہا ہے۔ اسی حوالے سے بی بی سی نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ ایڈیشنل چیف میٹروپولیٹن مجسٹریٹ رویندر پانڈے نے کہا کہ ایک ایسے ملک میں بھی خواتین کو جنسی طور پر ہراساں کیا جا رہا ہے جس میں 'مہا بھارت اور رامائن' جیسی خواتین کے حقوق کے لیے داستانیں لکھی گئیں۔ مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے جج نے کہا کہ ایم جے اکبر اپنے دعوے کو ثابت نہیں کر پائے کہ کس طرح پریا رامانی نے ان پر جھوٹے الزامات عائد کیے۔ جج نے فیصلہ سناتے ہوئے اپنے ریمارکس میں کہا کہ معاشرے میں اہم حیثیت رکھنے والا مرد بھی خواتین کو جنسی طور پر ہراساں کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنسی طور پر ہراساں ہونے والے شخص کا وقار مجروح ہوتا ہے اور ان میں خود اعتمادی کی کمی بھی ہو جاتی ہے۔

بقیہ 3

شہریوں کا ہجوم موجود تھا اور کرنل جارج کلین نے امریکی کمانڈرز کو ٹینکرز اڑانے کا حکم دیا تھا جس کے نتیجے میں 100 سے زائد افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ پہلے کہا گیا تھا کہ زیادہ تر طالبان ہلاک ہوئے تاہم بعد میں ثابت ہوا کہ ہلاک ہونے والوں میں زیادہ تر شہری تھے۔

بقیہ 4

ایڈیشن کے لیے لکھے گئے اپنے ایک مضمون میں کیا۔ انہوں نے تحریر کیا کہ اقوام متحدہ جموں و کشمیر کی صورت حال پر اس لیے بھی بولنے سے قاصر ہے کہ ایسا کرنے سے اس عالمی ادارے کو مالی مدد کرنے والے ان ممالک کو ناگوار گزرے گا جو اس کرہ ارض پر طاقت ور ترین ممالک کہلاتے ہیں۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورت حال اور بھارتی حکومت کے غیر قانونی اقدامات پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے صدر سردار مسعود خان نے کہا کہ کشمیریوں کے مادر وطن کو مکمل طور پر اپنے تسلط میں لینے کے لیے بھارت تمام حدود و قیود کو پار کرتا جارہا ہے۔ قابض حکام مقبوضہ ریاست میں زمین کی ملکیت کے حوالے سے موجود قوانین میں تبدیلی لانے کے بعد اب مقبوضہ کشمیر کے کسی بھی حصے کو فوجی، تجارتی اور نئی آبادکاری کے مقاصد کے لیے اپنے قبضے میں لے سکتے ہیں اور ایسی بہت سی مثالیں موجود ہیں کہ مقامی کشمیریوں کے جائز اور قانونی کاروبار کو غیر قانونی قرار دے کر غیر ریاستی، غیر کشمیری اور اجنبی افراد جن کا تعلق بھارت سے ہے کو منتقل کر دیا جاتا ہے اور وہی کاروبار وہ غیر ریاستی افراد دوبارہ ٹھیکے پر ان کشمیریوں کو دیتے ہیں جن سے یہ کاروبار چھینا گیا تھا۔ اس طرح کشمیریوں کو ان کی اپنی ہی سرزمین پر بے زمین اور انہیں اپنے اثاثوں اور جائیداد سے محروم کرنے کا سلسلہ بے دھڑک اور بلا روک ٹوک جاری ہے۔ اسی طرح متنازعہ ریاست میں مقامی کشمیریوں کو ان کے لیے مختص چار لاکھ اسی ہزار ملازمتوں سے محروم کر کے ان اسامیوں پر غیر ریاستی بھارتی ہندوؤں کو بھرتی کرنے کا عمل بھی پوری طرح جاری ہے۔ اس پر مزید یہ کہ کشمیری نوجوانوں کو روزانہ جعلی مقابلوں میں قتل کیا جارہا ہے اور ہزاروں نوجوانوں کو گرفتار کر کے جیلوں اور نظر بندی کیمپوں میں بدترین تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے اور یوں کشمیریوں کی جان، ان کا مال، روزی اور روزگار کچھ بھی محفوظ نہیں۔ ہر چیز داؤ پر لگی ہوئی ہے اور ہم کہہ سکتے ہیں کہ مقبوضہ ریاست کے باسیوں کو بحیثیت قوم صفحہ ہستی سے مٹایا جارہا ہے۔ صدر آزاد کشمیر نے کہا کہ اس وقت دنیا میں ایسے قوانین اور بین الاقوامی ادارے موجود ہیں جو بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں منظم فسطائی ہتھکنڈے استعمال کرنے پر فوری طور پر ذمہ دار ٹھہرا سکتے ہیں۔ کیوں کہ بھارت وہاں جو کچھ کر رہا ہے وہ انسانیت کے خلاف جرائم، نسل کشی، نسلی تطہیر، جنگی جرائم اور مقبوضہ علاقے میں آبادی کی غیر قانونی تبدیلی کے ضمن میں آتے ہیں۔ ان قوانین میں اقوام متحدہ کا اپنا چارٹر، سیاسی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی حقوق سے متعلق بین الاقوامی عہد نامے اور 1948 کا نسل کشی کا کنونشن، چوتھا جنیوا کنونشن، بین الاقوامی فوجداری عدالت کے قواعد کے علاوہ تشدد، نسل پرستی، عورتوں کے خلاف امتیازی سلوک اور بچوں کے حقوق سے متعلق قوانین موجود ہیں جنہیں بھارت دیدہ دلیری سے پامال کر رہا ہے۔ دنیا کے بااثر اور طاقتور ممالک بھارت کے ان گھناؤنے جرائم سے پوری طرح آگاہ ہیں لیکن وہ یہ سب کچھ جاننے کے باوجود اپنا منہ دوسری طرف اس لیے پھیر لیتے ہیں کہ ان کے بھارت کے ساتھ مادی اور سیاسی مفادات وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کی قیادت میں مغربی ممالک چین کو اپنا حریف اور خطرہ سمجھتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ صرف بھارت ہی چین کو اسٹریٹیجک اور جیو اکنامک طاقت بننے سے روک سکتا ہے اور خود بھارت بھی یہ کردار ادا کرنے کے لیے تیار نظر آتا ہے۔

بقیہ 5

979 ہے۔ برطانیہ میں 40 لاکھ 58 ہزار سے زائد افراد متاثر ہیں اور ایک لاکھ 18 ہزار 198 اموات ہوچکی ہیں۔ فرانس میں 34 لاکھ 89 ہزار سے زائد افراد متاثر اور 82 ہزار 812 جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ اسپین میں 30 لاکھ 96 ہزار سے زائد افراد متاثر اور 65 ہزار 979 اموات ہوئی ہیں۔ اٹلی میں بھی 27 لاکھ 39 ہزار سے زائد افراد متاثر ہیں جبکہ 94 ہزار 171 افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔ پہلے پانچ کروڑ کیسز 356 دنوں میں رپورٹ ہوئے تھے جب کہ آخری پانچ کروڑ کیسز صرف اناسی روز میں رجسٹرڈ ہوئے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق کورونا وائرس کا پہلا کیس 17 نومبر 2019 کو رجسٹرڈ ہوا تھا جس کے بعد 27 جون 2020 کو کیسز کی تعداد ایک کروڑ ہوگئی تھی۔ 24 نومبر کو کورونا کیسز کی تعداد چھ کروڑ ہوئی تھی، دس دسمبر 2020 کو کیسز سات کروڑ تک پہنچ گئے تھے، 25 دسمبر کو کیسز کی تعداد آٹھ کروڑ ہوگئی، 9 جنوری کو کیسز نے نو کروڑ کا ہندسہ عبور کرلیا تھا اور 25 جنوری کو کیسز دس کروڑ سے بڑھ گئے تھے۔

بقیہ 6

تزویراتی حکمت عملی میں مزاحمت اور آزادی کی جدوجہد شامل نہیں تو فلسطینی قوم کے ہاں ایسے فیصلوں اور پالیسیوں کی کوئی وقعت نہیں۔ خالد مشعل نے کہا کہ ہمیں 30 سالہ طویل جدوجہد کے بعد اپنے سیاسی مستقبل کا فیصلہ خود کرنا ہوگا۔ غلط سیاسی راستے کی اجارہ داری کا دورہ ختم ہوچکا ہے۔ خالد مشعل نے کہا کہ ہم اپنی تاریخ، حال اور مستقبل کے حوالے سے جانب دارانہ پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ ہم اپنے حقوق، مملکت کی زمین، حق واپسی، حق خود ارادیت کے حوالے سے خود فیصلے کرنے کے مجاز ہیں اور ہم ایک ایسی واضح اور غیر مبہم سیاسی حکمت عملی چاہتے ہیں جس میں شبے کی کوئی گنجائش نہ ہو۔ ڈاکٹر عبدالستار قاسم کی وفات کے بارے میں بات کرتے ہوئے حازم قاسم نے کہا کہ ڈاکٹر قاسم کی وفات فلسطینی قوم کے لیے ایک بڑا خسارہ ہے۔ ان کا خلا پر نہیں ہوسکے گا۔ فلسطینی قوم نے انہیں کھو کر بھاری نقصان اٹھایا ہے۔

بقیہ 7

مطابق گہرے سرخ رنگ کے لبادے اوڑھے، تقریبا بیس بھکشو ینگون شہر کی سڑکوں مارچ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے دفتر کے سامنے پہنچے اور عوام سے کہا کہ وہ بھی احتجاج میں شامل ہوں۔ ایک احتجاجی بھکشو سندرتھیری نے عوام سے درخواست کی کہ وہ اس نظام اور فوجی آمریت کی طاقت کو ختم کرنے میں مدد کریں۔ بھکشوں نے ایک بینر اٹھا رکھا تھا جس پر انگریزی زبان میں تحریر تھا، وہ بھکشو، جو فوجی آمریت نہیں چاہتے۔ کرونا وائرس سے بچاؤ کیلئے چند بھکشوں نے سرخ ماسک پہن رکھے تھے جن پر لکھا تھا فوجی بغاوت مسترد۔

بقیہ 8

اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ افغانستان میں ہماری موجودگی مشروط ہے اور کوئی بھی اتحادی ضرورت سے زیادہ وہاں رہنا نہیں چاہتا۔ تاہم ہم مناسب وقت آنے تک افغانستان سے نہیں نکلیں گے۔ نیٹو چیف کے بقول ہمیں اس توازن کو یقینی بنانا ہے کہ افغانستان میں ضرورت سے زیادہ عرصہ قیام بھی نہ کیا جائے اور وہاں سے بہت جلد انخلا بھی نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے غیر ملکی افواج کے مئی میں مکمل انخلا کی ڈیڈ لائن پر عمل درآمد سے قبل طالبان کو امن معاہدے کے تحت مزید اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جس میں دہشت گرد تنظیموں سے تعلقات منقطع کرنا اور انہیں کسی بھی قسم کی حمایت نہ دینا شامل ہیں۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے نیٹو چیف نے طالبان کی جانب سے دشمنی کے خاتمے کے ارادے پر شکوک و شبہات کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ امن مذاکرات انتہائی نازک صورتِ حال اختیار کر گئے ہیں اور افغانستان میں پرتشدد کارروائیوں میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے جن میں طالبان کی جانب سے عام شہریوں کو نشانہ بنانا بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کو لازما تشدد کا خاتمہ کرنا ہوگا اور نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات اور معاہدوں کی پاسداری کرتے ہوئے عالمی دہشت گرد گروہوں کے ساتھ تعاون کو منقطع کرنا ہوگا۔

بقیہ 9

کی سیاسی وجوہات اور حتمی طور پر سیاسی حل بھی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پیس کیپنگ آپریشنز کی خصوصی کمیٹی کے 2021 کے سیشنز کے پہلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے مستقل نمائندے منیر اکرم نے تنازع کے حل کے لیے اقوام متحدہ کی موجودہ حکمت عملی کی کوتاہیوں پر بھی زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ظاہر ہے، سیاست ہر چیز پر حکومت کرتی ہے۔ منیر اکرم نے کہا کہ ہم جن نئے خطرات کا مقابلہ کرتے ہیں ان کی سیاسی وجوہات اور حتمی طور پر سیاسی حل بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیس کیپنگ کے پاس ایسے تنازع، شورشوں اور سرحد پار سے ہونے والے حملوں کو حل کرنے کی ذمہ داری قبول کرنے کا اختیار نہیں۔ تنازع کشمیر کو سب سے پہلے 1948 میں اقوام متحدہ میں لایا گیا تھا اور اس کے بعد سے یہ حل طلب نہیں رہا ہے حالانکہ اس سے پہلے ہی بھارت اور پاکستان کے درمیان دو جنگیں اور سینکڑوں سرحدی تصادم ہوچکے ہیں۔ اگست 2019 میں بھارت نے غیر قانونی طور پر زبردستی جموں و کشمیر کے مقبوضہ حصوں کو اپنے ساتھ منسلک کر دیا تھا جس سے جنوبی ایشیا کی دو جوہری قوتوں کے درمیان ایک خطرناک تعطل پیدا ہوگیا تھا۔ فلسطین کا تنازع اس سے بھی پرانا ہے کیونکہ اسے 1945 میں اقوام متحدہ کے حوالے کیا گیا تھا اور ابھی تک یہ حل نہیں ہوا ہے۔ منیر اکرم نے کہا کہ سلامتی کونسل سمیت بین الاقوامی برادری متعدد دیرینہ تنازع کا سیاسی حل تلاش کرنے میں ناکام رہی ہے، جیسے جموں و کشمیر کا تنازع۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ برسوں میں تنازع پھیلا ہے اور مزید بڑھا ہے، جس سے بڑے پیمانے پر انسانی حقوق کی پامالی ہوئی ہے اور بین الاقوامی امن و سلامتی کو خطرہ لاحق ہے۔

بقیہ 10

سمیت 10 ممالک میں دریافت کیا گیا۔ اس نئی قسم کے 32 کیسز اب تک برطانیہ میں دریافت ہوچکے ہیں۔ تحقیقی ٹیم نے بتایا کہ اس نئی قسم کا جینوم گزشتہ سال ستمبر میں برطانیہ کے علاقے کینٹ میں دریافت ہونے والی قسم بی 117 سے مماثلت رکھتا ہے اور اس میں اسپائیک پروٹین میں ہونے والی میوٹیشن ای 484 کے سمیت متعدد میوٹیشنز دیکھی گئی ہیں۔ ای 484 کے میوٹیشن جنوبی افریقہ اور برازیل میں دریافت ہونے والی اقسام میں موجود ہے اور مانا جاتا ہے کہ اس سے وائرس کو اینٹی باڈیز کے خلاف مزاحمت کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ریڈنگ یونیورسٹی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر سائمن کلارک نے بتایا کہ ابھی یہ تو واضح نہیں کہ متعدد میوٹیشنز سے کورونا وائرس کی بیمار کرنے کی صلاحیت پر کیا اثرات مرتب ہوئے، تاہم ای 484 کے میوٹیشن کچھ ویکسینز کے خلاف وائرس کو کسی حد تک مزاحمت کرنے میں مدد دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ابھی نہیں جانتے کہ یہ نئی قسم کس حد تک پھیل سکے گی، تاہم یہ پھیلنے میں کامیاب ہوگئی تو یہ تصور کیا جاسکتا ہے کہ ویکسین یا سابقہ بیماری سے حاصل ہونے والی مدافعت کمزور ہوسکتی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ہمارے خیال میں نئی اقسام بالخصوص ای 484 کے میوٹیشن والی اقسام کے حوالے سے ٹیسٹنگ کا عمل تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ کیمبرج یونیورسٹی کے پروفیسر روی گپتا نے اس بات سے اتفاق کیا کہ نئی قسم کی روک تھام کے لیے ٹیسٹنگ کا عمل تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ دوسری جانب فرانسس کریک انسٹیٹوٹ کے پروفیسر جوناتھن اسٹوی نے کہا کہ اگرچہ نئی قسم پھیل سکتی ہے، تاہم زیادہ ٹیسٹنگ کا عمل بھی آسان نہیں، کیونکہ کووڈ کے پھیلاؤ کے سب سے زیادہ خطرے سے دوچار افراد ہوسکتا ہے کہ آگے نہ آئے، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ ٹیسٹ کے اخراجات برداشت نہ کرپائے۔ انہوں نے کہا کہ وہ نئی اقسام میں ملتی جلتی میوٹیشنز دیکھ کر حیران نہیں۔ مگر ان کا کہنا تھا کہ ایک جیسی میوٹیشنز والی متعدد اقسام کی دریافت پریشان کن ہے کیونکہ وہ موجودہ ویکسینز کے خلاف مزاحمت کرسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ای 484 کے وائرس میں آنے والی اہم ترین تبدیلی ہے، جس کو دیکھتے ہوئے ویکسینز کو کچھ بدلنا پڑسکتا ہے۔

بقیہ 11

رکاوٹ کھڑی نہ کرے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فلسطینی مزاحمتی قوتوں کی طرف سے جاری ایک مشترکہ بیان کی نقل مرکز اطلاعات فلسطین کو موصول ہوئی ہے۔ اس بیان میں فلسطینی مزاحمتی جماعتوں نے عالمی برادری بالخصوص عالمی ادارہ صحت سے مطالبہ کیا کہ وہ اسرائیل پر دباؤ ڈالیں تاکہ وہ غزہ کی پٹی کو کرونا ویکسین کی فراہمی میں رکاوٹ کھڑی نہ کرے۔ قبل ازیں فلسطینی مزاحمتی قوتوں نے غزہ کی پٹی میں ایک مشترکہ اجلاس میں فلسطین کے قومی مسائل اور کرونا کی وبا اور اسرائیل کی طرف سے غزہ کی پٹی کو کرونا ویکسین کی فراہمی پر پابندی پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں فلسطینی قوتوں پر زور دیا کہ وہ قومی اصولوں کی بنیاد پر اپنی صفوں میں اتحاد کا مظاہرہ کریں اور قضیہ فلسطین کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے متحد ہوں۔ اجلاس میں مسجد اقصیٰ پر یہودی آباد کاروں کے دھاووں، مسجد اقصیٰ پر اسرائیلی اسٹیٹس کو مسلط کرنے کی صیہونی سازشوں اور مسجد اقصیٰ کی تقسیم کے مجرمانہ صیہونی عزائم کی مذمت کی گئی۔

بقیہ 12

بیان میں کہا گیا کہ 16 فروری 2021 کو مقامی وقت کے مطابق شام 6 بج کر 50 منٹ پر اسرائیل کے جنگی طیاروں نے لبنان کی فضائی حدود میں گھس کر خود مختاری کے قانون کی خلاف ورزی کی۔ بیان میں کہا گیا کہ اسرائیلی فوج کے دو طیارے جنوبی سرحد اور وادی البقاع میں کئی کلومیٹر اندر گھس آئے اور دائرے کی شکل میں پرواز کے بعد واپس ہوئے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ قبل ازیں دن 12 بجے اور شام کو پانچ بجے دشمن فوج کی جنگی کشتیاں لبنان کی بحری حدود میں داخل ہوئیں اور 463 میٹر اندر گھس کر سمندری علاقے میں روشنی کے گولے داغے۔ لبنانی فوج کا کہنا تھا کہ اس نے ملک میں متعین اقوام متحدہ کی امن فوج یونیفیل کے ساتھ اسرائیلی فوج کی مسلسل فضائی اور بحری دراندازی کا معاملہ اٹھایا ہے اور لبنان کی خودمختاری کی خلاف ورزیاں بند کرانے پر زور دیا ہے۔

بقیہ 13

یوسف زئی نے کہا کہ تحریک طالبان پاکستان کے سابق ترجمان نے کئی معصوم افراد اور میرے اوپر حملے کی ذمہ داری قبول کی تھی۔ انہوں نے لکھا کہ وہ اب سوشل میڈیا پر لوگوں کو دھمکیاں دے رہا ہے۔ ملالہ یوسف زئی ٹوئٹر پر احسان اللہ احسان نامی ایک اکاؤنٹ کا حوالہ دے رہی تھیں، جس میں انہیں مخاطب کر کے کہا گیا تھا کہ ملالہ جی! آپ جلدا پنے پہلے گھر تشریف لائیے، آپ اور آپ کے والد صاحب کے ساتھ ابھی بہت سارا حساب باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں جب برطانیہ آئی تو میرے لیے یہ ثقافت بالکل نئی تھی اور میں یہ سمجھنے کی کوشش کررہی تھی کہ یہاں کی موسیقی اور فنون لطیفہ میں کیا چیز مجھے اچھی لگتی ہے کیا نہیں۔

بقیہ 14

منصور کی گرفتاری پر فلسطینی قانون ساز کونسل اور اسلامی تحریک مزاحمت حماس نے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس اور فلسطینی پارلیمنٹ نے اپنے الگ الگ بیانات میں کہا ہے کہ یاسر منصور کی گرفتاری اسرائیلی فوج کے ہاتھوں منتخب رکن پارلیمنٹ کے اغوا کی منظم کوشش ہے۔ حماس کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ فلسطینی پارلیمنٹ کے رکن کی گرفتاری اور اسے جیل میں ڈالنے کی کارروائی اس بات کا ثبوت ہے کہ صہیونی دشمن فلسطین میں جمہوری عمل سے خوف زدہ ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ارکان پارلیمنٹ کی بلا جواز گرفتاریوں سے صہیونی دشمن فلسطینی رہ نماؤں کی ان کی ذمہ داریوں کی انجام دہی سے روک نہیں سکتا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ارکان پارلیمنٹ کا اغوا بین الاقوامی قوانین اور عالمی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ حماس نے رکن پارلیمنٹ کی یاسر منصور کی فوری رہائی پر زور دیتے ہوئے عالمی اداروں سے بھی اپیل کی کہ وہ اسرائیل پر تمام زیر حراست فلسطینی ارکان پارلیمنٹ کی رہائی کے لیے دباؤ ڈالے۔

بقیہ 15

کے مطابق الکنانی نے کہا کہ یہ خبر بے بنیاد ہے۔ حجاج کو یکجا کرنے جیسی کوئی چیز نہیں ہے۔ عراقی کمیٹی سعودی عرب کے ساتھ براہ راست سمجھوتوں پر عمل پیرا ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے دعوی کیا تھا کہ ایران اور عراق نے کرونا وائرس کی روشنی میں آئندہ حج سیزن کی تیاری کے معاملات پر بحث کی ہے۔ یہ بات چیت ایک ورچوئل کانفرنس کے دوران ہوئی۔ ایرانی ایجنسی کے مطابق ایرانی حج و عمرہ کمیٹی کے سربراہ علی رضا رشیدیان اور عراق میں حج و عمرہ کے اعلی کمیشن کے سربراہ شیخ سامی المسعودی نے اس نوعیت کی ملاقاتوں کو حجاج کے یکجا کرنے کے واسطے انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا۔

بقیہ 16

جارہی ہے۔ بے دخل کیے گئے فلسطینیوں کی تعداد 27 ہے جن میں زیادہ بچے اور خواتین ہیں۔ یہ خاندان 70 سال سے ان گھروں میں آباد تھے۔ ان کی جبری بے دخلی کا مقصد وہاں پر یہودیوں کو آباد کرنا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مقامی انسانی حقوق کے ذرائع نے بتایا کہ فلسطینی خاندانوں کو مکانات خالی کرنے کے عدالتی فیصلے کے بارے میں بتا دیا گیا ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ انہیں گھر خالی کرنے کے لیے 2 مئی تک کی مہلت دی گئی ہے۔ اسرائیل کی مرکزی عدالت کا یہ فیصلہ الشیخ جراح میں فلسطینیوں کے گھروں کی مسماری اور غاصبانہ قبضے کی منظم صہیونی مہم کا حصہ ہے۔ اسرائیلی عدالتوں کی طرف سے الشیخ جراح بطن الھوی اور سلوان میں بسنے والے سیکڑوں فلسطینی خاندانوں کو بے دخل کرنے کے فیصلے صادر ہورہے ہیں۔ گذشتہ ہفتے اسرائیل کی ایک عدالت نے سلوان میں بطن الھوی کے مقام پر آباد چار فلسطینی خاندانوں کو بے دخل کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ سال 2020 کے دوران اسرائیلی عدالتوں نے 14 فلسطینی خاندانوں کو بطن الھوی اور الشیخ جراح کے مقامات سے نکل جانے اور گھر خالی کرنے کے احکامات دیے تھے۔

بقیہ 17

کے مقامی فلسطینی ذرائع نے بتایا کہ اسرائیلی فوج نے بھاری مشینری کے ساتھ جبل المکبر میں دیر السنہ کے مقام پر چھاپہ مارا۔ قابض فوج نے ایک فلسطینی خاندان کی اراضی کے گرد لگائی خار دار تار کاٹ ڈالی۔ خیال رہے کہ بیت المقدس میں فلسطینی شہریوں کے لیے گھروں کی تعمیر پر پابندیوں کے ساتھ ساتھ صہیونی ریاست کی طرف سے ان کے گھروں کی مسماریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ادھر ایک دوسرے سیاق میں اسرائیلی فوج نے 40 سالہ جہاد حسن ابو رموز کا عارضی مکان بھی مسمار کر دیا۔ ایک ماہ قبل قابض فوج نے ابو رموز کا مکان مسمار کر دیا تھا۔ ابو رموز اور اس کے خاندان کے 4 افراد اس میں مقیم تھے اور یہ مکان 90 مربع میٹر پر تعمیر کیا گیا تھا۔

بقیہ 18

سے ہوئی جس نے عام محلول سے تیار 58 ہزار سے زائد جعلی ویکسین تیار کرنے سے قبل اصلی ویکسین کے پیکیجنگ اور اس کے ڈیزائنوں پر تحقیق کی تھی۔ حکام نے بتایا کہ جعلی ویکسین کا ایک بیچ بیرون ملک اسمگل کیا گیا تاہم یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ جعلی ویکسین کہاں بھیجی گئیں۔ خیال رہے کہ کانگ ان 70 افراد میں شامل ہیں جنہیں جعلی ویکسین تیار کرنے کے جرم میں گرفتار کیا گیا۔ بیجنگ نے جعلی ویکسین کے خلاف بھرپور کارروائی کا اعلان کیا اور اب تک جعلی ویکسین کے 20 سے زائد مقدمات درج ہوچکے ہیں۔ اگرچہ زیادہ تر مقدمات گزشتہ برس کے آخر میں منظر عام پر آئے لیکن ان کی تفصیلات رواں ہفتے سامنے آرہی ہیں۔ عدالتی فیصلے کے مطابق کانگ اور ان کی ٹیم نے سرنجوں میں نمک ملا پانی (سیلائن) یا منرل واٹر ڈال کر گزشتہ برس اگست سے لے کر اب تک 20 لاکھ ڈالر سے زائد کا منافع کمایا۔ انہوں نے بتایا کہ جعلی ویکسینوں میں سے 600 کا بیچ گزشتہ نومبر میں ہانگ کانگ بھیج دیا گیا تھا جہاں سے اسے بیرون ملک روانہ کردیا گیا۔ اس ضمن میں بتایا گیا کہ جعلی ویکسین ہسپتالوں میں مہنگے داموں فروخت کی گئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بعض افراد نے اپنے طور پر ویکسین پروگرام شروع کیے ہیں اور انہوں نے گاں کے رہائشیوں اور کاروں میں سوار لوگوں کو جعلی ویکسین دینے کا منصوبہ بنایا ہوا ہے۔ چین کی اعلی عدالت نے علاقائی اداروں سے ایسی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے پولیس سے تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔ علاوہ ازیں گزشتہ برس دسمبر میں انٹرپول نے کووڈ 19 کی جعلی ویکسین سے خبردار کیا تھا۔ انٹرپول نے ٹوئٹر پر کہا تھا کہ کورونا کی جعلی ویکسین فراہم کرنے یا لگانے والوں کے منظم گروہ سے خبردار رہنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 19

دوران چین کی جانب سے یورپی بلاک کے ساتھ امریکا کے مقابلے میں زیادہ تجارت کی گئی۔ دریں اثنا برطانیہ ای یو سے علیحدگی کے بعد یورپی یونین کا تیسرا بڑا تجارتی پارٹنر ملک رہا۔ چین کو امریکا سے تجارت میں سبقت گزشتہ برس کی پہلی سہ ماہی کے دوران کورونا وائرس کی وبا سے متاثر ہونے کے بعد حاصل ہوئی تاہم اسی سال کے آخر میں چینی معیشت سنبھلنے کے باعث ملکی کھپت میں ماضی کے مقابلے میں اضافہ دیکھا گیا۔ اس کے یورپی مصنوعات کے فروخت میں مدد ملی، خاص طور پر آٹو موبائل اور لگژری مصنوعات کے شعبوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ ادھر یورپ میں طبی سازوسامان اور الیکٹرانکس کی مانگ میں زبردست اضافے کے نتیجے میں چین کو فائدہ حاصل ہوا۔ علاوہ ازیں یورپی بلاک اور چین کے مابین طویل مذاکرات کے ساتھ سرمایہ کاری کے معاہدے طے کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، تاکہ یورپی کمپنیوں کو چینی منڈیوں تک بہتر رسائی حاصل ہوسکے۔ یورو اسٹیٹ کے اعداد و شمار کے مطابق 2020 کے دوران ای یو کا چین کے ساتھ تجارتی حجم 586 ارب یورو (711 ارب امریکی ڈالر) تک پہنچ گیا جبکہ امریکا کے ساتھ 555 ارب یورو (673 ارب امریکی ڈالر) کی تجارت کی گئی۔ اعداد و شمار کی یورپی ایجنسی نے بتایا کہ یورپی یونین کی برآمدات 2.2 فیصد اضافے کے ساتھ 202.5 ارب یورو تک پہنچ گئیں جبکہ اسی دوران چین سے درآمدات 5.6 فیصد اضافے کے ساتھ 383.5 ارب یورو رہی۔ یورپی یونین، امریکا کی سب سے بڑی برآمدی منڈی ہے جہاں امریکا کی مجموعی برآمدات کا پانچواں حصہ اپنی کھپت دیکھتا ہے۔ اسی طرح یورپی برآمدات کا پانچواں حصہ امریکی مارکیٹ کا حصہ بنتا ہے۔ سال 2017 میں دونوں خطوں کے درمیان ساز و سامان اور سروس کی مد میں 1,069.3 بلین یورو کی تجارت ہوئی۔ یورپ نے امریکا سے 256.2 بلین یورو کا سامان درآمد کیا اور 375.8 بلین یورو کا تجارتی مال برآمد کیا۔ اسی سال کے دوران امریکا کے ساتھ یورپی یونین کی برآمدات میں 13.2 فیصد اور درآمدات میں 8.2 فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے۔ ماضی میں یورپی یونین اور امریکا ایک دوسرے کی سب سے بڑی برآمدی و درآمدی مارکیٹیں رہی ہیں۔ تاہم ماضی قریب میں سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے یورپ کے لیے اسٹیل اور المونیم جیسی مصنوعات پر اضافی محصولات عائد کردی تھیں، جس کے بعد یورپ کی جانب سے بھی چند امریکی مصنوعات پر جوابی محصولات عائد کیے گئے۔ یوروسٹیٹ کے مطابق سن 2020 میں برطانیہ کے ساتھ تجارت میں بھی واضح کمی ہوئی، کیونکہ گزشتہ سال برطانیہ نے باضابطہ طور پر یورپی بلاک چھوڑ دیا۔ واضح رہے 31 دسمبر تک برطانیہ کی ای یو بلاک سے علیحدگی کی مدت ختم نہیں ہوئی تھی۔ یورپی ایجنسی کے اعداد و شمار کے مطابق یورپی یونین کی برطانیہ کے ساتھ برآمدات میں 13.2 فیصد جبکہ درآمدات میں 13.9 فیصد کمی ہوئی۔

بقیہ 20

حکومت اور اقوام متحدہ کے یمن کے لیے خصوصی ایلچی گریفتھس کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہے۔ انہوں نے یمن میں بحران کے حل اور اور یمنی عوام کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ یمن میں امریکی مندوب نے کہا کہ سعودی عرب میں شہریوں کی املاک پر حوثیوں کے حملوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ امن سے راہ فرار اختیار کرنا چاہتے ہیں۔ نیز ایران کی طرف سے حوثیوں کو بارودی سرنگوں کی فراہمی جہاز رانی کو خطرات لاحق ہیں۔ امریکی ایلچی نے کہا کہ یمنی بحران کا خاتمہ ان کی اولین خواہش ہے۔ انہوں نے یمن کے بحران کے حل کے لیے خطے کے اتحادی ممالک اور شراکت داروں کے ساتھ مزید تعاون کی خواہش کا اظہار کیا۔ لینڈر کنگ نے زور دے کر کہا کہ اگر یمن میں امن چاہتے ہیں تو حوثیوں کو اپنے آپ کو ایران سے دور رکھنا ہوگا۔ ایران کو حوثیوں کی فوجی مدد کرنا اور حوثیوں کو بارودی سرنگیں فراہم کرنا بند کرنا ہوں گی۔

بقیہ 21

ہوائی اڈے پر راکٹ حملے ملک کا امن تباہ کرنے کی ایک سوچی سمجھی سازش ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ کچھ گروپوں نے ان حملوں کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ طالبانی کا کہنا تھا کہ دہشت گرد تنظیموں کا مقصد صرف امن کو تباہ کرنا ہے۔ کردستان کے نائب وزیر اعلی نے کہا کہ اربیل ہوائی اڈے پر ہونے والے حملے کی تحقیقات کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ اس حوالے سے اقوام متحدہ کے ساتھ مل کر بھی تحقیقات کی جائیں گی۔ کرد عہدیدار نے عالمی برادری سے صوبہ کردستان کی معاونت کی بھی اپیل کی۔ کردستان کی صوبائی انتظامیہ اور نئی امریکی انتظامیہ کے درمیان تعلقات کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں قوباد طالبانی نے کہا کہ امریکی انتظامیہ کے ساتھ ہمارے تعلقات اچھے ہیں اور ہم جو بائیڈن کے ساتھ مل کر کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ 22

لیا۔ رام اللہ میں اسرائیلی فوج کی چھاپہ مار کارروائی کے دوران سلواد جے مقام پر اسرائیلی فوج نے 13 فلسطینیوں کو حراست میں لیا جن میں سے بعض کو رہا کر دیا گیا ہے۔ ان کی شناخت مہند الطویل، محمد فارس، محمد حامد، عبداللہ حامد، عبدالرحمان حامد، احمد عید اور طارق حامد کے ناموں سے کی گئی ہے۔ ادھر رام اللہ میں قدورہ کیمپ میں ایک کارروائی کے دوران اسرائیلی فوج نے رافت ابو شقرہ کو حراست میں لیا۔ اس کے علاوہ اسی علاقے سے عماد یاسر الجبر اور ان کے بیٹے محمد کو الخلیل شہر سے حراست میں لیا گیا ہے۔ مشرقی نابلس میں تلاشی کے دوران بیت فوریک سے فادی جبارہ کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ اسرائیلی فوج نے جنوبی الخلیل کے علاقے الکرمل میں رامی احمد ابو زنید، وائل عبدالعزیز ابو زنید، سامی عیسی شناتہ اور حاتم محمود مخامرہ کو حراست میں لیا گیا۔

بقیہ 23

نے عراق کے شہر اربیل کے ہوائی اڈے پر حملے کی مذمت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ عراق کے استحکام کے لیے داعش کے خلاف جنگ جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں عراق میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے خصوصی نمائندے نے عراق کے کردستان علاقے میں راکٹ حملے کی مذمت کی، اس حملے میں ایک سول کنٹریکٹر ہلاک اور امریکی فوجی سمیت متعدد افراد زخمی ہوگئے تھے۔ پلاشارٹ نے بغداد اور اربیل کے مابین قریبی تعاون کی ضرورت پر زور دیا اور کہا اربیل اور بغداد مل کر ملک میں تخریب کاری کے مرتکب عناصر کو کٹہرے میں لائیں۔ ادھر امریکی وزیر خارجہ انٹنی بلنکن نے کہا کہ اربیل ہوائی اڈے پر حملہ ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں مزید کہا کہ میں نے اس واقعے پر تبادلہ خیال کرنے اور اس کی تحقیقات کرنے اور ذمہ داروں کو قصوروار ٹھہرانے کے لیے ہر طرح کی کوششوں کی حمایت کرتا ہوں۔ انہوں نے صوبہ کردستان کے وزیر اعلی مسعود بارزانی سے بھی ٹیلیفون پر بات چیت کی اور اس حملے پر کردستان کے ساتھ ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ 24

طرف سے یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا جب دوسری طرف عبوری وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو اگلے ماہ اپنی دوبارہ انتخاب لڑنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ نیتن یاہو نے ایک بار پھر ایران کے بارے میں سخت لہجے کا استعمال کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب تک نیتن یاہو اور بائیڈن کے درمیان کوئی براہ راست رابطہ نہیں ہوا۔ امریکا میں متعین اسرائیلی سفیر گیلاد اردان اسرائیلی آرمی ریڈیو سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر نئی انتظامیہ اس معاہدے پر واپس آجاتی ہے تو ہم اس عمل میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔ اسرائیل 2015 کے معاہدے کا فریق نہیں تھا لیکن امریکی کانگریس میں اسرائیل کے طاقت ور حامی اور اتحادی موجود تھے۔ نیتن یاہو کی ایران کے خلاف یک طرفہ فوجی کارروائی کی دھمکیاں بھی سپر پاور کے زمرے میں آتی ہیں۔ اسرائیلی سفیر گیلاد اردان نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ اگر امریکا اس معاہدے پر واپس آجاتا ہے جس سے وہ پہلے ہی دستبردار ہوچکا ہے تو وہ اپنا سارا اختیار کھو دے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ حالیہ پابندیاں برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ ایران کو ٹھوس فوجی انتباہ کے ذریعے مغرب کے ساتھ نتیجہ خیز مذاکرات پر قائل کیا جاسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے روکنا ضروری ہے

بقیہ 25

بیٹھی ہیں اور ہاتھ میں قلم پکڑے نوٹ بک میں کچھ لکھنے میں مصروف ہیں۔ ایک اور تصویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ گھر کا ملازم انہیں پیالے میں مشروب لا کر دے رہا ہے اور وہ مسکراہٹ کے ساتھ وصول کر رہی ہیں۔ ایوانکا گزشتہ ایک ماہ سے اپنے 40 سالہ شوہر اور 3 بچوں کے ساتھ میامی میں مقیم ہیں۔

بقیہ 26

ہیکروں نے امریکی فارماسیوٹیکل کمپنی فائزر کے آن لائن نیٹ ورک پر حملہ کر کے اس ادارے کی طرف سے کورونا وائرس کے خلاف تیار کردہ ویکسین کے ڈیٹا تک رسائی کی کوشش کی۔ جنوبی کوریائی خفیہ اداروں نے بتایا کہ ملکی خفیہ ادارے این آئی ایس کی طرف سے سیول میں پارلیمانی ارکان کو جو بریفنگ دی گئی، اس میں بتایا گیا کہ کیمونسٹ کوریا کے ہیکر کوشاں تھے کہ فائزر کے سائبر نیٹ ورک سے نئے کورونا وائرس کی وجہ سے پیدا ہونے والی انفیکشن کے علاج اور فائزر کی تیار کردہ ویکسین سے متعلق معلومات حاصل کرسکیں۔ امریکی کمپنی فائزر نے جرمن دوا ساز ادارے بائیو این ٹیک کے ساتھ مل کر کورونا وائرس کے خلاف ویکسین تیار کی ہے۔ اس ویکسین کی منظوری کے لیے درخواست فائزر نے دی تھی۔ فائزر وہ پہلی مغربی دوا ساز کمپنی تھی، جس کی تیار کردہ ویکسین کے عام استعمال کی باقاعدہ منظوری دی گئی تھی۔

بقیہ 27

لیے نعرے لگائے۔ مظاہرین نے سینٹرل بینک جانے والے راستے بند کر دیے اور بینک ملازمین کو سول نافرمانی تحریک میں شامل ہونے کی پیشکش کی، احتجاجی تحریک روکنے کے لیے ملک بھر میں انٹرنیٹ معطل کر کے اضافی فورسز تعینات کر دی گئی ہے۔ دوسری طرف پولیس نے آن سان سوچی پر درآمدی و برآمدی قوانین کی خلاف ورزی کے بعد قدرتی آفات سے نمٹنے والے قانون کی خلاف ورزی کا الزام بھی عائد کردیا ہے۔ یاد رہے کہ میانمار میں فوج نے یکم فروری کو اقتدار پر قبضہ کرکے حکمراں آن سان سوچی کو حراست میں لے لیا تھا۔

بقیہ 28

مصروف ہے۔ اس کے علاوہ جانوروں کو ریسکیو کرنے والے افراد بھی موقع پر موجود ہیں۔ رینگنے والے جانوروں کے ایک مرکز نے مقامی بلدیاتی انتظامیہ کو اتوار چودہ فروری کو مطلع کیا تھا کہ اس کے سانپوں میں سے ایک لاپتا ہے۔ اس ٹیرارئیم میں کل ایک درجن سانپوں کو رکھا گیا ہے۔ جو سانپ گم ہوا ہے وہ بچہ ہے اور اس کی لمبائی 20 سینٹی میٹر یا سات انچ کے قریب ہے۔ اس سانپ کی تلاش کے لیے کولون کے چڑیا گھر کے سانپ مرکز کے ایک ماہر کی خدمات بھی حاصل کرلی گئی ہیں۔ امکان ظاہر کیا گیا ہے کہ اگر یہ سانپ متعلقہ عمارت سے باہر نکل گیا ہے، تو اس کے بچنے کے امکانات نا ہونے کے برابر ہیں کیونکہ باقی ماندہ جرمنی کی طرح کولون میں بھی ان دنوں شدید سردی ہے اور سرد موسم سانپ کو موافق نہیں آتا۔ کولون میں گم ہو جانے والا کیپ کورال قسم کا سانپ جنوبی افریقہ کے خشک اور بارانی علاقے میں پایا جاتا ہے۔ اس کی خوراک میں چھوٹی جسامت کی چھپکلیوں اور زمین کے اندر رہنے والے چوہوں جیسے جانور شامل ہیں۔ یہ ایک زہریلا سانپ ہے۔ دنیا بھر میں سانپوں کی تین ہزار قسمیں پائی جاتی ہیں۔ ان میں سے صرف سات قسم کے سانپ جرمنی میں پائے جاتے ہیں۔ جرمنی میں گاہے بگاہے سانپ نظر آنے یا اس کی موجودگی کی وجہ سے خوف و ہراس پھیلنے کی اطلاعات سامنے آتی رہتی ہیں۔ رواں برس جنوری میں بوخم شہر کے ایک کنڈر گارٹن کے تہہ خانے میں ایک سانپ کی نشاندہی کی گئی تھی۔ تب فائر بریگیڈ کا عملہ وہاں پہنچ تو گیا تھا مگر اسے وہاں سے صرف اس اژدہے کی کینچلی ملی تھی۔ سانپوں کو جرمن قانون کے تحت تحفظ حاصل ہے کیونکہ ان کی افزائش نسل کا علاقہ مسلسل کم ہوتا جارہا ہے۔

بقیہ 29

ذاکر نے بتایا کہ عدالت نے اس قتل کے چھ مجرموں میں سے پانچ کو سزائے موت اور ایک کو عمر قید سنائی۔ جن دو افراد کو ان کی عدم موجودگی میں سزا سنائی گئی، ان میں ایک سابقہ فوجی افسر سید ضیا الحق بھی شامل ہے۔ وکلائے دفاع نے خصوصی ٹریبونل کے فیصلے کو اعلی عدالت میں چیلنج کرنے کا عندیہ دیا۔ واضح رہے کہ مقتول ابھی جیت رائے کو فروری سن 2015 میں ٹوکے سے قتل کر دیا گیا تھا۔ وہ ایک مقبول بلاگر ہونے کے ساتھ ساتھ دس کتابوں کے مصنف بھی تھے۔ ان کی ایک کتاب وشواشر وائرس یعنی مذہب کا وائرس انتہائی مقبول اور بیسٹ سیلنگ میں شمار ہوتی ہے۔

بقیہ 30

کہنا تھا کہ ام القری ویکسینیشن سینٹر مکہ معظمہ میں شہریوں کو ویکسین لگانے کا سب سے بڑا مرکز ہے۔ وزارت صحت آنے والے دنوں میں شاہ عبداللہ میڈیکل کمپلیکس، الشرائع، المعابدہ، العوالی اور

خودکشی کرنے والے بھارتی اداکار سندیپ ناہر کی آخری پوسٹ

اب مزید جینے کی تمنا نہیں رہی، زندگی میں کافی دُکھ سُکھ دیکھ لیے ہیں لیکن آج میں جس دُکھ میں ہوں وہ برداشت سے باہر ہے

میرے سامنے میری زندگی کے مسائل کا واحد حل میری خودکشی ہے، مجھے نہیں پتہ کہ میری اگلی زندگی کیسی ہوگی' آخری نوٹ



ممبئی (این این آئی) خودکشی کر کے اپنی زندگی کا خاتمہ کرنے والے بھارتی اداکار سندیپ ناہر کی آخری فیس بک پوسٹ زیر گردش ہے جس میں انہوں نے اپنے ذہنی تناؤ، بالی ووڈ میں اقربا پروری کے حوالے سے تفصیل سے بات چیت کی۔ آخری فیس بک پوسٹ میں سندیپ نے ہیش ٹیگ 'سوسائیڈ نوٹ' کا استعمال کرتے ہوئے لکھا کہ اب مزید جینے کی تمنا نہیں رہی، زندگی میں کافی دُکھ سُکھ دیکھ لیے ہیں لیکن آج میں جس دُکھ میں ہوں وہ برداشت سے باہر ہے۔ اداکار نے اپنی اہلیہ اور ساس کے حوالے سے لکھا کہ دونوں نے ہی نہ مجھے کبھی سمجھا اور نہ سمجھنے کی کوشش کی، میری اہلیہ سے بالکل نہیں بنتی، روز روز کی لڑائی سے تنگ آ گیا ہوں اب مجھ میں مزید سہنے کی طاقت نہیں۔ انہوں نے اپنی خودکشی کا ذمہ دار اہلیہ کو نہ ٹھہرانے کا کہتے ہوئے لکھا کہ اس میں اہلیہ کی کوئی غلطی نہیں ہے کیونکہ وہ ایسی ہی فطرت کی مالک ہیں۔ اداکار نے اپنے آخری نوٹ میں والدین کا شکریہ ادا کیا اور لکھا کہ انہیں معلوم ہے کہ وہ کہیں گے کہ ہماری وجہ سے کیوں اپنی زندگی جاری نہیں رکھی، لیکن انہیں میں بتانا چاہتا ہوں کہ جینے کیلئے بہادری چاہئے ہوتی ہے۔ اداکار نے لکھا کہ میرے سامنے میری زندگی کے مسائل کا واحد حل میری خودکشی ہے، مجھے نہیں پتہ کہ میری اگلی زندگی کیسی ہوگی لیکن مجھے یقین ہے کہ اس کا سامنا میں آسانی سے کرلوں گا۔ آخر میں سندیپ نے لکھا کہ میرے جانے کے بعد میری اہلیہ کو کچھ نہ کہیے گا بس ہو سکے تو اس کے دماغ کا علاج کروانے کی کوشش کیجئے گا۔ خیال رہے کہ سندیپ ناہر نے اس نوٹ کو فیس بک پر پوسٹ کرنے کے بعد گورا گاؤں کے علاقے میں واقع اپنے گھر میں مبینہ طور پر خودکشی کر لی ہے۔ سندیپ ناہر نے فلم 'ایم ایس دھونی: ایک ان کہی کہانی' میں سشانت سنگھ راجپوت کے ساتھ کام کیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ سندیپ کی پھندا لگی لاش ان کے گھر میں لٹکی ہوئی پائی گئی، تاہم انہیں فوری اسپتال منتقل بھی کیا گیا، تاہم وہ اس سے قبل ہی ہلاک ہو چکے تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ معاملے کی تحقیقات کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔

سید نور میرے لئے ہی نہیں انڈسٹری کیلئے بھی خوش بختی کا باعث ہیں' صائمہ نور

صرف سید نور کی فلموں میں کام کرنے کا تاثر غلط ہے، تمام ہدایتکاروں کیساتھ کام کیا ہے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ صائمہ نور نے کہا ہے کہ ہدایتکار سید نور جہاں میرے لئے خوش قسمتی کی علامت ہیں وہیں وہ انڈسٹری کیلئے بھی خوش بختی کا باعث ہیں، ان کی ریلیز ہونے والی فلمیں دیگر ہدایتکاروں کے مقابلے میں زیادہ کامیاب رہی ہیں۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ میرے بارے میں یہ تاثر غلط ہے کہ میں صرف سید نور کی فلموں میں کام کرنا پسند کرتی ہوں بلکہ میں نے تمام ہدایتکاروں کے ساتھ کام کیا ہے اور کامیابیاں بھی حاصل کی ہیں، میرے لئے تمام ہدایتکار قابل احترام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے کیریئر میں کبھی بھی نمبروں کی دوڑ میں شامل نہیں رہی بلکہ میں نے ہمیشہ اپنے کام سے کام رکھا ہے۔

اداکار نعمان اعجاز کینیڈا نے کینیڈا میں ہوٹل کھول لیا

لاہور (این این آئی) سینئر نامور اداکار نعمان اعجاز کینیڈا نے کینیڈا میں ہوٹل کھول لیا۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر نعمان اعجا کی فیملی کے اراکین، کینیڈا میں مقیم دوستوں اور اوور سیز پاکستانیوں کی کثیر تعداد شریک ہوئی جنہوں نے انہیں اپنا کاروبار شروع کرنے پر مبارکبادیں پیش کیں۔ ہوٹل کے افتتاح کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ہیں۔

مٹھائی میری کمزوری ہے، حمیرا چنا

یہی خواہش ہوتی ہے کھانے میں میٹھا مل جائے

لاہور (این این آئی) گلوکارہ حمیرا چنا نے کہا ہے کہ مٹھائی کھانے کا بہت شوقین ہوں اور مجھے مٹھائی میں چم چم اور رس گلے بہت پسند ہیں اور شاید یہی وجہ ہے کہ میری گلوکاری میں مٹھاس ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے حمیرا چنا نے کہا کہ میں جہاں بھی جاؤں میری یہ خواہش ہوتی ہے کہ مجھے کھانے میں سویٹس ملیں۔ انہوں نے کہا کہ گائیکی ایک انتہائی مشکل فن ہے اس کیلئے بھرپور محنت کی ضرورت ہوتی ہے، میرے نزدیک سب اچھا گانے والے بڑے گلوکار ہیں۔ ملکہ ترنم نور جہاں، مہدی حسن، نصرت فتح علی خان، ریشماں کی کامیابیاں ہمارے ملک کا اثاثہ ہیں، اسی طرح عابدہ پروین کا ذکر کرنا چاہوں گی جنہوں نے صوفیانہ کلام سے پوری دنیا میں صوفی ازم کے پیغام کا پرچار کیا اور امن کے لئے پاکستان کا نام روشن کیا۔ گلوکارہ حمیرا چنا نے کہا ہے کہ مٹھائی کھانے کا بہت شوقین ہوں اور مجھے مٹھائی میں چم چم اور رس گلے بہت پسند ہیں اور شاید یہی وجہ ہے کہ میری گلوکاری میں مٹھاس ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے حمیرا چنا نے کہا کہ میں جہاں بھی جاؤں میری یہ خواہش ہوتی ہے کہ مجھے کھانے میں سویٹس ملیں۔ انہوں نے کہا کہ گائیکی ایک انتہائی مشکل فن ہے اس کیلئے بھرپور محنت کی ضرورت ہوتی ہے، میرے نزدیک سب اچھا گانے والے بڑے گلوکار ہیں۔ ملکہ ترنم نور جہاں، مہدی حسن، نصرت فتح علی خان، ریشماں کی کامیابیاں ہمارے ملک کا اثاثہ ہیں، اسی طرح عابدہ پروین کا ذکر کرنا چاہوں گی جنہوں نے صوفیانہ کلام سے پوری دنیا میں صوفی ازم کے پیغام کا پرچار کیا اور امن کے لئے پاکستان کا نام روشن کیا۔ ملکہ ترنم نور جہاں، مہدی حسن، نصرت فتح علی خان، ریشماں کی کامیابیاں ہمارے ملک کا اثاثہ ہیں، اسی طرح عابدہ پروین کا ذکر کرنا چاہوں گی جنہوں نے صوفیانہ کلام سے پوری دنیا میں صوفی ازم کے پیغام کا پرچار کیا اور امن کے لئے پاکستان کا نام روشن کیا۔

کچھ کرنے سے متعلق فیصلہ لینے میں بہت ہی سست ہوں' ماہرہ خان

سچ بتاؤں تو میں ہمیشہ کیمرے کے پیچھے ہی کام کرنا چاہتی تھی بطور ڈائریکٹر یا پروڈیوسر

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ ماہرہ خان نے کہا ہے کہ وہ کچھ کرنے سے متعلق فیصلہ لینے میں بہت ہی سست ہیں۔ اداکارہ ماہرہ خان نے غیر ملکی میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سچ بتاؤں تو میں ہمیشہ کیمرے کے پیچھے ہی کام کرنا چاہتی تھی بطور ڈائریکٹر یا پروڈیوسر۔ میری ساتھی پروڈیوسر نے مجھے حوصلہ دیا۔ پہلے چھوٹے پروجیکٹس پر کام کرنا چاہتی ہوں۔ ماہرہ خان نے اپنی پروڈکشن میں بننے والی فلم 'بارہواں کھلاڑی' میں خود کو کاسٹ نہ کرنے سے متعلق بتایا کہ اس فلم میں ایسا رول نہیں جو مجھے سوٹ کرے۔ اگر میری عمر کم ہوتی تو میں اس میں کام کرتی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ فلم دوستی، رشتے، اتحاد، کامیابی، ناکامی، پیار محبت اور ہمت کے بارے میں ہے۔ کچھ دن قبل ماہرہ خان نے انسٹاگرام پر فلم کا پوسٹر جاری کیا تھا جس میں اداکار دانیال ظفر اور شاہ ویر جعفری بیٹھے نظر آ رہے تھے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کی معروف اداکارہ ماہرہ خان نے کہا ہے کہ وہ کچھ کرنے سے متعلق فیصلہ لینے میں بہت ہی سست ہیں۔ اداکارہ ماہرہ خان نے غیر ملکی میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سچ بتاؤں تو میں ہمیشہ کیمرے کے پیچھے ہی کام کرنا چاہتی تھی بطور ڈائریکٹر یا پروڈیوسر۔ میری ساتھی پروڈیوسر نے مجھے حوصلہ دیا۔ پہلے چھوٹے پروجیکٹس پر کام کرنا چاہتی ہوں۔ ماہرہ خان نے اپنی پروڈکشن میں بننے والی فلم 'بارہواں کھلاڑی' میں خود کو کاسٹ نہ کرنے سے متعلق بتایا کہ اس فلم میں ایسا رول نہیں

اداکارہ شیزا بٹ نے سوشل میڈیا سٹار علی خان پر تھپڑوں کی بارش کر دی

لاہور (این این آئی) اداکارہ شیزا بٹ نے سوشل میڈیا سٹار علی خان پر تھپڑوں کی بارش کر دی۔ نامور سوشل میڈیا سٹار علی خان اداکارہ شیزا بٹ کے سامنے عجیب و غریب حرکتیں کر رہے تھے جس سے تنگ آ کر اداکارہ نے علی خان کے منہ پر جوس پھینک دیا اور اس کے بعد تھپڑوں کی بارش کر دی۔ علی خان نے بڑی مشکل سے اداکارہ شیزا بٹ سے جان چھڑائی اور انہیں بتایا کہ دفتر میں کیمرہ لگا ہوا ہے اور آپ سے پرینک کیا جا رہا ہے لیکن اس کے باوجود اداکارہ شیزا بٹ کا غصہ ٹھنڈا نہ ہوا اور غصے میں وہاں سے چلی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق اداکارہ شیزا بٹ نے سوشل میڈیا سٹار علی خان پر تھپڑوں کی بارش کر دی۔ نامور سوشل میڈیا سٹار علی خان اداکارہ شیزا بٹ کے سامنے عجیب و غریب حرکتیں کر رہے تھے جس سے تنگ آ کر اداکارہ نے علی خان کے منہ پر جوس پھینک دیا اور اس کے بعد تھپڑوں کی بارش کر دی۔ علی خان نے بڑی مشکل سے اداکارہ شیزا بٹ سے جان چھڑائی اور انہیں بتایا کہ دفتر میں کیمرہ لگا ہوا ہے اور آپ سے پرینک کیا جا رہا ہے لیکن اس کے باوجود اداکارہ شیزا بٹ کا غصہ ٹھنڈا نہ ہوا اور غصے میں وہاں سے چلی گئیں۔

پی ٹی وی لاہور سینٹر کے میوزک شو "ساڈے نال" کی عوامی حلقوں میں مقبولیت

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی وژن لاہور سینٹر سے پروڈیوسر محمد الیاس چوہدری کا میوزک شو "ساڈے نال" نے عوامی حلقوں میں مقبولیت اختیار کر لی۔ شو کی میزبانی کے فرائض نامور کمپیئر ریاض خان اور ماہم بٹ سرانجام دے رہے ہیں۔ شو میں نامور گلوکاروں کے ساتھ نئے ٹیلنٹ کو بھی مدعو کیا جاتا ہے۔ شو کے پروڈیوسر محمد الیاس چوہدری ہیں جو اس سے پہلے بھی کامیاب پراجیکٹ بنا چکے ہیں۔

بعض اوقات گھریلو، نجی مصروفیات کی وجہ سے اپنی ذات کیلئے وقت نہیں نکلتا' عفت رحیم

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و ماڈل عفت رحیم نے کہا ہے کہ مصروفیات کی وجہ سے میں دعوتوں پر کم جاتی ہوں، بعض اوقات گھریلو اور نجی مصروفیات اس قدر ہوتی ہیں کہ اپنی ذات کیلئے وقت نکالنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ ایک انٹرویو میں عفت رحیم نے کہا کہ ایسا نہیں ہے کہ اینٹی سوشل ہوں لیکن ہر روز دعوتوں میں شریک نہیں ہوتی اور اس کی وجہ مختلف طرح کی مصروفیات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شوبز انڈسٹری میں نئے آنے والوں کو بھرپور موقع ملنا چاہیے اور سینئرز کو چاہیے کہ ان کی رہنمائی کریں تا کہ ان کی اداکاری اور کام میں نکھار آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا نہیں ہے کہ اینٹی سوشل ہوں لیکن ہر روز دعوتوں میں شریک نہیں ہوتی اور اس کی وجہ مختلف طرح کی مصروفیات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شوبز انڈسٹری میں نئے آنے والوں کو بھرپور موقع ملنا چاہیے اور سینئرز کو چاہیے کہ ان کی رہنمائی کریں

حالات کی وجہ سے کئی سینئر فنکار کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں' جاوید کوڈو

حکومت فنکاروں کو چھت مہیا کرنے علاج معالجے کی فراہمی کی جامع پالیسی بنائے

لاہور (این این آئی) نامور کامیڈین اداکار جاوید کوڈو نے کہا ہے کہ حالات کی وجہ سے کئی سینئر فنکار کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، حکومت کو فنکاروں کے لئے جامع پالیسی بنانی چاہیے جس کے تحت انہیں چھت اور علاج معالجے کی سہولیات میسر ہوں۔ گفتگو کرتے ہوئے جاوید کوڈو نے کہا کہ اسٹیج فنکاروں کی اکثریت کرائے کے گھروں میں رہتی ہے اور اسٹیج پر کام نہ ہونے کی وجہ سے ان کے مالی حالات بھی انتہائی خراب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ فنکاروں کو نظرانداز کرنے کی بجائے ان کے لئے جامع پالیسی مرتب کی جائے جس سے حکومت کی بھی نیک نامی ہوگی۔ میرا مطالبہ ہے کہ جو بھی فنکار بیمار ہیں انہیں سرکاری سطح پر علاج معالجے کی مفت سہولیات فراہم کی جائیں۔

اقربا پروری کامیابی کی ضمانت نہیں ہے، اکاسا سنگھ

ہر بار رشتے داریاں کام نہیں آتیں، کامیابی کے لیے محنت کرنا پڑتی ہے، گلوکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی معروف نوجوان گلوکارہ اکاسا سنگھ کا کہنا ہیکہ اقربا پروری کامیابی کی ضمانت نہیں، اس کے لیے محنت کرنا پڑتی ہے۔ بالی وڈ میں متعدد سپرہٹ گانے گانے والی گلوکارہ نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ انہوں نے اس مقام تک پہنچنے کے لیے بہت محنت کی ہے۔ اکاسا کا کہنا تھا کہ لوگ کہتے ہیں کہ مجھے 'ناگن' گانے کی بدولت جلد شہرت مل گئی پر حقیقت میں ایسا نہیں، اس سے قبل میری بہت زیادہ محنت ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ جدوجہد کے دوران وہ سیکھتی رہی ہیں جس کا انہیں فائدہ ہوا ہے۔ بالی وڈ میں اقربا پروری کے سوال پر اکاسا کا کہنا تھا کہ یہ کسی کے کیریئر کی کامیابی کی ضمانت نہیں ہے، ہر بار رشتے داریاں کام نہیں آتیں، البتہ اکثر لوگوں کو مواقع حاصل کرنے لیے سخت محنت کرنا پڑتی ہے اور بعض کو مواقع آسانی سے مل جاتے ہیں مگر یہ کامیابی کی ضمانت نہیں، اس کے لیے خود ہی محنت کرنا پڑتی ہے۔ خیال رہے کہ بالی وڈ میں اقربا پروری کے حوالے سے گذشتہ چند سالوں سے بحث جاری ہے تاہم اس میں اس وقت اضافہ ہوا جب اداکار سشانت سنگھ نے مبینہ طور پر بالی وڈ میں نظر انداز کیے جانے اور کام نہ ملنے پر خودکشی کر لی تھی جس پر اداکارہ کنگنا رناوت نے اس کا ذمہ دار بالی وڈ میں اقربا پروری کو قرار دیا تھا۔ کسی کے کیریئر کی کامیابی کی ضمانت نہیں ہے، ہر بار رشتے داریاں کام نہیں آتیں، البتہ اکثر لوگوں کو مواقع حاصل کرنے لیے سخت محنت کرنا پڑتی ہے اور بعض کو مواقع آسانی سے مل جاتے ہیں مگر یہ کامیابی کی ضمانت نہیں، اس کے لیے خود ہی محنت کرنا پڑتی ہے۔ خیال رہے کہ بالی وڈ میں اقربا پروری کے حوالے سے گذشتہ چند سالوں سے بحث جاری ہے تاہم اس میں اس وقت اضافہ ہوا جب اداکار سشانت سنگھ نے مبینہ طور پر بالی وڈ میں نظر انداز کیے جانے اور کام نہ ملنے پر خودکشی کر لی تھی جس پر اداکارہ کنگنا رناوت نے اس کا ذمہ دار بالی وڈ میں اقربا پروری کو قرار دیا تھا۔

قومی مکسڈ مارشل آرٹس ہیرو احمد مجتبیٰ کا کوئٹہ پہنچنے پر شاندار استقبال

کوئٹہ پہنچنے پر احمد مجتبیٰ پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے گئے

مجھے اپنی جیت کیلئے لوگوں کی دعاؤں پر یقین تھا، اللہ نے مجھے کامیابی دی اور میں نے پاکستانی پرچم بلند کیا، احمد مجتبیٰ

کوئٹہ (این این آئی) بھارتی کھلاڑی کو شکست دینے والے قومی مارشل آرٹس ہیرو احمد مجتبیٰ کا کوئٹہ پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ کوئٹہ پہنچنے پر احمد مجتبیٰ پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔ احمد مجتبیٰ کا استقبال کرنے والوں میں پارلیمانی سیکریٹریز بشریٰ رند اور دھنیش کمار، ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی اور سیکرٹری کھیل عمران گچکی سمیت دیگر حکام بھی شامل تھے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احمد مجتبیٰ کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے عزت دی۔ قومی ہیرو نے کہا کہ جس دن میری بھارتی کھلاڑی سے فائٹ تھی اس دن کشمیر ڈے تھا، مجھے اپنی جیت کیلئے لوگوں کی دعاؤں پر یقین تھا، اللہ نے مجھے کامیابی دی اور میں نے پاکستانی پرچم بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے، حکومت سے درخواست ہے کہ مارشل آرٹس کے لیے سہولیات فراہم کرے۔

وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو مکس مارشل آرٹس پلیئر احمد مجتبیٰ کے ساتھ باکسنگ پنچ بناتے ہوئے

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2021 کے لیے براڈ کاسٹ پلان تیار

عالمی شہرت یافتہ کمنٹیٹرز ایچ بی ایل پی ایس ایل 2021 میں کمنٹری کریں گے

لاہور (این این آئی) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2021 کے لیے براڈ کاسٹ پلان تیار کر لیا گیا ہے، ایونٹ کے دوران معروف قومی اور بین الاقوامی کمنٹیٹرز میدان میں جاری ایکشن پر تبصرہ کریں گے۔ معروف انگلش کمنٹیٹر ایلن ولکنز، ڈومنک کارک، پاکستان کے سابق کرکٹرز رمیز راجہ، بازید خان، ثناء ☐ میر، عروج ممتاز اور نیوزی لینڈ کیسابق کرکٹر سائمن ڈول لیگ کے چھٹے ایڈیشن کے دوران کمنٹری کے فرائض انجام دیں گے۔ ممتاز کمنٹیٹر طارق سعید اور سکندر بخت اردو زبان میں کمنٹری کریں گے تاہم نیوزی لینڈ کے ڈینی موریسن اور انگلینڈ کے ڈیوڈ گاور صرف کراچی لیگ میں کمنٹری کے لیے دستیاب ہیں۔ بیس فروری سے شروع ہونے والی کراچی لیگ 7 مارچ تک جاری رہے گی۔ دس مارچ سے 22 مارچ تک جاری رہنے والی لاہور میں جنوبی افریقہ کے جے پی ڈومنی اور زمبابوے کے پومی ایمبینگوا بھی کمنٹری پینل جوائن کرلیں گے۔ ایونٹ کی پروڈکشن بلٹز ایڈورٹائزنگ، ٹرانس گروپ اور این ای پی کے اشتراک سے کی جائے گی۔ ایونٹ کی ایچ ڈی کوریج کے دوران 30 سے زائد کیمروں کا استعمال کیا جائے گا۔ اس دوران سپر سلو اور الٹرا موشن کیمروں سمیت اسپائیڈر کیم، بگی کیم، ہاک آئی اور ڈی آر ایس ٹیکنالوجی کا بھی استعمال کیا جائے گا۔ اس دوران دلچسپ اعداد و شمار کے لیے کرک وِز کا استعمال کیا جائے گا۔ ایونٹ کے دوران ہفتہ وار میگزین شو، ایچ بی ایل پی ایس ایل کہانیاں اور خصوصی فیچرز بھی تیار کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی کا کہنا ہے کہ ہم نے اپنے پراڈکشن معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے بہت محنت کی ہے اور مجھے خوشی ہے کہ ہم این ای پی، بلٹز ایڈورٹائزنگ اور ٹرانس گروپ کے کنسورشیم کے ساتھ مل کر اس پر کام کریں گے۔

سوشل میڈیا پر پی ایس ایل کے نئے ترانے چل جواناں کے چرچے ہونے لگے

اسلام آباد (این این آئی) سوشل میڈیا پر پی ایس ایل کے نئے ترانے چل جواناں کے چرچے ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 6 کا آفیشل ترانہ گروو میرا جاری کیا گیا تھا جسے مداحوں کی جانب سے زیادہ پسند نہیں کیا گیا۔ پی ایس ایل 6 کے آفیشل ترانے گروو میرا میں گلوکارہ نصیبو لعل، آئمہ بیگ، طلحہٰ انجم اور طلحہٰ یونس نے اپنی آواز کا جادو جگایا تھا۔ مداحوں کی جانب سے گروو میرا پر تنقید کرنے کے ساتھ ساتھ گلوکارہ نصیبو لعل کی آواز پر بھی تنقید کی گئی تھی۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر پی ایس ایل کا ایک اور ترانہ چل جواناں خوب وائرل ہو رہا ہے اور اس ترانے کو میوزیشن گروپ پٹھی ٹوپی گینگ کی جانب سے بنایا گیا۔ میوزیشن گروپ پٹھی ٹوپی گینگ نے یہ ترانہ خاص طور پر پی ایس ایل 6 کے لیے بنایا ہے جسے خوب پسند کیا جا رہا ہے۔ پٹھی ٹوپی گینگ کی جانب سے پی ایس ایل 6 کا یہ ترانہ 2 روز قبل یوٹیوب پر ریلیز کیا گیا تھا جسے اب تک 5 لاکھ 4 ہزار سے زائد بار دیکھا جا چکا ہے۔

پی ایس ایل 6، آن لائن ٹکٹس کی فروخت شروع ہوگئی

کورونا کی وجہ سے صرف ساڑھے 7 ہزار افراد کو اجازت دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کے چھٹے ایڈیشن کیلئے ٹکٹوں کی آن لائن فروخت شروع ہوگئی، شائقین ای ٹکٹنگ کی ویب سائیڈ پر تیزی سے ٹکٹوں کی بکنگ کرا رہے ہیں۔ پی سی بی کی درخواست پر این سی او سی نے اسٹیڈیم میں 20 فیصد شائقین کے بیٹھنے کی اجازت دی ہے، نیشنل اسٹیڈیم میں 34 ہزار افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے لیکن کورونا کی وجہ سے صرف ساڑھے 7 ہزار افراد کو اجازت دی گئی ہے۔ ٹکٹوں کی قیمت 500 سے 5000 روپے تک رکھی گئی ہے، نیشنل اسٹیڈیم کراچی کے انکلوژر کو 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جاوید میانداد، حنیف محمد (وی آئی پی انکلوژر)، ظہیر عباس، آصف اقبال، وقار حسن، ماجد خان، اقبال قاسم اور نسیم الغنی (فرسٹ کلاس انکلوژرز) وسیم اکرم عمران خان اور قائد انکلوژر کو (پریمیئم انکلوژر) جبکہ وسیم باری محمد برادرز اور انتخاب عالم انکلوژر کو جنرل کا درجہ دیا گیا ہے۔ ایونٹ کا پہلا میچ کراچی کنگز اور کوئٹہ گلیڈیئٹر کے درمیان ہوگا اسی روز ریکارڈ افتتاحی تقریب بھی دکھائی جائیگی اس وجہ سے پہلے روز سب سے کم قیمت والا ٹکٹ 500 کے بجائے ایک ہزار روپے کا ہوگا جبکہ جس روز دو میچ ایک ساتھ ہیں

لاہور قلندر پی ایس ایل چھ میں اچھا آغاز کریگی، حفیظ

ایک دوسرے کے ساتھ انڈر اسٹینڈنگ بھی ہے اور اعتماد بھی ہے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سینئر کھلاڑی اور پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں ٹیم لاہور قلندرز کے سینئر پلیئر محمد حفیظ نے کہا ہے کہ پی ایس ایل چھ میں اچھا آغاز کرنا چاہتے ہیں۔ محمد حفیظ نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ پانچویں ایڈیشن میں لاہور قلندرز کا آغاز اچھا نہیں تھا، اس بار ہم اچھے آغاز کے ساتھ اپنا مومینٹم برقرار رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور قلندرز کی ٹیم اس سیزن میں بھی اچھا کھیلے گی، اچھی چیز یہ ہے کہ لاہور قلندرز کے پرفارمرز تبدیل نہیں ہوئے ہیں۔ حفیظ کا کہنا تھا کہ ایک دوسرے کے ساتھ انڈر اسٹینڈنگ بھی ہے اور اعتماد بھی ہے، مجھے امید ہے کہ پچھلے سال سے بہتر کھیلوں گا۔ واضح رہے کہ محمد حفیظ پاکستان سپر لیگ کے پہلے چار ایڈیشن میں پشاور زلمی کا حصہ رہے ہیں لیکن وہ مسلسل دوسرے ایڈیشن میں پی ایس ایل کی مقبول ترین فرنچائز لاہور قلندرز کی نمائندگی کر رہے ہیں۔

کھلاڑیوں کو انٹرنیشنل سطح کی سہولیات فراہم کی جائیں، ایاز خان

سوات میں کھیلوں کے فروغ کیلئے اکیڈمیوں کا قیام عمل میں لانا بہت ضروری ہے

سوات (این این آئی) سوات یوتھ فٹ بال اکیڈمی کے ہیڈ کوچ محمد ایاز خان نے کہا ہے کہ سوات میں کھیلوں کے فروغ کیلئے اکیڈمیوں کا قیام عمل میں لانا بہت ضروری ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے ملک میں کھیلوں کے معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں اور حکومت تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے انعقاد کو یقینی بنائے تا کہ ملک میں کھیلوں کا نیا ٹیلنٹ سامنے آ سکے۔ ایک سوال کے جواب میں ایاز خان نے کہا کہ کسی بھی ملک کوئی بھی کھیل حکومتی اور سپانسر کی سرپرستی کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس کھیلوں کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور کھلاڑیوں کو انٹرنیشنل سطح کی سہولیات فراہم کی جائیں جس سے کھلاڑی عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کر سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹس کے زیادہ سے زیادہ انعقاد سے ملک میں کھیلوں کا معیار بہتر ہو سکتا ہے، انہوں نے کہا کہ جس ملک میں کھیلوں کے میدان آباد ہونگے وہاں کے ہسپتال ویران ہونگے اور حکومت کو کھیلوں پر توجہ دے تا کہ صحت کے بجٹ میں بھی کمی ہو جائیگی۔

کراچی، پی ایس ایل سیزن 6 کے حوالے سے ایف ٹی سی چورنگی پر ٹرافی کا ماڈل اور کھلاڑیوں کی قد آور تصاویر لگائی گئی ہے

پی ایس ایل کی میزبان ایرن اور کوئٹہ گلیڈی ایٹر کے بین کٹنگ نے شادی کر لی

کراچی (این این آئی) پی ایس ایل کے چھٹے ایڈیشن سے قبل لیگ کی پریزینٹر ایرن ہولینڈ نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز سے تعلق رکھنے والے کرکٹر بین کٹنگ سے شادی کر لی۔ آسٹریلیا سے تعلق رکھنے والی ایرن ماضی میں مس ورلڈ بھی رہ چکی ہیں، جوڑے نے ساحل پر منعقدہ شادی کی تقریب کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر شیئر کی ہیں۔ اس پرمسرت موقع پر کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے بھی جوڑے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ آل راؤنڈر نے 2 برس قبل ایرن سے منگنی کا اعلان کیا تھا تاہم کووِڈ 19 کی وجہ سے ان کی شادی 2 بار ملتوی ہوئی تاہم منگل کو دونوں شادی کے بندھن میں بندھ گئے۔ شادی کی تقریب کے بعد شام کو نوبیاہتا جوڑے کے لیے استقبالیہ تقریب بھی سجائی گئی۔

ناقص وکٹ پر فتح، ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں مکمل 3 پوائنٹس نہ مل سکیں

چنئی (این این آئی) بھارت نے انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں ریکارڈ مارجن سے فتح حاصل کی تاہم اس فتح کے باوجود شاید انہیں ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں اس کے مکمل 3 پوائنٹس نہ مل سکیں۔ چنئی میں کھیلے گئے اس ٹیسٹ میچ کی وکٹ پر پہلے دن سے ہی سوالات اٹھائے جا رہے ہیں اور کرکٹ برادری اس پر دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے کیونکہ بڑی تعداد میں سابق کرکٹرز اور ماہرین نے اس وکٹ کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ مذکورہ میچ کھیل کے چوتھے دن پہلے ہی سیشن میں ختم ہوگیا تھا اور اگر میچ ریفری اس پچ کو خراب قرار دیتے ہیں تو بھارت کی ٹیم آئی سی سی قوانین کے تحت تین پوائنٹس سے محروم ہو جائیگی جس سے اس کی ورلڈ چیمپئن شپ تک رسائی کے راستے مسدود ہو سکتے ہیں۔

ملتان سلطانز محمد رضوان کی قیادت میں ایک نئے آغاز کیلئے تیار

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے سیزن میں لیگ میچز کے اختتام پر ملتان سلطانز کی ٹیم 14 پوائنٹس کیساتھ ٹیبل پر سب سے اوپر تھی

لاہور (این این آئی) ملتان سلطانز محمد رضوان کی قیادت میں ایک نئے آغاز کیلئے بے چین ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملتان سلطانز محمد رضوان کی قیادت میں ایک نئے آغاز کیلئے بے چین ہے، ملتان سلطانز نے ایڈیشن 2020 میں تیسری پوزیشن، ایڈیشن 2019 میں پانچویں پوزیشن اور ایڈیشن 2018 میں پانچویں پوزیشن حاصل کی تھی، ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے سیزن میں لیگ میچز کے اختتام پر ملتان سلطانز کی ٹیم 14 پوائنٹس کیساتھ ٹیبل پر سب سے اوپر تھی لیکن کورونا وائرس کی عالمی وبا نے نہ صرف ایونٹ کو التواء کا شکار کیا بلکہ ملتان سلطانز کے لیے بھی اپنی کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھنا ممکن نہ رہا۔ نومبر میں کھیلے گئے ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے کوالیفائر میں ملتان سلطانز کو کراچی کنگز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن کے سبب انہیں دوسرا چانس ایلیمنیٹر کی صورت میں ملا تاہم وہاں بھی لاہور قلندرز نے ملتان سلطانز کو ہرا کر ایونٹ سے باہر کر دیا۔ گزشتہ سال ملتان سلطانز نے اپنے ہوم گراؤنڈ میں تین میچز کھیلے اور ان تینوں میچوں میں اسے کامیابی ملی تاہم اس مرتبہ ایونٹ کے تمام میچز کراچی اور لاہور میں کھیلے جائیں گے۔ لہٰذا ملتان سلطانز کو اس مرتبہ اپنے ہوم گراؤنڈ میں کھیلنے کا موقع نہیں ملے گا۔ ایڈیشن 2021 میں ملتان سلطانز کی قیادت ٹیم کے نئے کپتان وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان کے سپرد کر دی گئی ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے کوئٹہ آف روڈ بائیکرز بات چیت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان مکس مارشل آرٹس پلیئر احمد مجتبیٰ کے ساتھ باکسنگ پنچ بناتے ہوئے

بقیہ 1

متعلقہ اداروں کے سربراہان کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔توقع ہے کہ بلوچستان کے طلباء کو درپیش مشکلات کا بہت جلد پائیدار حل نکالا جائے گا۔یہ بات انہوں نے بدھ کے روز گورنر ہاوس کوئٹہ میں پشتونخوا میپ کے رکن صوبائی اسمبلی نصراللہ خان زیرے کی قیادت میں صوبہ بلوچستان کی میڈیکل سیٹوں پر منتخب ہونے والے طلباء پر مشتمل ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔رکن صوبائی اسمبلی نصراللہ خان زیرے نے گورنر کو طلباء کو درپیش مشکلات اور اس ضمن میں سینٹ اور صوبائی اسمبلی سے پاس ہونے والی قرارداد سے بھی آگاہ کیا۔ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے گورنر یاسین زئی نے وفد کو بتایا کہ پنجاب کے تعلیمی اداروں میں بلوچستان کے طلباء کو درپیش مشکلات سے صوبہ پنجاب اور وفاق کے متعلقہ اداروں کے سربراہان کو بھی آگاہ کیا اور اس بات پر یقین کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے طلباء کیلئے سکالرشپ کی بحالی، میڈیکل سیٹوں اور دیگر تعلیمی مسائل کے حل کیلئے کی گئیں کاوشوں کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

بقیہ 2

آئی نے مشترکہ طور پر عبدالقادر کو سپورٹ کیا تھا، یہ تاثر رہا ہے کہ بلوچستان میں سینیٹ کی نشستیں بکتی ہیں پہلی دفعہ ہوا ہے کہ ہم نے اپنی جماعت میں تجویز اور تائید کنندہ بھی محدود رکھے، یہ بھی مشہور تھا کہ فارم بھرنے کے بھی پیسے ملتے ہیں، اب ایسا نہیں ہوا، ہم چیزوں کو بہتری اور آگے کی طرف لیکر جارہے ہیں، انشاء اللہ آئندہ چیزیں شفاف انداز میں لیکر جائیں گے۔یہ بات انہوں نے بدھ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر پاکستان کے مکس مارشل آرٹ کھلاڑی احمد مجتبیٰ بھی موجود تھے۔وزیراعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان کی سیاست میں ایک عجیب لفظ پیراشوٹر آگیا ہے سینیٹ ایک مختلف پلیٹ فارم ہے اور ہر پارٹی اپنی اپنی نمائندگی ایوان بالا میں لاتی ہے اور ضروری نہیں کہ وہ اپنی نمائندگی کسی ایک صوبہ سے لائے، پاکستان تحریک انصاف، پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ (ن)، مسلم لیگ (ق) سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کی مثال لی جائے تو جہاں جہاں انہیں موقع ملا ہے وہ اپنے نمائندے لائے ہیں۔ بلوچستان عوامی پارٹی اس وقت اگر 24 نشستوں کیساتھ بلوچستان اسمبلی میں ہے تو ہوسکتا ہے آئندہ وقت میں پارٹی کی کارکردگی کسی دوسرے صوبے میں بہتر ہو اور یہاں سے ہماری سیٹیں کم ہوکر وہاں زیادہ ہوں اگر ہمیں اپنی پارٹی کے کسی عہدیدار کو سامنے لانا ہے تو ہوسکتا ہے اس کا تعلق کسی دوسرے صوبے سے بھی ہو، سیاسی پارٹیاں بہت سے معاملات کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلے کرتی ہیں، عبدالقادر 2004ء سے انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں اور بہت …

نے شرکت کی۔اجلاس کو ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی و ترقیات نے جاری اور نئی ترقیاتی اسکیمات، فنڈز کی اتھارائزیشن، 105 ترجیحی اسکیمات، پی ایس ڈی پی ٹائم لائن 2021-22، پی ایس ڈی پی سٹریٹجی 2021-22 اور دیگر متعلقہ امور پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کے تمام ترقیاتی اسکیمات کے پی سی ون کی تیاری سے قبل اسکیمات کے کانسپٹ پیپرز بنائے جائیں گے۔انہوں نے ضلعی پروفائل، گزشتہ اڑھائی سالوں کی ترقیاتی اسکیمات، وفاقی پی ایس ڈی پی اور جنوبی بلوچستان ترقیاتی پیکج سے متعلق اجلاس کو بریف کیا۔اجلاس کو چیف منسٹر ڈلیوری یونٹ کی جانب سے ترقیاتی اسکیمات کی بہتر ٹریکنگ اور مانیٹرنگ سے متعلق کثیرالجہتی ڈیٹا بیس سسٹم مرتب کرنے اور جامع حکمت عملی کے تحت ترقیاتی اسکیمات کی ڈیجیٹل بنیادوں پر مانیٹرنگ سے متعلق بریفنگ دی گئی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلی نے کہا کہ ہم نے گزشتہ ڈھائی سالوں کے دوران ترقیاتی عمل میں کسی بھی شعبے کو نظرانداز نہیں کیا اور ہمارا آئندہ بجٹ بھی جامع ہوگا۔عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے گا۔تمام ترقیاتی اسکیمات کے پی سی ون کی منظوری سے قبل کانسپٹ پیپرز کی تیاری ضروری ہوگی۔علاقوں کی ضروریات اور موزویت کے مطابق جامع پلاننگ کی جائے گی۔وزیراعلی نے ہدایت کی کہ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی بنیادوں پر ہر منصوبے کا ایک بارکوڈ ہو جو براہ راست محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات سے بھی منسلک ہوتا کہ آبادی اور ضروریات کی بنیادوں پر ترقیاتی اسکیمات کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے نظام کو بھرپور انداز سے فعال بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ بہتر مانیٹرنگ سے تعلیم، صحت اور مواصلات کا نظام زیادہ موثر اور مربوط ہوگا جس سے صوبے کی عوام کو سہولیات کی فراہمی بھی آسان ہوگی اور پائیدار ترقی کے اہداف کا حصول بھی ممکن ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ پروفائلنگ سے تحصیل اور میونسپلٹی کی سطح پر ترقیاتی منصوبوں کا نفاذ احسن انداز سے ہوسکے گا جس سے بالعموم صوبے کی عوام مستفید ہوگی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کا ہے اور بہتر حکمت عملی اور پلاننگ سے سوشو اکنامک بہتری آتی ہے صوبہ کا رقبہ یقیناً وسیع ہے لیکن اس وسعت میں بے پناہ وسائل پنہاں ہے وزیراعلی نے کہا کہ جب ہمارے پاس تحصیل اور یونین کی سطح پر ڈیٹا موجود ہوگا تو امور کی انجام دہی زیادہ سہل ہوگی۔انہوں نے ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ کو حکومتی اقدامات کو اجاگر کرنے کیلئے بھرپور آگاہی مہم شروع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی گزشتہ ڈھائی سالہ کارکردگی اور آٹومیشن سسٹم پر عوامی شعور اور آگہی کے لیے خصوصی ڈاکومینٹریز بنائی جائیں۔انہوں نے کہا کہ فیصلے ذاتی خواہشات کی بجائے دستیاب ڈیٹا پر مبنی …

مزید اضافہ ہوا۔

بقیہ 5

صوبائی وزراء میر عارف جان محمد حسنی، میر ضیاء اللہ لانگو، حاجی نور محمد دمڑ، وزیراعلی کے پرنسپل سیکرٹری زاہد سلیم، سیکرٹری کھیل عمران گچکی و دیگر حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعلی بلوچستان جام کمال نے نوجوان کھلاڑی کی انتھک محنت اور خاص طور پر یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر شاندار کامیابی کو سراہتے ہوئے کہا کہ احمد مجتبیٰ جیسے باصلاحیت نوجوان نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک کی اصل اور حقیقی شناخت ہیں۔وزیراعلیٰ نے ملک کا نام روشن کرنے پر احمد مجتبیٰ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نوجوانوں میں مثبت سرگرمیاں اجاگر کرنے کے لیے کھیل کے شعبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ مکس مارشل آرٹس کے فروغ کے لیے اکیڈمی کے قیام کے ساتھ ساتھ اس کھیل میں صوبہ کے ٹیلنٹ کو آگے کے لیے کیمپس لگانے کا اہتمام کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے بہترین انعقاد کے لیے صوبائی حکومت بھرپور اسپورٹس سے وابستہ نوجوانوں سے تعاون کا سلسلہ جاری رکھے گی اور ہر سطح پر معاونت فراہم کی جائے گی۔صوبہ بھر میں اس کھیل کے فروغ کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ احمد مجتبیٰ کی فتح بلوچستان کے لیے باعث فخر ہے۔اس موقع پر قومی ہیرو نے کوئٹہ پہنچنے پر شاندار استقبال پر وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کیا۔وزیراعلیٰ نے احمد مجتبیٰ کو لکڑی سے بنی ہوئی کشتی کا ماڈل بطور تحفہ دیا۔واضح رہے کہ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے مکس مارشل آرٹس پلیئر احمد مجتبیٰ نے ون چیمپئن شپ سنگاپور میں بھارتی حریف راہول راجو کو پہلے منٹ میں ہی ناک آؤٹ کر کے فتح حاصل کی تھی۔ لائٹ ویٹ کیٹیگری کے کھلاڑی احمد مجتبیٰ کامیابی حاصل کرنے کے بعد جب کوئٹہ ائیرپورٹ پہنچے تو صوبائی حکومت اور شہریوں نے قومی ہیرو کا پرتپاک استقبال کیا۔

بقیہ 6

ریاستوں میں اس سال موسم سرما ہلاکت خیز ثابت ہوا ہے، برفباری اور طوفان کے باعث ٹیکساس، کینٹکی اور مسوری میں 26 افراد ہلاک ہوگئے۔زیادہ تر ہلاکتیں برفباری کے باعث سڑکوں پر پھسلن سے ہونے والے ٹریفک حادثات میں ہوئیں 7 افراد سخت سردی کو برداشت نہ کرپائے اور …

ہے۔پاکستان کی پارلیمنٹ اور حکومت کے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے اسپیکر نے کہا کہ قومی اسمبلی میں پاک افغانستان پارلیمانی دوستی گروپ نے دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور تجارت کو مستحکم بنانے میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے سفارشات پر تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے کوویڈ 19 کے دوران دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے سرحدیں کھول رکھی۔انہوں نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ دوطرفہ اور ٹرانزٹ تجارت میں ٹیرف اور دیگر رکاوٹوں کو بھی دور کیا۔

گمشدہ افراد کے حوالے سے قانونی پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہے۔شیخ رشید احمد نے کہا کہ گمشدہ افراد کی جلد سے جلد بازیابی کے لئے تمام حکومتی وسائل استعمال کریں گے۔

بقیہ 31

کے مطابق امریکا میں تعینات اسرائیل کے سفیر گیلاد اردان نے کہا کہ ایران کو مذاکرات کے لیے راضی کرنے کا راستہ فوجی کارروائی کی دھمکی کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔اسرائیل کے آرمی ریڈیو سے گفتگو

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer(Building) Provincial B&R District Killa Saifullah invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2018 G.O.B amended up-to date from interested contractor / firm for the work list below:

S.No	Name of work	Estimated Cost	Call Deposit Amount	Tender Fee	Time Limit	TS No
	CHIEF MINISTER SCHOOL IMPROVEMENT DEVELOPMENT PROGRAMM FOR 200 MIDDLE SCHOOLS (CLUSTER).					
1	GBMS Kazha khudadzai PSDP No. 1316	Rs. 18.293 Million	Rs.,3,65,860/= in shape of Call Deposit	3000/-	30-06-2022	181843E
	CHIEF MINISTER INFRASTRUCTURE AND IMPROVEMENT DEVELOPMENT PROGRAMM FOR 100 HIGH SCHOOLS IN BALOCHISTAN					
2	GBHS Urgas PSDP No. 1315	Rs. 16.797 Million	Rs.,3,35,940/= in shape of Call Deposit	3000/-	30-06-2022	181844E

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules,2014.**BASIC ELIGIBILITY:** The contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council for the year 2021 in relevant required category with building code CE-01 & CE-10 in the relevant discipline and registration with tax authorities i.e (NTN and sales Tax Department), where applicable .**TERMS & CONDITION**:The undersigned has right to cancel the tender before opening dated or same date of the tender opening. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage – One Envelop Bidding Procedure.**BIDDING / TENDER DOCUMENTS**:**Issuance:** the contractor/firm having registered with PEC I aforementioned category in relevant discipline can obtain the bidding documents from the address mentioned below on production of green challan from for an amount of Rs. 3000/= (non refundable) deposited in the head of account C-02716 through Government Treasury / National Bank of Pakistan or can be downloaded from website of BPPRA, from the date of publication of this invitation in newspaper till one day prior to the last date of submission. The contractor / firm who obtain bidding documents by downloading from the BPPRA website will be also required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The documents if requested by mail will be promptly dispatched by registered mail for which cost of mail will be borne by the applicant, however, under no circumstances the procuring Agency will be held responsible for late delivery or loss of documents so mailed guarantee or deposit at call from scheduled Bank.**Dead Line of Submission:** The Bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on before **08-03-2021** at 01.00 PM.**Opening:** The tender documents will be opened on **08-03-2021** at 02.00 PM before procurement committee in the presence of contractor or their authorized representative / agents.**Place of Issuance and submission will be:**Address:Office of the Executive Engineer(Building) Provincial B&R District KillaSaifullah.Telephone No.0823-610614.E-Mail Address: xenkillasaifullah@gmail.com.

EXECUTIVE ENGINEER(Building)
Provincial B&R District
KillaSaifullah

PRQ No.2264/17.02.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

حکومت آئی ایم ایف کی بی ٹیم کا کردار ادا کر رہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

حکومتی معاشی پالیسی کی ملکی معیشت زبوں حالی کا شکار ہو رہی ہے، سابق اسپیکر

حکومت نے آئی ایم ایف کی شرائط پر من و عن عملدرآمد کر کے قرضہ بحال کروا لیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت نے آئی ایم ایف کی شرائط پر من و عن عملدرآمد کر کے قرضہ بحال کروالیا ہے لیکن اس کے غمیازہ عوام کو مہنگائی اور معاشی بدحالی کی صورت میں بھگتنا پڑیگا، حکومت آئی ایم ایف کی بی ٹیم کا کردار ادا کر رہی ہے حکومتی معاشی پالیسی کی ملکی معیشت زبوں حالی کا شکار ہو رہی ہے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کہتی تھی کہ وہ معیشت کو بہتر کریں گے اور قرضے نہیں لیں گے حکومت نے گزشتہ دو سالوں کے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

60 ہزار پودے لوگوں میں مفت تقسیم کریں گے، رمضان پلال

وزیراعظم پاکستان عمران خان کا عزم ہے کہ ملک بھر میں شجرکاری کر کے جنگلات کی کمی پر قابو پایا جائے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر شیرانی محمد رمضان پلال نے کہا ہے پلان فار پاکستان منصوبے کے تحت شیرانی میں شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ ہے 60 ہزار پودے لوگوں میں مفت تقسیم کریں گے اس سلسلے میں شیرانی میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اور دیگر نے بھی شرکت کی جبکہ تقریب سے ڈپٹی کمشنر شیرانی محمد

بقیہ 33 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بی این پی سیاسی کارکنوں اور نظریاتی و فکری لوگوں کی جماعت ہے، مہر اللہ الحسنی

دالبندین (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر رہنماء میر مہر اللہ الحسنی۔ مرکزی کونسلر محمد ہاشم لجئی اور داود بلوچ نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائد سردار اختر جان مینگل اور سینٹ کے انتخابات کے سلسلے میں قائم کی گئی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم کی تحریک کرپشن بچاؤ کی تحریک ہے، فاروق جمالی

ذاتی مفادات کی خاطر ملک میں انارکی پھیلانا دانش مندی ہرگز نہیں، صحافیوں سے گفتگو

اوستہ محمد (این این آئی) پی ڈی ایم کی تحریک کرپشن بچاؤ کی تحریک ہے ذاتی مفادات کی خاطر ملک میں انارکی پھیلانا دانش مندی ہرگز نہیں بلوچستان عوامی پارٹی خوشحال عوام و ترقی یافتہ بلوچستان کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ایم پی اے میر جان محمد خان جمالی کے فرزند معروف قبائلی شخصیت نوجوان سیاستدان

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار، اسپیشل اینٹی نارکوٹکس کی کارروائی، انٹرنیشنل منشیات آئس برآمد، ملزم گرفتار

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں اسپیشل اینٹی نارکوٹکس نے کارروائی کے دوران انٹرنیشنل منشیات آئس برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا ہے ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ نارکوٹکس محمد زمان کی خصوصی ہدایت پر اینٹی نارکوٹکس کی کارروائیاں جاری ہیں

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند سے دنیش کمار بات چیت کر رہے ہیں

ملکہ برطانیہ کے خاوند شہزادہ فلپ اسپتال میں داخل

لندن (این این آئی) برطانیہ کے شہزادہ فلپ کو ہسپتال میں داخل کر دیا گیا، 99 سالہ شہزادہ فلپ کو اسپتال میں داخل کرنے کا مشورہ ان کے ڈاکٹروں نے دیا تھا۔ عالمی میڈیا کے مطابق اس بات کا اعلان بکنگھم پیلس کی جانب سے کیا گیا، بکنگھم پیلس

بقیہ 32 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

درخت اور جنگلات اللہ تعالیٰ کے بیش بہا نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت ہیں، مراد علی بلوچ

درخت بارش اور بادلوں کو لانے طوفانوں کو روکنے درجہ حرارت کو معتدل رکھنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں

مستونگ (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مستونگ مراد علی بلوچ نے سنٹرل جیل مستونگ کا تفصیلی دورہ کیا۔ قیدیوں کے مسئلے مسائل سنے اور جیل میں شجرکاری مہم کے تحت پودا لگایا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل محمد سلیم ترین نے انہیں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر جوڈیشل مجسٹریٹ شابا ران مری، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل گل

بقیہ 37 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن سینیٹ الیکشن میں کرپشن اور کرپٹ پریکٹس روکنے کا طریقہ کار بنالیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سینیٹ الیکشن میں کرپشن اور کرپٹ پریکٹس روکنے کا طریقہ کار بنالیا۔ ذرائع کے مطابق سینیٹ کے انتخابات کے سلسلے میں کسی بھی پارٹی کے سربراہ، امیدوار اور ووٹر کو بیانِ حلفی دینا ہو

بقیہ 35 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کچرہ بردار ٹرک ڈرائیور جو کہ ہفتہ صفائی میں شب و روز محنت کرتے ہیں انکو اعزازیہ دیا جائے، حلیم کاسی

کسی بھی ناخوشگوار واقعہ پیش آنے سے پہلے شعبہ فائر بریگیڈ کے ملازمین کو مکمل آلات فراہم کیے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) میٹروپولیٹن ایمپلائز ایسوسی ایشن کوئٹہ کے صدر حلیم کاسی سمیت دیگر کابینہ کے ارکان نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کچرہ بردار ٹرک ڈرائیور جو کہ ہفتہ صفائی میں شب و روز محنت کرتے ہیں انکو اعزازیہ دیا جائے اور ٹائروں کا مسئلہ فوری طور پر حل کیا جائے انہوں نے کہا کہ شعبہ فائر بریگیڈ کے ملازمین جو کہ عرصہ دراز

بقیہ 38 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ہماری حکومت پورے پاکستان کو سبز پاکستان بنادے گی، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے 10 ارب درختوں کے سونامی کے تحت موسم بہار کی شجرکاری مہم 2021 اور پہلے میاں واکی شہری جنگل کا آغاز کر دیا اس سلسلے میں اسلام آباد میں منعقدہ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چاغی میں چوری ڈکیتی کے واقعات میں اضافے سے عوام میں خوف و ہراس

دالبندین (نامہ نگار) چاغی میں چوری ڈکیتی کے واقعات میں اضافے سے عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے اور شہری تشویش میں مبتلا ہوگئے ہیں، تحصیل چاغی آل پارٹیز چاغی میں گزشتہ روز واقعات میں دکاندار سے فیلڈر گاڑی، نقدی اور موبائل گن پوائنٹ پر لوٹنے کے واقعات انتہائی ناخوشگوار صورتحال کی نشاندہی کر رہا ہے آل پارٹیز تحصیل چاغی، آل پارٹیز چاغی کے رہنماوں جمعیت علماء □ اسلام چاغی کے رہنما، مولانا عبیداللہ

بقیہ 36 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی مشیر ملک نعیم بازئی اور رکن صوبائی اسمبلی اصغر اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

سبی شہر کے بازار میں ایک ہی ہفتے میں دوسری واردات رونما ہوئی

گزشتہ شب ڈاکو اسلحہ کے زور پر شارجہ چوک سے دوکاندار کو لوٹ کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

سبی (نمائندہ امروز) سبی شہر کے بازار میں ایک ہی ہفتے میں دوسری واردات رونما ہوئی۔ گزشتہ شب ڈاکو اسلحہ کے زور پر شارجہ چوک سے دوکاندار کو لوٹ کر فرار ہونے میں کامیاب ہو؟ جبکہ آج دن دیہاڑے ڈاکوؤں نے سبی بازار میں الکرم سپر اسٹور و پی سی او سے لاکھوں روپے اسلحہ کے زور پر لوٹ کر با آسانی فرار ہوگئے۔ صحبت سرا؟ چوک پر گزشتہ روز

بقیہ 6 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ضلع میں شجرکاری مہم بھرپور طریقے سے جاری ہے، محمد اعظم

آج کل کے ماحول کو مدنظر رکھتے ہوئے درختوں کی اہمیت بڑھ گئی ہے

کوہلو (نامہ نگار) ڈویژنل فوریسٹ آفیسر محمد اعظم نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام کے تحت ضلع میں رواں سال شجرکاری مہم بھرپور طریقے سے جاری ہے محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کی جانب سے خصوصی اقدامات کیے گئیں ہیں اور ہماری ٹارگٹ ہے کہ ضلع بھر میں رواں سال 35 ہزار سے زائد درخت لگائے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کیسکو اپنے صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے کوشاں ہے، ناصر مندوخیل

کیسکو اپنے صارفین کی شکایات کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، سپرنٹنڈنگ انجینئرز

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے زیر اہتمام صارفین کی شکایات کے ازالہ کیلئے آن لائن کچہری منعقد ہوئیں۔ اس سلسلے میں سپرنٹنڈنگ انجینئر سینٹرل سرکل کیسکو کوئٹہ ناصر مندوخیل اور کیسکو خضدار سرکل کے سپرنٹنڈنگ انجینئر نثار میمن نے اپنے متعلقہ دفاتر میں آن لائن کچہری میں صارفین کی شکایات ٹیلی فون پر براہ

بقیہ 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسپورٹس مین ہوں کھلاڑیوں کی قدر جانتا ہوں، سیکریٹری اسپورٹس

پہلے بھی ہیروز کی حوصلہ افزائی کیلئے بس اسٹینڈ، ریلوے اسٹیشنز اور ایئرپورٹ پر پہنچے ہیں، آصف لانگو

کوئٹہ (این این آئی) احمد مجتبیٰ جنہوں نے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے دن ہندوستانی کے باکسر کو ایک منٹ کے اندر ناک آؤٹ کر دیا نے آج اپنے آبائی علاقے کوئٹہ کا دورہ کیا۔ ایئرپورٹ پر محکمہ کھیل و امور نوجوانان بلوچستان کے ساتھ اولمپک ایسوسی ایشن، کک باکسنگ ایسوسی ایشن، میڈیا پرسن، سیاسی اور سماجی شخصیات کے ساتھ ساتھ سینکڑوں کی تعداد

بقیہ 10 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک میں بے روزگاری عروج پر ہے، جمعیت (س)

جمعیت علماء اسلام (س) ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، مفتی عبدالواحد

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) کے رہنماوں نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام (س) ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کر رہی ہے حکمرانوں کا ریاست مدینہ کا شوشہ چھوڑنا عوام کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے پاکستان کی بقاء و استحکام نظام مصطفیٰ میں مضمر ہے موجودہ انارکی لاقانونیت، فحاشی و عریانی کے اسباب اسلامی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پلان فار پاکستان منصوبے کے تحت شیرانی میں شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا

60 ہزار پودے لوگوں میں مفت تقسیم کریں گے، ڈپٹی کمشنر شیرانی محمد رمضان پلال

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر شیرانی محمد رمضان پلال نے کہا ہے پلان فار پاکستان منصوبے کے تحت شیرانی میں شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ ہے 60 ہزار پودے لوگوں میں مفت تقسیم کریں گے اس سلسلے میں شیرانی میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اور دیگر نے بھی شرکت کی جبکہ تقریب سے ڈپٹی کمشنر شیرانی محمد رمضان پلال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان عمران خان کا عزم ہے کہ ملک بھر میں

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی کے امیدوار اور ان کی کامیابی حلقوں کے عوام کی کامیابی ہے، علی مدد جتک

پیپلز پارٹی ملک کے غریب عوام کی خدمت اور ان کے مفادات کی حفاظت کے مشن پر سختی سے کاربند ہے اور رہے گی

ضمنی انتخابات کے بعد سینیٹ انتخابات میں بھی حکومت کو شکست فاش کا سامنا کرنا پڑیگا، صوبائی صدر پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے کہا ہے کہ تین حلقوں میں ضمنی انتخابات جیتنے کے بعد اپوزیشن اتحاد پی ڈی ایم سینیٹ انتخابات میں بھی بھرپور انداز میں کامیاب ہوگا، حکومت شکست در شکست کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہے حکومت کو اپوزیشن نہیں بلکہ حکومت خود ہی ختم کریگی۔ یہ بات انہوں یہاں جاری کردہ اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہی، انہوں نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں میر یوسف بلوچ اور جام شبیر علی خان کو ضمنی الیکشن جیتنے پر

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کیسکو نے عدم ادائیگی پر محکمہ پی ایچ ای کا کنکشن کاٹ دیا

دالبندین (نامہ نگار) کیسکو نے عدم ادائیگی پر محکمہ پی ایچ ای کا کنکشن کاٹ دیا۔ پورے شہر کو پانی کی سپلائی معطل عوام سراپا احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق نادہندگان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کیسکو نے محکمہ پی ایچ ای دالبندین کے بجلی کا کنکشن

بقیہ 4 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ترقیاتی منصوبے عوامی مسائل کو مدنظر رکھ کر دیئے جاتے ہیں، شیخ اعجاز

ہم عوام کے ٹیکسز سے تعمیر ہونے والے منصوبوں پر کوئی کمپرومائز نہیں کریں گے

نصیرآباد (خ ن) ایڈیشنل کمشنر نصیرآباد ڈویژن و ڈویژنل ڈائریکٹر ترقیات شیخ اعجاز احمد جعفر نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبے عوامی مسائل کو مدنظر رکھ کر دیئے جاتے ہیں تاکہ عوام ان حکومتی اقدامات سے صحیح معنوں میں استفادہ حاصل کر سکیں کام کا معیار اور پختگی عوام کے وسیع تر مفادات میں ہے اس پر کسی قسم کا سمجھوتا ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا ہم عوام

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے غیر قانونی پیٹرول پمپس کیخلاف کارروائیاں جاری

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے غیر قانونی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اسسٹنٹ کمشنر نے بائی پاس اور صحبت پور روڈ پر واقع مزید 10 پیٹرول پمپس کو سربمہر کر دیا ہے وزارت داخلہ کے واضح احکامات اور ڈپٹی کمشنر

بقیہ 5 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹرانسفر پوسٹنگ سروس کا حصہ ہے، محمد بلوچ

اچھی پوسٹنگ چھوڑنے کے بعد دکھ ہوتا ہے، ڈی پی او مستونگ

مستونگ (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مستونگ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ محمد بلوچ نے کہا ہے کہ ٹرانسفر پوسٹنگ سروس کا حصہ ہے، لیکن اچھی پوسٹنگ چھوڑنے کے بعد دکھ ہوتا ہے، لیکن مستونگ بطور ڈی پی او تعیناتی کے دوران میری اولین ترجیح اور کوشش رہی کہ عوام کی جان و مال کی تحفظ اور دیرپا قیام امن کی بحالی اور بغیر کسی سفارش و دباو کے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، برقی لائنوں کی مرمت، مختلف علاقوں کو بجلی کی سپلائی معطل رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں کے ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 18 فروری کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے ایئرپورٹ، انٹرنیکٹر، پی اے ایف، عالم

بقیہ 9 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

سی ٹی ڈی نے کارروائی کر کے کالعدم داعش کے 3 دہشتگردوں کو گرفتار کر کے اسلحہ و بارود برآمد کر لیا

مالاکنڈ (این این آئی) سی ٹی ڈی نے کارروائی کر کے کالعدم داعش کے 3 دہشت گردوں کو گرفتار کر کے اسلحہ و بارود برآمد کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کاؤنٹر ٹیرارزم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) اور سیکیورٹی فورسز نے مالاکنڈ ریجن کے علاقے جنگل

بقیہ 11 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شجر انسان دوست بھی ہیں، ڈاکٹر لیاقت علی رند

شجرکاری مہم کو کامیاب بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے

بولان (این این آئی) گرین پاکستان پلانٹ فار پاکستان کے تحت ضلع کچھی میں شجرکاری مہم کا سلسلہ جاری ہے گزشتہ روز ڈی ایچ او آفس کے احاطے میں ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر لیاقت علی رند، ڈی ایف او کچھی عبدالسلام ہنگورئی، ڈی ایس وی فضل باروزئی اور دیگر نے پودے لگائے اس موقع پر ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر لیاقت علی رند نے گفتگو کرتے ہوئے کہا

بقیہ 12 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جو حکمران بھی بلوچستان آتا ہے ناانصافی کر رہے ہیں، جماعت اسلامی

سینٹ الیکشن میں ممبران اسمبلی کی خرید و فروخت میں ملوث کرداروں کو بے نقاب اور انہیں ہمیشہ کیلئے نااہل کیے جائیں

آئی ایم ایف کے قرضوں کی منظوری پر شادیانے بجانے والے کسی قوم کو مستقل غلامی کی جال میں دیے رہے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے قرضوں کی منظوری پر شادیانے بجانے والے کسی قوم کو مستقل غلامی کی جال میں دیے رہے ہیں۔ یہی حکمران کہتے تھے کہ آئی ایم ایف کے قرضوں کے بجائے خودکشی کو ترجیح دیں گے۔ سودی مالیاتی اداروں کی شرائط پر بھاری سودی قرضے بدعنوان حکمران اور سودی اداروں کے اہلکار کھا جاتے ہیں جبکہ ادائیگی کیلئے قومی خزانہ پیش کیا جاتا ہے اکثر سابقہ و موجودہ حکمران بین الاقوامی مالیاتی اداروں و امریکہ کے اہلکار ثابت ہوئے ہیں

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

انتخابات اور سینیٹ الیکشن کو شفاف طریقے سے ہونا چاہیے، شبلی فراز

قوم جان گئی ہے اوپن بیلٹ پر الیکشن کی مخالفت کرنے والے کون ہیں، چاہتے ہیں آنے والے جنرل الیکشنز الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے ہوں

الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے اوورسیز پاکستانی حصہ لے سکیں گے، کوئی شک نہیں عوام مہنگائی سے پریشان ہیں، ملک مشکل حالات میں ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات شبلی فراز نے کہا ہے کہ عام انتخابات اور سینیٹ الیکشن کو شفاف طریقے سے ہونا چاہیے، وزیراعظم ایسا الیکشن چاہتے ہیں جس پر کوئی اعتراض نہ کرے، قوم جان گئی ہے اوپن بیلٹ پر الیکشن کی مخالفت کرنے والے کون ہیں، چاہتے ہیں آنے والے جنرل الیکشنز الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے ہوں، الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے اوورسیز پاکستانی حصہ لے سکیں گے، کوئی شک نہیں عوام مہنگائی سے پریشان ہیں، ملک مشکل حالات میں ہے، ہر شہری کو اس کی ترقی میں حصہ ڈالنا

بقیہ 40 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کو بجٹ 2021-2022 سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

شاہ محمود قریشی کی مصری صدر عبدالفتح السیسی سے ملاقات

دوطرفہ تعاون کے فروغ، خطے میں امن و امان کی صورتحال پر گفتگو

قاہرہ (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے قاہرہ میں مصر کے صدر عبدالفتح السیسی سے ملاقات جس میں دوطرفہ تعلقات، پاکستان اور مصر کے مابین مختلف شعبہ جات میں دوطرفہ تعاون کے فروغ، خطے میں امن و امان کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو وزیر خارجہ نے مصری صدر کے ساتھ وزیر اعظم

بقیہ 41 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ضمنی انتخابات کے نتائج نااہل حکمرانوں کے خلاف نوشتہ دیوار ہے، جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے ترجمان اسلم غوری نے کہا ہے کہ ضمنی انتخابات کے نتائج نااہل حکمرانوں کے خلاف نوشتہ دیوار ہے۔ اپنے بیان میں ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ پشین سے جے یو آئی کی کامیابی عوام کی کامیابی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمہ تعلقات عامہ پنجاب کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ

2 ڈی ایس این جی خریدنے کا فیصلہ، ڈی جی پی آر میں جدید اسٹوڈیو کے قیام کی منظوری

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے محکمہ تعلقات عامہ کی تنظیم نو کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ تعلقات عامہ پنجاب کی کارکردگی اور تنظیم نو کے پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ تعلقات عامہ

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

گوجرانوالہ، اسنوکر پر جوئے کا تنازع، 2 افراد جاں بحق، ایک زخمی

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ کے ایک اسنوکر کلب میں فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا، جھگڑا اسنوکر کے گیم پر لگے جوئے کی وجہ سے ہوا۔ پولیس کے مطابق واقعہ گوجرانوالہ کے علاقے دھلے میں پیش آیا جہاں پر

بقیہ 43 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال سے مکس مارشل آرٹس پلیئر احمد مجتبیٰ ملاقات کر رہے ہیں

شمالی وزیرستان، میر علی میں آپریشن میں 3 دہشتگرد مارے گئے

شمالی وزیرستان (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں آپریشن کیا ہے جس کے نتیجے میں 3 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن میں علیم

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ الیکشن میں شفافیت پیدا کرنا ضروری ہے

مریم نواز کا بیان توہین عدالت ہے، سینیٹر فیصل جاوید

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما و سینیٹر فیصل جاوید خان نے کہا ہے کہ مریم نواز کا بیان توہین عدالت ہے۔ رہنما تحریک انصاف فیصل جاوید خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹ الیکشن میں شفافیت پیدا کرنا ضروری ہے۔ فیصل جاوید خان نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان ہارس ٹریڈنگ کے خلاف ہیں جبکہ سب

بقیہ 47 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے سے رضا کارانہ طور پر ریٹائر ہونیوالا ملازم واجبات کے انتظار میں چل بسا

کراچی (این این آئی) قومی ایئر لائن پی آئی اے کی رضا کارانہ علیحدگی اسکیم کے تحت ملازمت چھوڑنے والا ملازم واجبات کے انتظار میں چل بسا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ملازم سلیم مسیح کو معاہدے کے مطابق واجبات نہیں دیے گئے، اس کی تنخواہ 2 ماہ پہلے ہی بند کر دی گئی تھی، یوں کچن کا

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ووٹ ہمیشہ کے لیے خفیہ نہیں رہ سکتا، جسٹس اعجاز الاحسن

سینٹ انتخابات ریفرنس، الیکشن کمیشن نے پوچھے گئے سوالات کا جواب نہیں دیا، سپریم کورٹ

آئین کے آرٹیکل 226 کے تحت سینیٹ انتخاب خفیہ رائے شماری سے ہوسکتے ہیں، الیکشن کمیشن کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سینیٹ انتخابات اوپن بیلٹ سے کرانے سے متعلق صدارتی ریفرنس کی سماعت کے دوران جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا ہے کہ ووٹ ہمیشہ کیلئے خفیہ نہیں رہ سکتا، الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے سوالات کا کوئی جواب نہیں دیا۔ بدھ کو چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ نے سینیٹ انتخابات سے متعلق صدارتی ریفرنس پر سماعت کی، اس دوران چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا و دیگر اراکین عدالت میں پیش ہوئے۔ 5 رکنی بینچ میں چیف جسٹس گلزار احمد کے ساتھ ساتھ جسٹس مشیر

بقیہ 17 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں کورونا سے مزید 56 افراد انتقال کر گئے، 1165 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں کورونا سے مزید 56 افراد انتقال کر گئے اور 1165 نئے کیسز بھی رپورٹ ہوئے ہیں۔ پاکستان میں کورونا کے اعداد و شمار بتانے والی ویب سا

بقیہ 20 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ایچ ای سی نے مائیکروسافٹ کیساتھ ایجوکیشن ٹرانسفارمیشن معاہدے کی تجدید کر دی

کووڈ پاکستان کے تعلیمی شعبے کیلئے چیلنج لایا لیکن مائیکروسافٹ کی مدد سے سرخرو ہوئے، ڈاکٹر طارق بنوری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی کیلئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے مائیکروسافٹ کیساتھ ایجوکیشن ٹرانسفارمیشن معاہدے کی تجدید کر دی، ایچ ای سی اور مائیکروسافٹ مل کر نئی ٹیکنالوجیز کا فائدہ اٹھانے میں تعلیمی اداروں کی مدد کریں گے۔ ای ٹی اے فریم ورک کے تحت مائیکروسافٹ یونیورسٹیوں کیساتھ درس و تدریسی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شیری رحمٰن کے کاغذاتِ نامزدگی پر اعتراض، پھر منظور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹ کی امیدوار شیری رحمٰن کے کاغذاتِ نامزدگی پر الیکشن کمیشن کے ریٹرننگ افسر نے پہلے اعتراض لگایا بعد میں انہیں منظور کر لیا۔ سینیٹ کے انتخابات

بقیہ 23 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن نے سینیٹ الیکشن کو متنازع بنا دیا ہے، راجہ پرویز اشرف

سینیٹ انتخابات، یوسف رضا گیلانی کی جیت یقینی ہے، مخالفین کے پسینے چھوٹ گئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق وزیراعظم راجا پرویز اشرف نے کہا ہے کہ سینیٹ انتخابات میں یوسف رضا گیلانی کے امیدوار بننے کے بعد مخالفین کے پسینے چھوٹ گئے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے دفتر کے باہر میڈیا پی ڈی ایم رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ نیئر بخاری نے الیکشن

بقیہ 19 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوسٹ گارڈز کی کارروائی، کروڑوں کی منشیات برآمد، 4 اسمگلرز گرفتار

کراچی (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز نے کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر کے 4 اسمگلروں کو گرفتار کر لیا۔ پاکستان کوسٹ گارڈز کے ترجمان کے مطابق

بقیہ 25 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بچوں میں کووڈ کا خطرہ بالغ افراد کے مقابلے میں 50 فیصد کم ہوتا ہے، تحقیق

20 سال سے کم عمر افراد میں اس بیماری کا خطرہ بالغ افراد کے مقابلے میں 50 فیصد تک کم ہوتا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بالغ افراد کے مقابلے میں بچوں میں کورونا وائرس سے ہونے والی بیماری کووڈ 19 کا خطرہ نمایاں حد تک کم ہوتا ہے۔ یہ بات ایک نئی طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ طبی جریدے پلوس میں شائع تحقیق میں بتایا گیا کہ 20 سال سے کم عمر افراد میں اس بیماری کا خطرہ بالغ افراد کے مقابلے میں 50 فیصد تک کم ہوتا ہے، یہ تو کورونا

بقیہ 26 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

400 ارب روپے کی چینی کھا کر دوسروں کو چور کہتے ہیں، مریم نواز

نوشہرہ میں پارٹی رہنما اختیار ولی کو نیب گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے، خطاب

نوشہرہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ حکمران 400 ارب روپے کی چینی کھا گئے پھر بھی دوسروں کو چور کہتے ہیں، نوشہرہ میں پارٹی رہنما اختیار ولی کو نیب گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے، ملک میں مہنگائی کا طوفان ہے اور روزگار اور معاشی ترقی کے سارے جھوٹے دعوے نکلے، وہ وقت جلد دور نہیں جب عوام

بقیہ 16 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

یوفون نے پاکستان میں ای سم سروس متعارف کرادی

ای سم پلیٹ فارم سے صارفین اپنے فونز یا ڈیوائسز میں متعدد سم کارڈ نمبروں کو حاصل کرسکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) یوفون نے پہلی بار پاکستان بھر میں ای سم سروس کو متعارف کرادیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یوفون نے اس مقصد کیلئے Giesecke+Devrient موبائل سکیورٹی (جی ڈی) سے شراکت داری کی ہے۔ ای سم پلیٹ فارم سے صارفین اپنے فونز یا ڈیوائسز میں متعدد سم کارڈ نمبروں کو حاصل کرسکیں

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم زینب الرٹ بل کے باوجود بچوں، خواتین کیخلاف جرائم پر اظہار افسوس

جنسی جرائم کے تدارک کے لیے موثر اقدامات اٹھائیں، عمران خان کی متعلقہ اداروں کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے زینب الرٹ بل کے باوجود بچوں، خواتین کے خلاف جرائم پر اظہار افسوس کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ جنسی جرائم کے تدارک کے لیے موثر اقدامات اٹھائیں۔ بدھ کو اجلاس سے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ عثمان بزدار سے اراکین پنجاب اسمبلی کی ملاقاتیں

خواتین اراکین اسمبلی کو ہمیشہ مشاورت میں شامل کیا ہے، عثمان بزدار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ سردار عثمان بزدار سے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے اراکین پنجاب اسمبلی نے ملاقاتیں کیں۔ وزیراعلیٰ سے ملاقات کرنے والوں میں سعدیہ سہیل رانا، سمیرا احمد، رشیدہ خانم، مہندر پال سنگھ، محمد نعیم ابراہیم، محمد

بقیہ 24 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جعلی راجکماری ایک بار پھر اداروں پر حملہ آور ہے، فردوس عاشق

اداروں کو متنازعہ بنا کر اپنا الو سیدھا کرنا انکے خاندان کا وطیرہ رہا ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی برائے اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ جعلی راجکماری ایک بار پھر اداروں پر حملہ آور ہے۔ اداروں کو متنازعہ بنا کر اپنا الو سیدھا کرنا جعلی راجکماری کے خاندان کا وطیرہ رہا ہے۔

بقیہ 28 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کووڈ 19 کے فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز ہماری ترجیح ہیں، اسد عمر

این سی او سی کی تمام ہیلتھ ورکرز کو ویکسینیشن کیلئے رجسٹریشن کروانیکی ہدایت

ان فرنٹ لائن ورکرز کے تحفظ کے لیے تمام کوششیں کی جائیں گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) نے تمام ہیلتھ ورکرز کو اپنے متعلقہ علاقوں اور مراکز میں خود کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے لیے رجسٹر کروانے کی ہدایت کی ہے۔ این سی او سی کے جاری کردہ بیان کے مطابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ کووڈ 19 کے فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز ہماری ترجیح ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان فرنٹ لائن ورکرز کے تحفظ کے لیے تمام کوششیں کی جائیں گی تاکہ اسی جذبے کے ساتھ قیمتی جانوں کو بچانے کے لیے کام کرسکیں۔ این سی او سی نے ملک کے مختلف حصوں

بقیہ 27 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، قبائلی رہنما حاجی دولت اچزئی و دیگر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سپریم کورٹ، الیکشن کمیشن، حکومت کو آئین میں ترمیم کا حق نہیں، شاہد خاقان

کسی چور دروازے سے آئین میں ترمیم کی کوشش بڑی زیادتی ہوگی، پی ڈی ایم اس کی مخالفت کریگی

اگر یوسف رضا گیلانی کے تجویز اور تائید کنندہ نہ ہوتے تو ان کے کاغذاتِ نامزدگی مسترد کر دیئے جاتے، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ، الیکشن کمیشن اور حکومت کو آئین میں ترمیم کا حق نہیں۔ اپوزیشن اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے رہنما اور سابق وزرائے اعظم پاکستان مسلم لیگ نون کے رہنما شاہد خاقان عباسی، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما راجہ پرویز اشرف اور یوسف رضا گیلانی نے الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کی۔ اس موقع پر سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ آئین میں ترمیم کا حق

بقیہ 48 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں